حج یا عمرہ کی سعادت حاصل کرنے جانے والے عازمین اور زیارتِ روضۂ رسول ﷺ کے لئے مدینہ منورہ جانے والے عاشقانِ رسول کے لئے بہترین تحفہ

اسم اعظم کا ورد، روحانی دم اور شفایاب ہونے والے 29 عدد مجرب وظائف پر مشتمل کتاب

شیخ الوظائف کے آنسو اور فریادیں

جو قارئین اس کتاب کو خرید کر پڑھنے کے بعد اس کے اندر دیئے گئے وظائف پر عمل کریں گے اور اسم اعظم کا ورد، روحانی دم اور شفایاب ہونے والے 29 عدد مجرب وظائف پر مشتمل کتاب شیخ الوظائف کے آنسو اور فریادیں کے صفحہ نمبر 6 پر دیئے گئے ایڈریس پر اپنا مکمل پتہ لکھ کر بھیجیں گے تو ان کے اس عمل کے بعد ہونے والے فوائد و ثمرات سے ہمیں آگاہ کریں گے۔ ان کے بعد ہونے والے فوائد و ثمرات کو شیخ الوظائف کے آنسو اور فریادیں کے اگلے ایڈیشن میں شامل کیا جائے گا۔ ان شاء اللہ

قیمت فی شمارہ 50 روپے

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

ماہنامہ عبقری لاہور ® 142

اپریل 2018ء رجب شعبان 1439 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

پرچم عبقری

رشتہ کی پکی گارنٹی! بس یہ وظیفہ پڑھ لیں!

ظلم کی چکی میں پستے جدید دور کے مظلوم شوہر!

صدیوں سے خواتین کے افزائش حسن و صحت کی ضامن غذائیں

15 شعبان کی پرنور شب شیخ الوظائف کے ہمراہ تسبیح خانہ لاہور میں گزاریئے (تفصیلات صفحہ نمبر 49)



سسکتی سلگتی خواہشات، زندگی بھر کی الجھنوں کا حل لاکھوں لوگوں کی پسند شیخ الوظائف کا حال دل اب کتابی صورت میں

★ سخت ترین ازدواجی بندش کے شکار 3 دن میں شفاء یاب
★ پندرہ شعبان المعظم! ہے کوئی مغفرت مانگنے والا؟
★ طاقت اور شباب کا ایسا زبردست نسخہ پھر کہیں نہ ملے گا
★ ڈاکٹروں نے بانجھ قرار دیا، اللہ نے گود بھر دی
★ آسان ٹوٹکہ! ٹینشن، ڈیپریشن سے نجات
★ جان لیجئے! آخر برکت کیوں اُٹھ گئی؟

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

★ محبت کی شادی اور میرے تجربات
★ پتھری صرف 7 دن میں یقینی ختم

صرف ایک دن حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی آمد
کراچی 6 مئی 2018 بروز اتوار دوپہر ایک بجے
صائمہ ٹریڈ اور بالمقابل جنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی

نیند سے محروم افراد گرما سردا و خربوزہ کھائیے!

مچھر بھگانے کے کامیاب طریقے

پراسرار عملیات، وظائف اور تعویذات کے راز اور کمال شیخ الوظائف سے سیکھنے کیلئے
عبقری روحانی کلاس فری
27 جنوری 2019ء بروز اتوار تسبیح خانہ لاہور میں ہوگی صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک اجازت عام

عبقری گروپ آف میڈیا
ماہنامہ عبقری ★ گھریلو الجھنیں میگزین ★ روزنامہ امنٹی کرپشن
اخبار عبقری ★ عبقری ویب چینل ★ عبقری سوشل میڈیا
Youtube.com/UbqariTasbeehKhana /ubqari
facebook.com/Ubqari www.ubqari.org
موبائل پر Follow Ubqari لکھ کر 40404 پر میسج کریں

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

رمضان کے مقدس لمحات شیخ الوظائف کے ہمراہ گزاریں

صحابہ کرام و اہل بیت و اولیاء کرام اور بزرگان دین رحمہم اللہ رمضان المبارک کی آمد سے پہلے ہی خود کو اور اپنے اوقات کو رمضان کے قیمتی لمحات کیلئے فارغ کر لیتے تھے۔ ان قیمتی گھڑیوں بابرکت لمحات اصلاح باطن تزکیہ نفس اور اپنی زندگی سنوارنے والوں کیلئے شیخ الوظائف کی صحبت اور زیر نگرانی تسبیح خانہ میں وقت گزارنے کا نادر موقع۔ مزید رمضان المبارک کا روحانی دسترخوان صبح و شام کے اعمال پورا مہینہ چند دن یا آخری عشرہ بھی قیام کی اجازت ہے۔ خواہشمند حضرات دفتر ماہنامہ عبقری میں رابطہ فرمائیں۔ نوٹ: حسب موسم بستر ہمراہ لائیں سحری اور افطاری کا مکمل انتظام ہوگا۔ چوبیس گھنٹے بلاتعطل بجلی پانی کی فراہمی ہوگی۔ پرسکون آرام دہ ماحول نوٹ: اصل شناختی کارڈ اور فوٹو کاپی لازمی ہمراہ لائیں۔

خصوصی دعوت برائے اساتذہ، پروفیسرز اور اسٹوڈنٹس

شیخ الوظائف کے ہمراہ اپنی چھٹیاں قیمتی بنائیں لاہور کے دل جیل روڈ پر وسیع و عریض تسبیح خانہ جدید میں تمام تر سہولیات سے آراستہ۔ آپ صرف حسب موسم بستر ہمراہ لائیں۔ رمضان المبارک میں اساتذہ، پروفیسرز، سٹوڈنٹس، تاجر ہر شعبہ زندگی کے افراد تسبیح خانہ میں قیام کر کے اپنی چھٹیوں کو قیمتی بنائیں۔ اپنی چھٹیوں کو غفلت اور سستی میں گزارنے کی بجائے تسبیح خانہ میں شیخ الوظائف کے زیر سایہ گزار کر قبولیت و مقبولیت کی مہر لگوائیں اور اپنی زندگی کو اعمال سے سنوارنے کے گر سیکھیں۔

نور شفا

موٹاپا، بواسیر، گنج پن، خون صفاء، چہرے کے داغ، زخم، امراض پیٹ، الرجی، جگر، یورک ایسڈ اصلاحی دردیں۔

(63 قسم کی بیماریوں کا علاج قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

صرف عشق اور محبت کرنے والے پڑھیں

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم پاکستان کی ہر بالی بچوں کی ... (blurred column text) ... تحفہ بھی قبول کیا جائے گا آپ کا بہت شکریہ! (ادارہ)

نقش آزمائیے! علم و حکمت ...	بیکار و بیروزگار افراد کیلئے روزگار کا نقش	خیر و برکت اور بے بہا دولت کیلئے سورۃ اخلاص کا نقش	پہلی بار پالیس انبیاء علیہم السلام کی تمام دعائیں باکمال نقش کی گئی ہیں	عبقری روحانی جنتری 2018ء میں کیا ہے؟
چند الفاظ! دشمن و حاسد! آپ کا محبوب اور خیر خواہ ہو جائے گا	مخفوظ عمل! بائیں ہتھیلی پر چند الفاظ لکھیں اور روزانہ چاٹ لیں	آزمودہ نقش! جہاں رکھیں وہاں برکت، صحت اور خیر	صرف یہ نقش دفن کر دیں جس کی چاہیں زبان بند اور زبان بندی کا طلسم	
قضائے حاجات کیلئے چودہ حروف	محبت، برکت بڑھانے اور چور، دشمن سے حفاظت کا نقش	درد سر کی بہترین جھاڑ پھونک ☆ کشائش رزق کیلئے عمدہ ترین نقش	صرف نقش لکھ کر جادو زدہ کو پلا دیجئے جادو ختم	
کسی کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنے کا انوکھا عمل	بیوی کی نگاہ میں قدر و منزلت بڑھانے کا عمل	بخار اور موٹاپے نیز توند کے علاج کیلئے نقش	پرسکون نیند کیلئے تکیہ کے نیچے رکھ لیں	
کسی کو اپنا مطیع بنانا اب کوئی مسئلہ نہیں	شریر جن اور آسیب کو ہلاک کرنے کا عمل	حضرت علیؓ کی دعا ☆ پریشانی کے وقت سرور کائنات ﷺ کا وظیفہ	سحر زدہ کو درج نقش صرف باندھ دیں شفاء پا جائے گا	
کامیابی آپ کے ہر پل قدم چومے! سورۂ فتح کا خاص تعویذ	صرف نقش لکھ کر پاس رکھیں اور جو چاہیں "حفظ" کر لیں	دنیا کا ہر مسئلہ حل، ہر خوشی حاصل اسم محمد ﷺ کا نقش	بندش والی عورت کو یہ نقش پلائیں ☆ نظر بد کو زائد کرنے کا انوکھا عمل	

قارئین! یہ صرف چند صفحات پر موجود نقشوں اور تعویذات کے فوائد ہیں باقی پوری جنتری کیا کیا انوکھے خزانے چھپے ہیں جن کو آزمانے سے آپ پورا سال ہر قسم کی پریشانی سے بچ سکتے ہیں تو ابھی اپنی کاپی بک کروائیے (قیمت صرف -/300 روپے علاوہ ڈاک خرچ)۔

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

فہرست مضامین

صفحہ نمبر	عنوان	صفحہ نمبر	عنوان
3	محبت کی شادی اور میرے تجربات	25	نفسیاتی گھریلو الجھنیں اور آزمودہ گھریلو علاج
4	آیئے اسکی خیر ٹوا ہی کا ذریعہ بن جائیں	26	سخت ترین از دواجی بندش کے فوراً 3 دن میں شفاء یاب
5	نئی کریم بیچنے والی دوشیزہ کا اڑ جانے والی آنکھوں سے دیکھنے والے	27	آپ کو یاد ہے میں نے آپ کا قلم چرایا تھا؟
6	جس نے ماں کا دودھ نہیں پیا وہ مکمل انسان نہ بنا!	28	وہ جن تین چوٹیوں کیساتھ میرے سامنے کھڑا تھا
7	غیر محرم سے دوستی بڑھانی بھی مگر مچھ نے موت بھیجی	29	سخت لاعلاج اڑانے والے کا عبرت ناک انجام
8	انجانے خوف کا شکار! چھٹکارے کا راز پائیں!	30	قارئین کے سوال' قارئین کے جواب
9	قبض کی گرفت سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا پانے کے نسخے	31	آپ کا خواب اور روشن تعبیر
10	پندرہ شعبان المعظم! ہے کوئی مغفرت مانگنے والا؟	32	جان لیجئے! آخر برکت کیوں اٹھ گئی؟
11	خواجہ عزیز الرحمن پانی پتی کے مستند روحانی وظائف	33	خواتین پوچھتی ہیں؟
12	نیند سے محروم افراد گرما سرد اور خربوزہ کھائیے!	34	پیاز کے فوائد پڑھیں! آپ کو سونے سے قیمتی لگے گا
13	روحانی بیماریوں کا روحانی علاج	35	قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں
14	طبی مشورے	37	دماغی امراض سے چھٹکارا پایئے اور ملٹھی کی نسوار بنائیں
15	میری زندگی کیسے بدلی؟	38	پاک بھارت جنگ کے ہیرو اسپیشل (ساتویں) قسط وار ایمان افروز داستان
16	ڈاکٹروں نے بانجھ قرار دیا اللہ نے گود بھر دی	39	جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار)
17	قلم کی چکی میں پستے دردبدیدہ کے مظلوم شوہر	41	ایک کی رائیں لگنے والے پریشان حال حضرات کیلئے
18	صدیوں سے خواتین کے اغوا شن دعوت کی ضامن دعائیں	42	نیند کیوں اڑ جاتی ہے! نیند لانے کے نسخے!
19	شیخ الوظائف کے علاج سے گھریلو الجھنیں کیسے ختم ہوئیں؟	43	شرک ایک گھناؤنا عمل
20	جو ہمیں کے ان کے بھی حوائج پوری فرمان لیجئے عام آئینگے!	44	عظیم سپہ سالار سلطان ٹیپو اور مذہبی رواداری
21	آپ کا سوال' حضرت علامہ لاہوتی کا جواب	45	قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے
22	کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے	47	محمد رسول اللہ نہ پڑھی تو یہ ہو چکی ہوتی!
23	ٹیپو کی تباہ کاری' گنجا سر اور پھر آسان ٹوٹکے سے گھنے بال	48	رمضان سے پہلے ہی تمام مہمان بخشوانے کا بھیجا آیا
24	سرکہ کے کرشمات اور محمد بن قاسمؒ	49	عبقری رسالہ' کتب' ادویات آپ کے شہر میں

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

عنقریب حسان اللہ فبای الاء ربکما تکذبن (القرآن)

حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ بخاری کی عبقری مہمان نواز جناب حکیم محمد سلمان پھلواری

حضرت مولانا محمد حکیم صدیقی مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پر اسراری

شمارہ نمبر 10 جلد نمبر 12 اپریل 2018 رجب شعبان 1439 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور اپریل 2018ء

مرکز روحانیت و امن کا ترجمان

ایڈیٹر شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت حکیم محمد خالد محمود چغتائی' محمد محسن انصاری' میاں محمد طارق' امتیاز حیدر' اعوان' راشد شمسی

قیمت فی شمارہ 50 روپے

سالانہ ممبرشپ رجسٹرڈ ڈاک 1080 روپے' بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان: کمزور سہاروں سے چمٹے رہنا بہت بڑی غلطی ہے' خاص طور پر ایسی صورت میں کہ آپ بالکل نئی اور نوزائیدہ مملکت کو دوست اور بے شمار اندرونی و بیرونی مسائل میں گھری ہوئی ہے ایسے موقع پر مملکت کے وسیع تر مفاد کو صوبائی یا مقامی یا ذاتی مفاد کے تابع کرنے کا ایک ہی مطلب ہے۔۔۔۔ خودکشی! (کوئٹہ میونسپلٹی کی استقبالیہ میں خطاب۔ 15 جون 1948)

شوکتِ شام و فرِ بغداد رفت	سطوتِ غرناطہ ہم از یاد رفت
تار ما از زخمہ اش لرزاں ہنوز	تازہ از تکبیر او ایماں ہنوز

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے' وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے' برتن' جوتے' فرنیچر' رضائیاں' اپنی زکوٰۃ' صدقات' عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے' یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں شکریہ!

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی' سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں' کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں' سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان براہ راست وصول کریں۔

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں' رسائل' ڈائجسٹ' میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں' ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں' وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک' ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت و امن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور

عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے

فون / فیکس 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803

E mail:contact@ubqari.org

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

رشتہ داروں سے بدسلوکی دنیا و آخرت میں نقصان کا ذریعہ: حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہر جمعرات کی رات میں تمام آدمیوں کے عمل اور عبادتیں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش ہوتی ہیں جو شخص اپنے رشتہ داروں سے بدسلوکی کرتا ہے اس کا کوئی عمل قبول نہیں ہوتا۔ (ترغیب و ترہیب)۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی عمر بڑھے اور اس کے رزق میں کشادگی ہو اور وہ بری موت نہ مرے تو اس کو لازم ہے کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے اور اپنے رشتے ناطے والوں سے اچھا سلوک کرتا رہے۔ (ترغیب و ترہیب)۔ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص صدقہ دیتا رہتا ہے اپنے رشتہ ناطے والوں سے اچھا سلوک کرتا رہتا ہے اس کی عمر خدا دراز کرتا ہے۔ اس کو بری طرح مرنے سے بچاتا ہے اس کی مصیبتوں اور آفتوں کو دور کرتا رہتا ہے۔ (ترغیب و ترہیب)۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: رحم خدا کی رحمت کی ایک شاخ ہے اس سے خدا نے فرمادیا ہے کہ جو تجھ سے رشتہ جوڑے گا اس سے میں بھی رشتہ ملاؤں گا جو تیرے رشتہ کو توڑ دے گا اس کے رشتہ کو میں بھی توڑ دوں گا۔ (بخاری)۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کی رحمت اس قوم پر نازل نہیں ہوتی جس میں ایسا شخص موجود ہو جو اپنے رشتے ناطوں کو توڑتا ہو۔ (شعب الایمان بیہقی)۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بغاوت اور قطع رحم سے بڑھ کر کوئی گناہ کا سبب نہیں کہ اس کی سزا دنیا میں فوراً دی جائے اور آخرت میں بھی اس پر عذاب ہو۔ (ترمذی ابوداؤد)

(ایڈیٹر کے نام سے)

حالِ دل

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

محبت کی شادی اور میرے تجربات

قارئین! ہر روز میرے پاس دکھی، دکھیارے، غم کے مارے انوکھے کیس آتے ہیں، میں سن سن کر عادی ہو گیا ہوں لیکن بعض اوقات میرا دل خود خون کے آنسو روتا ہے، جب ایک طرف ماں دوسری طرف باپ جو کہ جوانی کی دہلیزیں طے کر کے بڑھاپے میں اپنا قدم رکھ چکے ہوتے ہیں، ایک طرف بیٹی یا بیٹا جو کہ الہڑ جوانی میں اپنا قدم رکھ رہا، جذبات، جنون، خواہشات کا ایک گہرا سمندر اپنے اندر موجود، بس! ایک اصرار کر رہا کہ مجھے یہاں شادی کرنی ہے، ماں بے بس، باپ بھی لیکن بیٹی یا بیٹا خودکشی، گھر سے نکل جانا، کورٹ میرج، یا فساد مچنا اور گھر میں عزت اخلاق وقار کو پامال اور تار تار کرنا یا اس کی دھمکی، ایک انوکھا سماں ہوتا ہے وہ ماں جس نے ساری عمر سینے سے لگا کر اپنی اولاد کو پالا اور بچپن نہیں بلکہ شیر خوارگی سے ایک سچا جذبہ لے کر کہ میں اپنی بچی یا بیٹے کی شادی ان ارمانوں کے ساتھ کروں گی جب اسے اپنے سارے ارمان ٹوٹتے اور بکھرتے نظر آتے ہیں اور اس کے اندر سے کسی نے پوچھ کر نہیں دیکھا کہ وہ اور اس کا تن کتنا ٹکڑے ٹکڑے ہو چکا ہوتا ہے، میں نے ماں باپ کو ان حادثات اور واقعات میں شوگر، بلڈ پریشر، گھٹنوں، جوڑوں کا درد، نظر اور یادداشت کی کمی حتیٰ کہ گزشتہ دنوں لاہور کے پاگل خانے میں میرا وزٹ تھا، وہاں بڑے ڈاکٹر نے پاگلوں کے کیس میں جو اہم چیز مجھے بتائی کہ جائیداد کے مسائل، گھریلو الجھنیں اور اولاد کی نافرمانی اور خاص طور پر اپنی مرضی کی شادی کے واقعات پاگل خانے میں لانے کا بہت زیادہ ذریعہ ہیں۔ میں ایک بات اپنے درس میں اکثر کہا کرتا ہوں کہ دعائیں بھی تعاقب کرتی ہیں اور بددعائیں یعنی لعنت بھی تعاقب کرتی ہے، اپنی پسند کی شادی جس پر ماں باپ کو بہت زیادہ مجبور کر دیا جاتا ہے، اس کے بعد یقیناً ماں کی دعائیں ساتھ نہیں ہوتیں، بے بسی سے اپنی بیٹی کو رخصت کرتی ہے یا بے بسی سے رشتے پر ہاں کرتی ہے اور جس طرح باپ جو کہ ساری زندگی گھر کا حاکم اور حکمران رہا اپنی اولاد کے سامنے اپنی عزت اور وقار کی گردن کو جھکا دیتا ہے لیکن اس کے دل سے دعا تو نہیں نکلتی، آہیں ضرور نکلتی ہیں اور آہ بھی ایسی کہ دل کا انگ انگ ان آہوں کے سامنے بے بس ہو جاتا ہے اور جب یہ بددعائیں لے کر بیٹا اور بیٹی اپنی مرضی کی شادیاں کرتے ہیں پھر مجھ جیسے لوگوں کے سامنے ان کے کیس آتے ہیں یا پھر کورٹ کچہری اور عدالتوں میں جاتے ہیں اگر ایسا نہ بھی ہو تو ساری زندگی کشمکش، لڑائی، جھگڑے، پریشانی، دکھ تکالیف انہی چیزوں میں زندگی گزرتی ہے اور وہ اعلان تو نہیں کرتے لیکن ان کا اندر ایک اعلان اور واضح اعلان کرتا ہے کہ ہم نے پہلے دن ناکام زندگی کی بنیاد رکھی تھی اور ساری زندگی ناکامی ہمارا مقدر رہے اور کامیابی کے کسی ایک بھی کونے کو شاید ہم نہ چھو سکیں۔ قارئین! ان کے روتے سسکتے بچے، کسی کے گھر کھانا نہیں، کسی کو شوہر چھوڑ کر دوسری کی تلاش میں نکل گیا، کسی کو ماں باپ نے چھوڑ دیا اور کہا کہ ساری زندگی تیرا ہمارا جینا مرنا ختم ہے، کچھ اس طرح کے غمناک واقعات ہوتے ہیں جو معاشرے کو مسلسل توڑتے جا رہے ہیں، میرے پاس کئی خواتین ایسی آئیں کسی کے ساتھ بچہ، کسی کے ساتھ بچے کہ ہمیں محبت اور پیار میں شادی اور شادی کے بعد شوہر نے کچھ ہی عرصہ کے بعد یا کچھ سالوں کے بعد چھوڑ دیا اور تھک ہار کر یا میں غلط راہوں پر چل پڑی ہوں یا پھر در بدر کی ٹھوکریں کھا رہی ہوں۔ کسی کو ماں باپ قبول کر لیتے ہیں کسی کو ماں باپ قبول نہیں کرتے۔ کتنے قتل کے واقعات ایسے ہیں کہ لڑکی اپنے پیار کے ساتھ گھر کی دہلیز سے نکلی اس کو تلاش کرتے کرتے آخر غیرت کے نام پر اس کو قتل کر دیا۔ میں دکھیارہ ہوں، غم کا مارا ہوں میری پہلے دن سے آج کی نوجوان نسل سے درخواست ہے کہ ماں باپ کی دعائیں لے کر گھر سے اپنی زندگی یعنی ازدواجی زندگی کی ابتدا کرنا، لڑکا ہو یا لڑکی ماں باپ کے پیار کو لے کر چلنا، ان کی دعائیں اور ان کا خلوص اور وہ بیٹی جو چلتے ہوئے سر پر ہاتھ رکھ کہیں جا بیٹی رب تیرا وارث ہے اور بیٹے کی شادی کرتے ہوئے دن رات دعائیں کریں یا اللہ! اس بیٹے کو آنے والی زندگی میں ہمیشہ کی عزتیں، خوشیاں اور کامیابیاں عطا فرما۔

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

ہفتہ وار درس سے اخذ کردہ

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

روحانیت و امن

آیئے! کسی کی خیر خواہی کا ذریعہ بن جائیں

میرے آقا ﷺ کی ایک حدیث ہے کہ: دیانتدار تاجر قیامت کے دن انبیاء کرام اور صدیقین کے ساتھ ہوگا۔ نبیین، صدیقین، شہداء اور صالحین وہ انعام یافتہ چار قسم کے لوگ ہیں جو قرآن پاک میں بیان کئے گئے ہیں۔ ان چار لوگوں کے ساتھ سچا تاجر جو ہے وہ کھڑا ہوگا۔

علماء کا اپنے اولاد کو عجیب وصیت کرنا: حضرت شیخ رشید احمد رحمۃ اللہ علیہ کے بیٹے کا جب ختم قرآن ہوا تو کہنے لگے: بیٹا تو عالم بنے گا یا کچھ بھی بنے گا! لیکن مجھ سے ایک وعدہ کرلے کہ جب تک تو زندہ ہے قرآن پڑھ پڑھ کر ہدیہ کرتا رہے گا۔ حضرت مفتی محمد شفیع کے بڑے فرزند فرمانے لگے: میرے والد کو ان کے والد مولانا محمد یٰسین رحمۃ اللہ علیہ جب دنیا سے رخصت ہونے لگے تب ایک عجیب وصیت فرمائی کہ: ''محمد شفیع بھول تو سارے جاتے ہیں ذرا دیر سے بھولنا' بس ایک کام کرتے رہنا، مجھے روزانہ قرآن پڑھ کر ہدیہ ضرور بھیجتے رہنا'' میں اپنی کیفیات بتاتا ہوں میرے پاس کچھ نہیں ہے، میں جب بھی کھانا کھانے بیٹھتا ہوں مجھے وہ مکلی والے صاحب قبر (جن کا تفصیلی ذکر گزشتہ شمارے میں کیا گیا) یاد آنا شروع ہوجاتے ہیں تو پھر میں پڑھ پڑھ کر ان کو بخشتا رہتا ہوں۔ جب تنہائی میں بیٹھتا ہوں تو بس ایسے ہی یاد آنا شروع ہوجاتے ہیں' پھر ان کو پڑھ کر ہدیہ کرنا شروع کردیتا ہوں 'نہ وہ میرا رشتہ دار نہ وہ ان کے ساتھ میرا کوئی تعلق تھا۔

تسبیح و اعمال سے دین بھی دنیا بھی: ہم سب وطن عارضی سے وطن اصلی کے راہی ہیں۔ ہم سب وطن اصلی کی طرف جانے والے ہیں۔ ہم سب کا وطن وہی ہے۔ اس کا سامان پیدا کرنا ضروری ہے اور قبر ایک حقیقت ہے، نامہ اعمال کا ملنا، نامہ اعمال کا تلنا اور نامہ اعمال کا جھکنا یا کم ہونا یہ بھی ایک حقیقت ہے۔ بعض اوقات اللہ تعالیٰ کی نعمت کا شکر ادا کرتا ہوں اور آپ ساتھیوں کا بھی کہ یا اللہ تو نے ایسے کام پر لگا دیا کہ لوگ اعمال پر آرہے ہیں، چلو دنیا تو ملتی ہی ملتی ہے دنیا کے ملتے ملتے آخرت بھی سنور جاتی ہے۔ سورۂ کوثر کی شکل میں، سورۂ فاتحہ کی شکل میں، سورۂ المومنون کی آخری چار آیتوں کی شکل میں یا قرآن پاک کے کسی وظیفے کی شکل میں جو ہم وظیفہ اپنی کسی مشکل میں، اپنی کسی پریشانی میں، اپنی کسی الجھن کے لیے کرتے ہیں تو وہ اللہ پاک حل فرما ہی دیتے ہیں لیکن اس کے ساتھ یہ بھی تو دیکھیں کہ ایک آیت پڑھنے پر ہمیں کیا ملتا ہے؟ ایک حرف پر کیا ملتا ہے؟ ایک نقطے پر کیا ملتا ہے؟ اور قرآن کے ایک ایک لفظ پر کیا ملتا ہے؟ آخرت کا وہ سامان تو علیحدہ بن رہا ہے، نامہ اعمال کا وہ نظام تو علیحدہ تل رہا ہے وہ تو ایک علیحدہ سلسلہ چل پڑا اور پھر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اے اللہ تو نے ہمیں اس درس کے نام پر، عبقری کے نام پر ایک ایسی ترتیب دے دی ہے کہ ہم مخلوق تک خدا کی امانتیں پہنچا رہے ہیں۔ یہ درد نہیں رہے گا کہ سب کچھ قبر میں لے کر چلے گئے بلکہ جو تھا وہ سب کچھ اللہ کے بندوں تک پہنچا دیا۔ امانت سمجھ کر اللہ کے بندوں تک پہنچا دیا۔

مخلوق کی خدمت' سب سے بڑی عبادت: اللہ والو! ہم کسی کی خیر خواہی کا ذریعہ بن جائیں کسی کے لیے آسانیاں پیدا کرنے کا ذریعہ بن جائیں، کسی کی مشکلات ٹلوانے اور مشکلیں دور کروانے کا ہم ذریعے کے طور پر قبول ہو جائیں۔ ہم ذریعہ بن جائیں، ہماری مشکلیں حل ہوجائیں، ہماری پریشانیاں دور ہوجائیں، یہ ایک نیک جذبہ ہے کہ سرور کونین ﷺ کی اُمت کی مشکلات حل ہوجائیں، ان کی پریشانیاں دور ہوجائیں، ان کے الجھے ہوئے مسائل سلجھ جائے۔ اس میں بڑا فرق ہے کہ ایک ہے من کو لے کر چلنا، ایک ہے تن کو لے کر چلنا، اور ایک ہے سرور کونین ﷺ کی ساری اُمت کو، سارے عالم کے سارے انسانوں کو، خواہ وہ چھوٹے ہوں یا بڑے' خواہ وہ مسلمان ہیں یا غیر مسلم، خواہ وہ شیعہ ہوں یا سنی، بریلوی ہوں یا دیوبندی کوئی بھی ہو سارے ہی ہمارے ہیں، سارے اپنے ہیں، وہ سارے ہمارے کشکول کا حصہ ہیں۔

مال کو نہیں، اعمال کو تلاش کریں: اُمت کے سارے طبقات کو لے کر چلنا، اُمت کے ایک ایک فرد کا غم وفکر کرنا ہے۔ ایک ایک فرد کا درد رکھنا اور ایک ایک فرد کا احساس کرنا۔ جیسے کہ میں اعمال کے بارے میں آپ حضرات کی خدمت میں جو عرض کرتا ہوں' وہ اس لیے کہتا ہوں کہ ہماری زندگی کا رُخ بدلے، ہماری سوچوں کا رخ بدلے، ہمارے جذبوں کا رخ بدلے اور یہ بدلاؤ اعمال سے ہوتا ہوا نظر آئے پھر اعمال سے پانے کی جستجو بڑھ جائے گی، اپنے مسائل کو حل کرانے کیلئے، ہم اعمال کا دروازہ کھٹکھٹائیں، ہم مال کی تلاش نہ کریں، ہم اعمال کی تلاش کریں۔ اپنے مسائل کو حل کرانے کے لیے کونسا عمل میری ضرورت ہے جس کو میں کروں اور میری مشکل ٹل جائے، میری مشکل حل ہوجائے اور میری پریشانی دور ہو جائے۔ ہمارا یہ جذبہ بڑھتا چلا جائے۔ یہ درد ہمارے اندر اٹھتا چلا جائے۔

تسبیح خانہ کے دیئے ہوئے اعمال کی عام اجازت: مجھ سے اکثر میرے احباب پوچھتے ہیں کہ: ''جتنے اعمال آپ ہمیں بتاتے ہیں ہم اوروں کو بتا سکتے ہیں؟'' میں کہتا ہوں: میں تو بتاتا ہی اس لیے ہوں کہ آپ اوروں کو بتائیں۔ پوچھتے ہیں ''اس کی اجازت ہے؟'' میں کہتا ہوں کہ میں بتاتا ہی اس لیے ہوں کہ اجازت ہے اوروں کو بھی بتائیں۔ میرے بتائے ہوئے ہر عمل کی عام اجازت ہے۔ (جاری ہے)

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے
خطبات عبقری کا مطالعہ کریں

اب میں ایک سرکاری سکول میں ٹیچر ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سمجھ نہیں آرہی کہ خط کا آغاز کیسے' کہاں سے اور کن الفاظ سے کروں۔ اصل بات یہی ہے کہ میں دو یا تین سال پہلے آپ کے درس میں شرکت کیلئے تسبیح خانہ لاہور میں آیا' درس میں بہت سکون قلب محسوس ہوا' محسوس ہوا کہ یہاں کچھ ہے' تسبیح خانہ کے اندر کوئی اور ہی دنیا ہے جو میری دنیا سے الگ ہے' یہاں آکر محسوس ہوا کہ میری زندگی میں کہیں کوئی نہ کوئی کمی ضرور ہے' میری زندگی میں خلا تھا جو یہاں آکر پورا ہوا۔ یوں تسبیح خانہ میری زندگی کا حصہ بن گیا۔ میری زندگی میں بہت نشیب فراز آئے' میں ڈگمگا رہا تھا' ڈر تھا کہ میں بھی زندگی میں ناکام نہ ہوجاؤں' نماز پہلے بھی پڑھتا تھا مگر اس نماز کے پیچھے وجہ کچھ اور ہوتی تھی' امتحان میں کامیابی' نوکری' صحت' دولت بعض اوقات دعا میں (اللہ مجھے معاف کرے) اللہ سے شکوہ بھی کر بیٹھتا۔ مگر جب سے تسبیح خانہ میں درس سننا شروع کیا ہے تمام راستے سیدھے ہونا شروع ہوگئے ہیں' اب میں ایک سکول ٹیچر ہوں اور میرا گریڈ 9 ہے' میں اسی میں خوش ہوں۔ پریشانیاں ضرور آتی ہیں مگر ان کا حل بھی جلد نکل آتا ہے۔ بس اللہ مجھے دین پر ثابت قدم رکھے۔ فرائض میں سستی سے بچائے۔ آمین۔ (ج۔ق)

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232
Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

(محمد عثمان)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا کا اثر جاگتی آنکھوں سے دیکھنے والے

سیرت پاک کا مطالعہ کرنے اور حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی پاکیزہ زندگیوں کی تفصیل سامنے آنے سے یہ حقیقت عیاں ہوجاتی ہے کہ سرکار دو عالم ﷺ جس انسان پر نگاہ ڈال دیتے ہیں یا جس کے حق میں دعائیہ کلمات آپ ﷺ کی زبان مبارک سے نکل جاتے ہیں تو اس کی زندگی میں باری تعالیٰ ایسی برکتوں کو نازل فرماتے ہیں کہ جس کا وہم و گمان اور تصور نہیں کیا جاسکتا۔ حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا ارشاد فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ حضور نبی کریم ﷺ ہمارے گھر تشریف لائے ہم نے آپ ﷺ کی خدمت میں کچھ کھجوریں اور گھی پیش کیا جناب رسول اللہ ﷺ نے تناول فرمایا اور اس کے بعد گھر کے ایک کونہ میں مصلی بچھا کر نماز پڑھنے میں مشغول ہوگئے اور نماز کے بعد آپ ﷺ نے اہل خانہ کے لئے دعا فرمائی' اُم سلیم رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اپنے بیٹے ''انس'' کو لے کر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! یہ میرا بیٹا ہے اور آپ ﷺ کا خادم ہے اس کے حق میں دعا فرمادیجئے حضرت محمد مجتبیٰ و مرتضیٰ ﷺ نے فوراً دعا فرمائی: اَللّٰھُمَّ اَرْزُقْهُ مَالًا وَّوَلَدًا وَّبَارِكْ فِيْهِ (صحیح البخاری: 1982)۔ یہ تین دعائیں آپ ﷺ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے سلسلے میں اپنی زبان مبارک سے ادا فرمائیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی زندگی میں پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعاؤں کی قبولیت کے بڑے نمایاں آثار دیکھے اللہ تعالیٰ نے مالی اعتبار سے اتنی فراخی اور وسعت عطا فرمائی کہ قبیلہ انصار میں مجھ سے زیادہ مال دار اور صاحب ثروت کوئی دوسرا نہیں تھا اور فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کی دعا کی برکت سے میرے باغ میں سال میں 2 مرتبہ پھل آیا کرتے تھے جبکہ عام لوگوں کے باغات میں سال میں ایک ہی مرتبہ آتے تھے اور جہاں تک اولاد میں برکت کا تعلق ہے فرمایا کرتے تھے کہ اللہ نے اولاد میں اتنی برکت عطا فرمائی کہ اب تک 12 سے زائد اپنی اولاد کو دفن کر چکا ہوں۔ جناب رسول کریم حضرت محمد ﷺ کی ان دعاؤں کی برکت سے مال میں بھی غیر معمولی برکت ہوئی اولاد میں بھی اور عمر میں بھی۔

اونٹ تیز رفتار ہوگیا: اسی طرح حضرت جابر رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ میں ایک سفر سے واپس آرہا تھا نبی کریم ﷺ بھی ساتھ تھے میرا اونٹ تھک گیا اور اتنا تھک گیا کہ وہ چلنے کی بھی ہمت نہیں رکھتا تھا فرماتے ہیں' میرا جی چاہا کہ اس اونٹ کو چھوڑ دوں اور کسی دوسری سواری کا انتظام کروں تاکہ قافلہ کے ساتھ چل کر اپنی منزل تک پہنچ سکوں' نبی کریم ﷺ نے دیکھا کہ میں پریشان ہوں' پوچھا کہ جابر کیا وجہ ہے؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ ایسی صورت حال ہے' اونٹ لاغر اور کمزور ہوگیا ہے چلنے کی سکت اور ہمت اس کے اندر نہیں جناب رسول اللہ محمد ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں اور پھر حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے اونٹ کے پیچھے گئے اور آپ ﷺ نے دعا فرمائی۔

سیدنا حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کا دعا فرمانا تھا کہ قافلہ میں سب سے تیز رفتار میرا اونٹ ہوگیا جواب تک لاغر ہونے کی وجہ سے چلنے کی سکت نہیں رکھتا تھا آپ کی دعا کی برکت سے اس کے اندر روانی اور تیز رفتاری آگئی (سنن النسائی 4651)۔

لاعلاج مریض شفایاب ہوگیا: حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ کو ان کے والد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں لے کر گئے اور عرض کیا کہ یارسول اللہ محمد ﷺ! میرے اس بیٹے کے حق میں دعا فرمادیجئے حضور نبی کریم ﷺ نے ان کے لئے دعا کے کلمات ارشاد فرمائے' اللہ تعالیٰ تمہاری زندگی میں برکت عطا فرمائے عمل میں برکت عطا فرمائے' حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کی اس دعا کا نتیجہ یہ ہوا کہ اللہ نے میرے ہاتھ میں یہ تاثیر پیدا فرمادی کہ لاعلاج مریض پر بھی اگر میں اپنا ہاتھ رکھ دیا کرتا تھا تو اللہ تعالیٰ اسے بھی شفا عطا فرمادیا کرتے تھے' فرماتے تھے کہ بعض ایسے مریض آئے کہ جن کا جسم متورم ہوگیا تھا اور کوئی دوا ان کے لئے کارگر نہیں ہورہی تھی میں نے ان کے جسم پر ہاتھ رکھا فوراً ان کا ورم دور ہوگیا۔ (مسند احمد 20941' ص 1498)۔ اس طرح کے واقعات سیرت طیبہ میں اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگی میں کثرت کے ساتھ ملتے ہیں جن کے لئے آپ ﷺ کی زبان مبارک سے دعائیہ کلمات نکل گئے دنیا و آخرت میں کامیابی ان کا مقدر بن گئی اور اگلے ہی لمحے انہوں نے پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا کا اثر اور نتیجہ بھی دیکھا۔

دل کی دنیا بدل گئی: حضرت ابو محذورہ رضی اللہ عنہ مشہور مؤذن ہیں پیغمبر ﷺ نے ان کو مسجد حرام کا مؤذن متعین کردیا تھا اور ایک عجیب واقعہ ان کے ساتھ پیش آیا نبی کریم ﷺ غزوۂ حنین سے واپس آرہے تھے راستہ میں ایک جگہ قافلہ کا پڑاؤ ہوا' نماز کا وقت آیا تو اذان دی گئی جب اذان ہوئی تو بچوں نے اذان کی نقل اتارنی شروع کردی' آپ ﷺ کو علم ہوا کہ اس طرح کچھ نوعمر بچے ہیں جو اذان کی نقل اتار رہے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے سب کو بلوایا پیغمبر ﷺ نے ایک ایک کر کے سب سے اذان کے کلمات سنے آپ ﷺ نے محسوس کیا کہ سب سے بلند آواز ان میں ابو محذورہ رضی اللہ عنہ کی ہے بقیہ کو آپ ﷺ نے چھوڑ دیا اور ابو محذورہ رضی اللہ عنہ کو روک لیا اور جناب رسول اللہ محمد ﷺ نے ان سے فرمایا کہ تم اذان کے کلمات اپنی زبان سے ادا کرو۔ چنانچہ انہوں نے دباؤ میں آکر اذان کے کلمات ادا کر لئے۔ شروع کے کلمات تو انہوں نے آسانی کے ساتھ ادا کر لیے کیونکہ ان میں اللہ کی کبریائی اور بڑائی کو بیان کیا گیا ہے لیکن جب اگلا جملہ آیا ''اشھدُ ان لا الہ الا اللہُ'' تو ابو محذورہ رضی اللہ عنہ کے دل میں چونکہ ابھی ایمان کا نور نہیں آیا تھا اس لئے ان کلمات کو ادا کرنے کی اندر سے ان کی طبیعت اجازت نہیں دے رہی تھی آپ ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دباؤ میں وہ کلمات کیوں نہ دہراتے' مجبور تھے اس لئے جب اشھدُ ان لا الہ الا اللہُ اشھدُ ان محمدا رسولُ اللہ حضرت ابو محذورہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جناب محمد ﷺ کا میری پیشانی پر ہاتھ رکھنا تھا اور اپنی زبان سے کچھ ادا کرنا تھا۔ میں نے اپنے دل کو بالکل تبدیل محسوس کیا اب تک جو دل ان کلمات کو زبان سے ادا کرنے کی اجازت نہیں دے رہا تھا نبی کریم ﷺ کی اس توجہ کا یہ نتیجہ ہوا کہ مجھے ان کلمات کی ادائیگی میں شرح صدر ہوگیا اور اللہ نے مجھے پیغمبر ﷺ کے دامن سے وابستہ کردیا آپ ﷺ کا غلام بن گیا ایمان دل کے اندر اتر گیا اب بڑی بلند آواز سے انہوں نے اشھدُ ان لا الہ الا اللہ کہا اور حضرت ابو محذورہ رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ اس واقعہ سے پہلے پیغمبر ﷺ کی شخصیت میری نگاہ میں نہایت ناپسندیدہ تھی لیکن سرکار دو عالم ﷺ کی اس توجہ کا یہ اثر ہوا کہ اس واقعہ کے بعد آپ ﷺ سے زیادہ محبوب شخصیت اس روئے زمین پر دوسری نہ تھی پھر جب اذان دے دی تو آپ ﷺ نے ان سے فرمایا کہ جاؤ اللہ تعالیٰ کے گھر میں جاکر اذان دو وہاں پر اذان دینا تمہاری ذمہ داری ہے تو آپ ﷺ کی ایک توجہ اور ایک دعا نے ابو محذورہ رضی اللہ عنہ کے دل کی دنیا بدل دی اور فرش سے عرش پر ان کو پہنچادیا اور پھر جناب رسول اللہ محمد ﷺ سے (باقی صفحہ نمبر 49)

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

جس نے ماں کا دودھ نہیں پیا وہ مکمل انسان نہ بنا!

ماریہ علی کراچی

جدید طبی سائنس یہ بات ثابت کر چکی ہے کہ جن بچوں کو ماؤں کی بجائے ڈبوں کا دودھ پلایا جاتا ہے وہ ذہنی طور پر انسانی اوصاف سے محروم ہو جاتے، ان میں حساسیت بڑھ جاتی اور بیماریاں ان پر جلد حملہ آور ہوتی ہیں۔

ماں کائنات اور قدرت کا ایسا عظیم رشتہ ہے جو کسی بھی مخلوق میں موجود ہو تو ممتا کے تقاضے پورے کرتی ہوئی اپنے بچے اور اپنی نسل کی بقا اور نگہداشت کا فرض ادا کرتی ہے۔ انسان تو اس لئے افضل ہے کہ اس کے اندر کائنات کی ساری قوتیں موجود ہیں اور یہ ساری قوتیں اسے ماں کے بطن سے ہی حاصل ہو جاتی ہیں۔ ماں بچے کی کوکھ میں خون سے پرورش کرتی ہے اور پھر جب بچہ دنیا میں آتا ہے تو قدرت کی عطا کردہ نعمت اس کی خوراک کا بندوبست کرتی ہے۔ ماں جب اپنے بچے کو دودھ پلاتی ہے تو اس میں انسانی جبلتوں کے سوتے جاگتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جن ماؤں نے اپنے بچے کو دودھ پلاتے ہوئے پوری مادرانہ شفقت سے کام لیا ان کے بچے جوان ہو کر انسانوں کے لئے نعمت اور رحمت ثابت ہوئے اور جن ماؤں نے اپنے بچوں کو ڈبے کے دودھ پر لگا دیا وہ ایک انسان کے مکمل خواص سے محروم ہو گیا۔ آج ہم جس دور میں رہ رہے ہیں اس عہد کے انسانوں کو جن اخلاقی گراوٹوں اور بیماریوں کا سامنا ہے اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ اس دنیا پر ایسے لوگوں کا راج ہے جنہوں نے ماؤں کا دودھ نہیں پیا اور وہ دوسرے انسانوں کا احترام کرنا نہیں جانتے۔ ان میں جانوروں کی جبلتیں نمایاں ہیں۔ اس لئے کہ وہ ڈبہ بند دودھ پی کر جوان ہوئے۔ جدید طبی سائنس یہ بات ثابت کر چکی ہے کہ جن بچوں کو ماؤں کی بجائے ڈبوں کا دودھ پلایا جاتا ہے وہ ذہنی طور پر انسانی اوصاف سے محروم ہو جاتے، ان میں حساسیت بڑھ جاتی اور بیماریاں ان پر جلد حملہ آور ہوتی ہیں۔ اس تناظر میں دیکھا جائے تو یہ بات غلط نہیں ہوگی۔ ہماری دنیا میں جسمانی و روحانی بیماریوں اور قدروں کی پامالی اس بات کا ثبوت بھی ہے۔ جدید تحقیق نے بچوں کی بہترین ذہنی و جسمانی پرورش کے لئے ماں کا دودھ لازمی قرار دیا ہے مگر ہمارے ہاں فیشن زدہ ماؤں کے پاس بچے کو اپنا دودھ پلانے کے کئی عذر موجود ہیں۔ کچھ مائیں یہ موقف اختیار کرتی ہیں کہ ان کی چھاتیوں میں دودھ کم ہے جو بچے کو بھرپور غذا نہیں دے سکتا، یا پھر وہ کسی بیماری میں مبتلا ہیں اس لئے بچے کو دودھ نہیں پلا تیں کہیں بچہ بھی اس کا شکار نہ ہو جائے۔ کئی مائیں تو ایسی ہیں جو محض فیشن کی وجہ سے بچوں کو دودھ نہیں پلانا چاہتیں۔

دودھ نہ پلانے کی دیگر وجوہات کے علاوہ جن ماؤں کو دودھ میں کمی کی شکایت ہو ان کے لئے یہاں چند جڑی بوٹیاں تجویز کی جا رہی ہیں جو اپنے طبی خواص کی بدولت ان کا دودھ بڑھا سکتی ہیں۔ **جل کمبھی:** بچوں کو دودھ پلانے والی ماؤں کو جہاں اضافی اور متوازن غذاؤں کی ضرورت ہوتی ہے وہاں جل کمبھی جیسی غذاؤں کی ضرورت ہوتی ہے جل کمبھی جڑی بوٹی نہایت مفید ہے۔ اس میں اضافی غذائیت ہوتی ہے۔ جل کمبھی پانی کا موسمی پودا ہے۔ اسے آبی شاہی بھی کہا جاتا ہے۔ اس میں تمام ضروری وٹامنز اکالائیڈز پائے جاتے ہیں اس پودے میں فولاد کا خزانہ پوشیدہ ہے۔ جل کمبھی ٹھنڈی تاثیر کی حامل اور مقوی معدہ ہے۔ دودھ میں اضافہ کے لئے جل کمبھی کے بیجوں کو دودھ میں ابال کر اس میں چینی یا شکر ملا کر پتلا دلیہ بنا کر کھایا جائے تو پھر غذائیت حاصل ہوتی ہے۔ تحقیق کے مطابق ایسی خواتین جو اسقاط حمل سے گزر چکی ہوں ان کے لئے یہ دلیہ توانائی کا باعث بنتا ہے۔ **دھتورہ:** یہ ایک خودرو جھاڑی نما پودا ہے۔ ہندوؤں سے مقدس پودے کی حیثیت دیتے اور اسے اپنے دیوتا شیو سے منسوب کر کے شیو مندروں میں لگاتے ہیں۔ بھارت میں ویدلوگ دھتورہ کو قے آور اور مقوی ادویات میں شامل کرتے ہیں۔ امریکہ اور یورپ میں دھتورہ کے پتوں کے سگریٹ عام بکتے ہیں۔ تحقیق کے مطابق یہ سگریٹ دمہ کے لئے مفید قرار دیئے گئے ہیں۔ صدیوں پہلے اطبا دمہ کے مریضوں کو دھتورہ کے بیج چلم میں رکھ کر پلاتے تھے گویا امریکہ یورپ میں دھتورہ کے سگریٹ بنانے کی تحریک دراصل طب یونانی سے ہی ملی ہے۔ دھتورہ کے جہاں بہت سے فوائد ہیں وہاں ایسی خواتین بھی اسے استعمال کر سکتی ہیں جن کی چھاتیوں میں دودھ رکنے لگے۔ اس کے علاوہ ایسی خواتین جن کے نوزائیدہ بچے فوت ہو جائیں اور ان کی چھاتیوں میں دودھ جمع ہو کر مسئلہ پیدا کر دے تو دھتورہ کے پتے گرم کر کے چھاتیوں پر باندھنے سے دودھ درد اور تکلیف کے بغیر ختم ہو جاتا ہے۔ یہ عمل دو تین بار کرنا کافی ہوتا ہے۔ **زیرہ:** زیرہ گھریلو استعمال کی عام نباتاتی دوا ہے جو غذا کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ یہ تھائی مول کے حصول کا بہترین ذریعہ ہے۔ زیرہ کے جوشاندہ میں دودھ اور شہد ملا کر پینے سے حاملہ خواتین کی نہ صرف چھاتیوں کی افزائش ہوتی ہے بلکہ اگر وہ حمل کے پورے عرصہ میں روزانہ ایک بار یہ نسخہ استعمال کریں تو رحم مادر میں بچے کی نشوونما بہتر ہو جاتی ہے اور زچگی میں آسانی بھی رہتی ہے۔ **حرمل:** اس کے بیجوں میں ہر مالین، پرمول جیسے الکالائیڈز پائے جاتے ہیں۔ حرمل اعصابی اور دماغی نظام کو متحرک کرتی، مصفیٔ خون، مقوی اور بیکٹیریا کو ہلاک کرنے کی خصوصیات رکھتی ہے۔ بچوں کو دودھ پلانے والی ماؤں کو حرمل کے بیجوں کا استعمال کرایا جائے تو ان کے دودھ کی مقدار اور اخراج میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ واضح رہے کہ حرمل حیض اور حیض کی بے قاعدگی دور کرنے میں بھی مفید ہے۔ اس میں نشہ آور اجزا بھی پائے جاتے ہیں۔ اس لئے حرمل کو کسی ماہر طبیب کے مشورہ کے بغیر اور زائد مقدار میں استعمال نہ کرنا چاہیے۔ ورنہ اس کے مضر اور زہریلے اثرات اعصاب پر ضعف طاری کر دیتے ہیں۔ اس کے بیجوں کی انتہائی معمولی مقدار کا جوشاندہ بنا کر پیا جاتا ہے۔ **میتھی:** اس میں زبردست قسم کی طبی خصوصیات پائی جاتی ہیں۔ میتھی کا باقاعدہ استعمال جسم کو صحت مند بناتا ہے۔ اسے نظام ہضم کی اصلاح اور خون کی کمی دور کرنے کے لئے تو استعمال کیا ہی جاتا ہے اس کے علاوہ اگر اس کے بیجوں کو گھی میں بھون کر پیس کر گندم اور چینی کے ساتھ ملا کر محلول بنا لیا جائے تو زچگی کے بعد زچہ کی جسمانی قوت بڑھانے میں کارآمد غذا اور دوا ثابت ہوتی ہے۔ اس کی تھوڑی سی مقدار روزانہ کھائی جاتی ہے۔ میتھی کے بیجوں کا پتلا دلیہ دودھ پلانے والی ماؤں کو کھلایا جائے تو ان کے دودھ کی مقدار میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ **مدھوکا:** اسے مکھن پیڑ بھی کہا جاتا ہے۔ اس کی چھال قابض اور مقوی ہوتی ہے مگر بلغمی اور ریاحی مواد کو خارج کرنے میں مدد دیتی ہے۔ اگر اس کے پھول دودھ پلانے والی خواتین کو کھلائے جائیں تو ان کے دودھ کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔ **لال دودھی:** یورپ میں ایلو پیتھک ادویہ میں اس طرح استعمال ہو رہی ہے کہ اس سے ایک کارآمد الکوحل کشید کیا جاتا ہے۔ لال دودھی موسمی پودا ہے جس کے پتے رطوبتیں خشک کرنے اور تشنج کے دورے روکنے کے لئے موثر ہیں۔ مگر اپنے متنوع استعمال کی وجہ سے ایسی خواتین جن کا دودھ کم اترتا ہو اور بچے بھوکے رہ جاتے ہوں ان کیلئے یہ جڑی بوٹی بہت مفید ثابت ہو سکتی ہے۔ کیونکہ اس کے استعمال سے دودھ بڑھ جاتا ہے۔ بچے کو دودھ پلانے والی ماؤں کے لئے دودھ اور دودھ سے بنی اشیاء کے علاوہ دودھ میں شہد ملا کر پینا بھی نہایت مفید ہے لیکن دودھ کا کثرت سے استعمال ایسی ماؤں کو موٹاپے سے دوچار کر دیتا ہے جس کی وجہ سے وہ دودھ پینے سے گریز کرتی ہیں۔ نباتاتی طریقے سے دودھ بڑھانے سے موٹاپا نہیں ہوتا چونکہ یہ علاج زیادہ مستعمل نہیں ہے۔ لہٰذا خواتین کو چاہیے کہ وہ ”خود علاجی“ کی بجائے کسی معالج سے رہنمائی کے بعد ہی اپنی طبیعت کے مطابق ایسی غذائیں کھائیں جو ان کے دودھ کی بڑھوتری میں معاون ثابت ہوں۔

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

غیر محرم سے دوستی بڑھائی بھٹکی مگر وظیفہ نے عزت بچادی

محمد فاران ارشد بھٹی مظفر گڑھ

قارئین! آیئے! ہم اپنے معاشرے میں نگاہ دوڑانے سے پہلے اپنے گھر میں نگاہ دوڑائیں اور دیکھیں کہ ہم نے ''نام نہاد آزادی'' کے نام پر اپنے گھر سے شریعت کو تو نہیں رخصت کر دیا اور ہماری دین سے دوری کی وجہ سے کوئی نئی شرمیلا تو جنم نہیں لے رہی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! درج ذیل واقعہ میں نے کہیں سے پڑھا نہیں بلکہ یہ ایک سچا آنکھوں دیکھا واقعہ ہے جو میری خالہ جان کی ایک کولیگ کی بیٹی کا ہے۔ یہ واقعہ ایک تحریر کی شکل میں قارئین عبقری کی نذر کرتی ہوں کہ کیسے قرآن کریم کی برکت سے ایک نوجوان لڑکی کی عزت و آبرو محفوظ رہی اور درندہ صفت شخص قانون کی گرفت میں آ گیا۔

بے شک جب بھی کسی لڑکی نے شرعی حدود سے تجاوز کیا اسے ہمیشہ نقصان ہی اٹھانا پڑا۔ قارئین سچا واقعہ پڑھیے اور سوچیے کہ ہمارا معاشرہ کن راہوں پر چل رہا ہے:۔

چلو شرمیلا ہم کورٹ میرج کر لیتے ہیں۔ عابد نے کہا۔ لیکن کیوں؟ ہم کورٹ میرج کیوں کریں؟ تم اپنے والدین کو میرے رشتے کے لئے بھیجو، کچھ عرصہ بات چیت چلے گی، جب تک میری تعلیم بھی مکمل ہو جائے گی۔ تمہاری اچھی شخصیت ہے' ایڈووکیٹ ہو' میرے والد راضی ہو جائیں گے۔ عابد یہ بات سن کر بولا: شاید وہ نہ مانیں اس لئے ہم نکاح کر لیتے ہیں پھر وہ بخوشی مان جائیں گے۔ نہیں ہرگز نہیں! شرمیلا نے کہا ایسا کام تو میں کبھی بھی نہیں کروں گی جس میں میری' میرے والدین اور خاندان بھر کی بدنامی ہو۔ عابد بولا: اچھا چلو سوچوں گا' اپنے والد صاحب سے بات کروں گا۔ قارئین! شرمیلا کی عابد سے چند مہینے پہلے کچہری میں ملاقات ہوئی تھی۔ جب وہ اپنی ایک سہیلی کے ساتھ کسی وکیل سے مشورے کے لئے آئی تھی' اس سہیلی کا اپنے خاوند سے جھگڑا چل رہا تھا بچوں کے خرچ وغیرہ لینے کے سلسلے میں اسے وکیل سے رابطہ کرنا پڑا۔ شرمیلا کو بھی وہ اپنے ساتھ لیتی آئی۔ وہیں اس کی وکیل کے ایک دوست عابد سے ملاقات ہوئی اور یہ ملاقات نام نہاد دوستی میں بدل گئی۔ چند ایک دفعہ ملنے کے بعد ان کے مراسم گہرے ہو گئے۔ عابد نے اس کو شادی کی پیش کش کر دی۔ شرمیلا نے اصول کی بات کی کہ تمہارے والدین رشتہ لے کر آئیں گے تب ہی رشتہ ہوگا۔ عابد والدین کو بھیجنے کے معاملے میں تو ٹال مٹول کر جاتا لیکن اسے خفیہ نکاح کرنے اور کورٹ میرج کرنے کا مشورہ دیتا رہا جسے شرمیلا نے مسترد کر دیا۔ شرمیلا نے جب عابد پر زور دیا کہ تم رشتہ بھجواؤ میں تمہارے حق میں سٹینڈ لوں گی۔ میرے والد صاحب مجھ سے بہت محبت کرتے ہیں' یقیناً میری خواہش کا احترام کریں گے تم اچھے مشہور وکیل ہو' تمہارا مستقبل روشن ہے۔ اپنی بیٹی کے لئے والدین کی یہی تو خواہش ہوتی ہے۔ لڑکا پڑھا لکھا اور کماؤ ہو شکل و صورت میں بھی ہزاروں میں نہیں تو سینکڑوں سے خوبصورت ہو۔ جب شرمیلا نے دباؤ ڈالا تو چند دن کے بعد عابد نے کہا کہ میرے والد صاحب نہیں مانتے۔ ان کی خواہش ہے میں ان کی بھتیجی سے شادی کروں' میں سخت مجبور ہوں اب یہی ایک راستہ ہے ہم کورٹ میرج کر لیں پھر میرے والد ہمیں اپنانے کے لئے مجبور ہو جائیں گے۔ شرمیلا ایک شریف خاندان کی شریف بچی تھی۔ مغربی کلچر میں پلنے سے تھوڑی آزاد خیال ضرور ہو گئی تھی مگر اتنا بڑا قدم اٹھانے کے لئے وہ قطعاً تیار نہیں تھی۔ شرمیلا اپنے بھولے پن سے عابد کو مجبور سمجھ رہی تھی اور چاہتی تھی کہ کچھ ایسا ہو جائے کہ عابد کے والد صاحب مان جائیں اس نے اپنی امی کی ایک دوست کو اپنا راز دار بنا کر اپنا مسئلہ پیش کیا۔ انہوں نے اسے ایک آزمودہ وظیفہ بتایا اس کو پڑھو انشاء اللہ تیرے مسئلے کا حل نکل آئے گا اللہ تیرے حق میں بہتری کرے گا۔ وظیفہ درج ذیل ہے: ''گیارہ دن کا وظیفہ ہے، گیارہ دن روزانہ گیارہ مرتبہ سورۃ یٰسین پڑھو، اول و آخر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھنا ہے۔'' شرمیلا نے خوب لگن سے وظیفہ شروع کر دیا، خداوند کریم سے تہہ دل سے دعا بھی مانگی، خداوند تو بہتر کرنے والا ہے۔ گیارہویں دن وظیفہ ختم ہو گیا۔ بارہویں دن صبح اٹھ کر حسب معمول نماز وغیرہ سے فارغ ہو کر شرمیلا نے حسب عادت اخبار کو مطالعے کے لئے اٹھایا اس کی سرخیاں پڑھنی شروع کیں، درمیانے صفحے پر نمایاں طور پر چھپی ہوئی ایک خبر کو دیکھ کر اور پڑھ کر اس پر سکتہ طاری ہو گیا۔ ملزم عابد فراڈ کیس میں گرفتار، عابد ایک مشہور وکیل کا محض منشی نوکر ہے لیکن سوٹڈ بوٹڈ رہتا ہے اور اپنا تعارف بطور ایڈووکیٹ کرواتا ہے کافی لڑکیوں سے اس کے غلط مراسم ہیں، ملزم تین بچوں کا باپ اور شادی شدہ ہے لیکن اپنے آپ کو کنوارا ظاہر کرتا ہے۔ اس کا اصلی نام امیر بخش ہے۔ بڑے بڑے وکیلوں کا ٹاؤٹ ہے۔ اب ایک فراڈ کیس میں پکڑا گیا ہے۔ سارے پول کھل رہے ہیں۔ خبر کے ساتھ ہی اس کی تصویر بھی تھی۔ شرمیلا دل پکڑ کر بیٹھ گئی' اسی وقت وضو کیا شکرانے کے نفل پڑھے، یہ سب اس وظیفے کی کرامات تھی کہ دودھ کا دودھ پانی کا پانی ہو گیا۔ وہ فراڈیے سے بچ گئی اور آئندہ سے کسی بھی غیر مرد سے دوستی اور مراسم بڑھانے سے سچی توبہ کر لی۔

روحانی ڈائجسٹ

روزگار کا راز

جو وظائف آپ نے عنایت فرمائے تھے اس کی تفصیل اس طرح ہے: بندش کے لئے آپ کے وظائف تھے۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ (5 لاکھ تک پڑھ چکا ہوں) ٭ سورۃ الفاتحہ کا عمل ٭ گوشت کا صدقہ ٭ درس کا سنناان وظائف کو میں نے دل و جان اور یقین کے ساتھ کیا ہے اور اثرات بھی محسوس کر رہا ہوں اٹھک بیٹھک والی نماز تو میں پہلے بھی پڑھتا تھا لیکن اب نماز دھیان اور توجہ سے پڑھنے لگا ہوں لیکن حضرت نسبت کی برکت ہے اور آپ کی توجہ کی عنایت ہے۔ حضرت اب میں وہ وظائف تحریر کر رہا ہوں جو میں 25 سال سے وقتاً فوقتاً کرتا آ رہا ہوں۔ سوائے شدید مجبوری کے میں نے ان کو کیا ہے۔ آیا میں ان کو کروں یا چھوڑ دوں۔ یہ سن 1988ء کی بات ہے۔ ''شہاب نامہ'' کے آخری باب چھوٹی منہ بڑی بات میں نے واقعہ پڑھا کہ کس طرح قدرت اللہ شہاب کو سلوک کے راستے پر چلنے میں دشواری تھی روایتی طریقے سے قسمت مہربان ہو گئی۔ اس نے دو چار نفل سیدۃ النسا جگر گوشہ رسول ﷺ کی روح مبارک کو بخش دیئے یوں شہاب صاحب سلسلہ اویسیہ میں داخل ہو گئے اور سلوک کی منازل طے کیں (پورا واقعہ شہاب نامہ کتاب میں تفصیل سے درج ہے) جب یہ واقعہ میں نے پڑھا اس وقت میں بے روزگار تھا اور مجھے روزگار کی اشد ضرورت تھی کیونکہ میرے گھر کے معاشی حالات بہت ہی خراب تھے۔ میں نے بھی ویسا ہی کیا چند نفل پڑھے۔ سیدۃ النسا رضی اللہ عنہ کی روح مبارک کو بخشے اور حضور پاک ﷺ کی روح مبارک کو بھی۔ میرا تعلیمی ریکارڈ شاندار نہیں تھا اور انٹرویو بھی میرا بڑا خراب ہوا تھا لیکن جب نتیجہ نکلا تو میں بحیثیت لیکچرار سلیکٹ ہو گیا۔ یہ سب اللہ کا کرم اور کملی والے کا فیضان تھا۔ تقریباً 25 سال ہو گئے ہیں میں ہر رات عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت جس کے ہر رکعت میں 11 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھتا ہوں اور سیدۃ النسا کی روح مبارک کو بخش دیتا ہوں۔ اس طرح دو دو رکعت کی نیت سے دس رکعت جس کی ہر رکعت میں سورۃ توبہ کی آخری آیت پڑھتا ہوں اور رسول پاک ﷺ کی روح مبارک کو بخش دیتا ہوں اور درمیان میں بیٹھ کر 100 مرتبہ درود شریف بھی پڑھتا ہوں' نماز فجر سے پہلے طلوع فجر کے وقت 200 مرتبہ درود قادریہ 100 مرتبہ، سبحان و بحمدہ اور 129 مرتبہ سورۃ الکوثر (2013ء) میں شروع کیا ہے۔ (عرفان اللہ' لاہور)

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

انجانے خوف کا شکار! چھٹکارے کا راز پالیں!

فیض آباد، پنڈی

خوف وہراس کا حملہ جس طرح عموماً چند منٹوں میں شدت اختیار کرلیتا ہے اسی طرح چند منٹ یا گھنٹے ڈیڑھ میں خود ہی دور ہوجاتا ہے اور انسان خود کو نارمل محسوس کرنے لگتا ہے۔ یہ کہیں بھی اور کسی بھی وقت ظاہر ہوسکتا ہے اور بعض اوقات آپ خود گھبراہٹ کی اصل وجہ تلاش کرنے سے قاصر رہتے ہیں۔

عام طور پر عدم تحفظ کا احساس، غیر یقینی صورت حال اور بے بسی جیسی کیفیات خوف اور گھبراہٹ کو جنم دیتی ہیں لیکن بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ آپ سوچتے ہیں کہ دنیا کا خاتمہ ہونے والا ہے اور آپ بھی دنیا کے ساتھ فنا ہوجائیں گے یا پھر ممکن ہے دل کا دورہ آپ کی اچانک موت کا سبب بن جائے یا کوئی اور حادثہ آپ کی زندگی کا خاتمہ کردے۔ ایسا بھی ممکن ہے کہ آپ کمرے میں آرام سے بیٹھے ہوں یا کسی دوست سے گفتگو کررہے ہوں اور خوف آپ پر اچانک حملہ کردے۔ آپ کو ایسا محسوس ہو جیسے دل کی دھڑکن ڈوبتی جارہی ہے آپ کے ہاتھوں پر پسینہ آجائے اور آنکھوں کے سامنے دھند چھا جائے۔ آپ سخت قسم کی گھبراہٹ اور خوف کا شکار ہوجائیں۔ آپ چاہنے کے باوجود وہاں سے اٹھ نہ سکیں اور آپ کو ایسا لگے کہ آپ ساکت ہوگئے ہیں اس قسم کی کیفیت انتہائی بے چینی خوف و ہراس اور گھبراہٹ کی عکاسی کرتی ہے ہم نے دیکھا یہ ہے کہ ماہرین اس ضمن میں کیا کہتے ہیں۔ آخر اس گھبراہٹ خوف اور بے چینی کی اصل وجہ کیا ہے؟ ماہرین کی رائے میں ایسی کیفیات کے پیچھے بیشتر پوشیدہ محرکات ہوتے ہیں جن کا تعلق انسان کی ذات سے بہت گہرا ہوتا ہے جب آپ کسی مشکل صورت حال سے دو چار ہوتے ہیں تو اس کا حل سوچتے ہیں لیکن جب مسئلے کا کوئی حل سمجھائی نہیں دیتا اور آپ خود کو حالات کے سامنے شدید بے بس خیال کرتے ہیں ایسی صورت حال میں خوف اور گھبراہٹ چاروں طرف سے گھیر لیتی ہے اس کے علاوہ جب ہمیں کسی جذباتی صدمے کا پیشگی احساس ہوجائے تو بھی خوف ہمیں گھیر لیتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر آپ کو کہیں انٹرویو کے لئے جانا ہے ایسے میں ناکامی کا احساس آپ کو خوف میں مبتلا کرسکتا ہے اسی طرح کسی پیارعزیز کی موت کا پیشگی احساس آپ کو خوفزدہ کرسکتا ہے۔ ماہرین کے مطابق جب آپ پریشانی کا مقابلہ نہیں کرسکتے تو خوف کا شکار ہو جاتے ہیں جس کی چند نفسیاتی وجوہات ہیں۔

ہمارے خون میں PANICOGENS نامی عنصر موجود ہوتا ہے۔ جب اس کی مقدار خون میں بڑھ جاتی ہے تو انسان پر خوف و ہراس یا گھبراہٹ و بے چینی کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے انسانی جسم اس سے نجات پانے کی کوشش کرتا ہے لیکن جب اس میں ناکامی ہوتی ہے تو خوف حملہ کردیتا ہے۔

تاہم اس کے علاوہ بھی خوف کی متعدد اقسام ہیں اور ان کا انحصار انسان کی اپنی شخصیت پر ہوتا ہے۔ یہاں ایسے لوگ بھی موجود ہیں جو فطری طور پر پریشان کن رویوں کے مالک ہوتے ہیں یا پریشان رہنا ان کی خصوصیت ہوتی ہے۔ ماہرین کے مطابق بلاشبہ مختلف نوعیت کے حادثات و واقعات انسان کے لئے پریشانی گھبراہٹ یا خوف کا سبب بنتے ہیں لیکن بنیادی طور پر اس کا سبب انسان کا وہ رویہ ہوتا ہے جس میں اس کے فیصلوں کی شدت شامل ہوتی ہے۔

خوف وہراس کا حملہ جس طرح عموماً چند منٹوں میں شدت اختیار کرلیتا ہے اسی طرح چند منٹ یا گھنٹے ڈیڑھ گھنٹہ میں خود ہی دور ہوجاتا ہے اور انسان خود کو نارمل محسوس کرنے لگتا ہے۔ یہ کہیں بھی اور کسی بھی وقت ظاہر ہوسکتا ہے اور بعض اوقات آپ خود گھبراہٹ کی اصل وجہ تلاش کرنے سے قاصر رہتے ہیں۔

ایسا بھی ہوتا ہے کہ آپ پرسکون بیٹھے ٹی وی دیکھ رہے ہوں یا مطالعے میں مصروف ہوں کہ اچانک سر میں ہلکا ہلکا درد شروع ہوجائے اور پھر آہستہ آہستہ آپ انجانے خوف کا شکار ہونے لگیں۔ آپ کے دل کی رفتار تیز ہوجائے سانس پھول جائے اور آپ کو ایسا لگے جیسے آخری وقت آگیا ہے۔ موت سامنے نظر آنے لگے لیکن تھوڑا سا وقت گزرنے کے بعد آپ کے خیالات بدلنے لگیں اور آپ کو یقین ہونے لگے کہ آپ غلط سوچ رہے تھے سب کچھ تو درست ہے۔ ایک معروف وکیل نے ماہر نفسیات کو بتایا کہ جب میں لفٹ استعمال کرتا ہوں اور خصوصاً ایسے وقت میں جب لفٹ میں زیادہ افراد ہوں تو مجھ پر سخت قسم کا خوف طاری ہوجاتا ہے میری کوشش ہوتی ہے کہ میں بند دروازہ توڑ کر باہر نکل جاؤں چیخوں اور چلاؤں۔ مجھے ایسا لگتا ہے کہ میں کسی خوفناک قسم کے موت کے کنویں میں گرتا جارہا ہوں۔ میرے لئے یہ کیفیت روزانہ برداشت کرنا بہت اذیت ناک تھی۔ اب میں 10 منزلیں پیدل چڑھنا پسند کرتا ہوں اس کے بجائے کہ مجھے لفٹ سے جانا پڑے۔

حد سے زیادہ مصروفیت اور کام کا دباؤ: لوگوں سے چھوٹی موٹی چپقلش، افسران کا سخت گیر رویہ، ساتھیوں کا جارحانہ پن اور بعض افراد کے دوغلے رویے بھی پریشانی اور گھبراہٹ کا سبب بنتے ہیں۔ اس کے علاوہ بعض وہ باتیں بھی خوف اور پریشانی کا سبب بنتی ہیں جو مستقل نوعیت کی ہوں جیسے روزگار کا نہ ہونا، خواہشات کی لامحدودیت اور وسائل کی کمیابی وغیرہ تاہم ماہرین نفسیات کے مطابق ایسے خوف جن کا حقائق سے واسطہ نہیں ہوتا ان کا خود تنویمی عمل کے ذریعے علاج کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً لفٹ سے گرنے اور مرنے کا خوف حقائق سے قریب تر نہیں۔ خصوصاً ان حالات میں جب آپ کے ساتھ دیگر لوگ بھی موجود ہوں۔ اس قسم کے خوف کے شکار لوگوں کو یہ بات ذہن میں رکھنی چاہئے کہ دوسروں کو بھی اپنی زندگیاں ویسی ہی پیاری ہیں اور وہ بھی انہی کی طرح کے انسان ہیں۔ جب وہ اس عمل سے خوفزدہ یا گھبراہٹ کا شکار نہیں ہوتے تو انہیں بھی گھبرانا نہیں چاہیے۔ گھبراہٹ، بے چینی اضطراب اور خوف جیسے ہی آپ پر حملہ آور ہو آپ کوشش کریں کہ اس پر توجہ نہ دیں۔ آپ بار بار خود کو یہ بات سمجھائیں کہ میں خواہ مخواہ وہم کا شکار ہورہا ہوں کہیں کوئی گڑبڑ نہیں ہے آپ سوچیں! آپ بلاوجہ ایک ایسی عادت تلے زندگی گزار رہے ہیں جس نے آپ کی زندگی کو تباہ برباد کررکھا ہے۔ آپ عزم کریں کہ اس قسم کے ان دیکھے خطرات کو آپ خود پر حاوی نہیں ہونے دیں گے آپ خود کو سمجھائیں کہ تمام حالات آپ کے قابو میں ہیں کسی قسم کا کوئی مسئلہ نہیں ہے اور آپ آسانی سے خوف کو بھگا دیں گے آپ گھبراہٹ کے حملے کے دوران کوئی سرگرمی اختیار کریں۔ ہلکی ہلکی سیٹی بجائیں کسی اچھے اور خوشگوار واقعہ کے بارے میں سوچیں اپنے ماضی اور مستقبل کی کامیابیوں کو ذہن میں دہرائیں کوشش کریں کہ آپ بااعتماد رہیں۔ اس سے آپ کو کسی حد تک خوف پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ انگریزی کا ایک مقولہ ہے کہ زندگی بے شک بدقسمتی سے بھری ہوتی ہے لیکن اکثر بدقسمتی وقوع پذیر نہیں ہوتی۔

گھبراہٹ پر قابو پانے کے لئے ایک معروف سائیکاٹرسٹ کی چند باتیں یاد رکھیں۔ یہ دیکھیں کہ ہوکیا رہا ہے یہ نہ سوچیں کہ کیا ہوگا؟ خوف کی صورت میں اپنی توجہ دیگر مشاغل کی طرف موڑ دیں۔ لوگوں سے باتیں کریں، خوشگوار لوگوں سے ملاقات کریں۔ کسی پارک کا رخ کریں، پرانے دوستوں سے ملیں۔ اگر آپ ہجوم میں پھنسے ہوئے ہیں اور دھکم پیل ہورہی ہے تو آہستہ آہستہ وہاں سے باہر نکلنے کی کوشش کریں اور سوچیں کہ کوئی بات نہیں تھوڑی دیر بعد آپ کو آرام کا موقع مل جائے گا۔ خوف سے لڑائی مت کریں۔ آپ اس کیفیت سے باہر آنے کا انتظار کریں اگر آپ لڑائی کریں گے تو ہوسکتا ہے کہ آپ پر جنونی کیفیت طاری ہوجائے اور آپ خوف کی بیماری یعنی ''فوبیا'' کا شکار ہوجائیں۔ خوف دراصل آپ کے دفتر اور گھریلو زندگی کے تعلقات سے جنم لیتا ہے۔ یہ خالصتاً اندرونی کیفیت ہے اگر مذکورہ باتوں پر حتی الامکان عمل کرنے کے باوجود آپ خوف سے چھٹکارا حاصل نہیں کرپاتے تو کسی ماہر نفسیات سے رجوع کریں۔

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now * AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

قبض کی گرفت سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا پانے کے ٹوٹکے

سید خالد حسین لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب نے اپنی طبی آرٹیکل میں ایک نسخہ لکھا تھا جو کہ قبض کیلئے انتہائی مفید ہے۔ اسپغول چھلکا دو چمچ' زیتون کا تیل ایک چمچ دونوں کو ملا کر صبح اور شام استعمال کریں' بے شمار امراض کا مجرب ہے' نہایت مزیدار بھی ہے' مگر مستقل مزاجی چاہیے۔

قبض کے معنی "پکڑ یا گرفت" کے ہیں آنتوں کی کمزوری' جسمانی کمزوری یا فضلہ کا زیادہ غلیظ ہونا کی وجہ سے اخراج بروقت نہیں ہوتا' یہ ذہن میں رکھیں ہر شخص کا اخراج (پاخانہ) کا اعتدال بہ لحاظ وقت اور مقدار یکساں نہیں ہوتا ہے۔ کھانا معدہ سے نکل کر پیچ دار آنتوں سے ہوتا ہوا بڑی آنت میں آتا ہے وہاں سے اخراج ہوجاتا ہے۔ آنتوں میں کھانا اگر اچھی طرح کھایا گیا ہے تو اخراج بھی صبح وقت پر ہوجائے گا اور اگر جلدی جلدی بوتل یا پانی سے نگلا گیا ہے تو اندر جا کر فساد برپا کرے گا۔ آنتوں میں جا کر' کھانے سے جوس آنتیں چوس لیتی ہیں اور باقی خوراک غلیظ ہو کر نکلتی ہے' کوے اور کچھوؤں میں بڑی آنت نہیں ہے جس کی وجہ سے کوے اور کچھوے کی عمر ایک ہزار سال تک ہوسکتی ہے' یہ قدرت کا کام ہے بڑی آنتوں کی کمزوری یا خرابی کی وجہ سے ہی بے شمار امراض جنم لیتے ہیں جن میں بادی بواسیر' خونی بواسیر' ٹینشن' کمزوری' کمی خون' کمزوری' بے چینی' چکر آنا' دل گھبرانا' جوڑوں کا درد' جسم کا رنگ کالا یا سرمئی ہونا' سر میں درد' خارش' سانس میں بدبو' گیس خصوصاً جگر کے امراض' موٹاپا' قولنج' آنکھوں کے امراض ہوتے ہیں' اس لیے اسے ام الامراض (امراض کی ماں) کہا جاتا ہے' پنڈلیوں اور رانوں میں درد لاحق ہوجاتا ہے' اعصاب پر زور پڑتا ہے' سانس میں تنگی ہوجاتی ہے' گرمی اور حبس کے دنوں میں قبض ہرگز نہ ہونے دیں یہ آپ کے اختیار میں ہے' موسم کی وجہ سے کم اور قبض کی وجہ سے حبس کے موسم میں مریض زیادہ پریشانی کا شکار ہوجاتا ہے۔ قبض کی ایک وجہ ایلومونیم کے برتن بھی ہیں' ایلومونیم کے زہریلے اثرات کی وجہ سے قبض اور جوڑوں کے درد کا مرض بہت تیزی سے پھیل رہا ہے۔ ہومیوپیتھک طریقہ علاج میں ایلومونیم وجہ مرض ہے' ایلومونیم کے برتن میں پانی گرم کریں تو صاحبان تک پانی کے کناروں تک باقاعدہ سبز زرد ایک لائن نظر آئے گی اگر گرم شدہ پانی ٹھنڈا کر کے اس میں مچھلیاں ڈال دیں ایلومونیم کے زہریلے پن کی وجہ سے وہ مرجاتی ہیں۔

قبض دو قسم کی ہوتی ہے' اتفاقی' دائمی۔

اسباب: ازار بند مضبوطی سے باندھنا' کھانے کے ساتھ بوتل یا پانی پینا۔ پیدل کم چلنا' پراٹھے' نان' سموسے' مصالحہ دار اور تلی ہوئی اشیاء کا زیادہ استعمال' کھانے سے ہٹ کر پانی کا کم استعمال کرنا۔ سبزی کا کم استعمال' پیک شدہ مصالحہ جات کا استعمال (کیونکہ ان میں کیمیکل استعمال ہوتا ہے) یہ پیکنگ شدہ مصالحہ جات کھانے میں ذائقہ ضرور پیدا کردیتے ہیں مگر جب آپ ان کی پیکنگ پر لکھے ہوئے اجزاء میں دیکھیں تو اس میں ٹاٹری' کلر اور مختلف قسم کے تیزاب' امینو جینز وغیرہ لکھے ہوں گے۔ سفید آٹا' قبض دور کرنے کی ادویات وغیرہ استعمال کرنے' یہ ادویات آنتوں پر عارضی قوت تحریک پیدا کرتی ہیں اس سے لگا فضلہ خارج کرتی ہیں لیکن اس سے آنتیں بے حال ہوجاتی ہیں یہ ایسے ہی ہے کہ مشقت والا کام (دوڑ لگانا ورزش کرنا) کرے اس سے وقتی کمزوری' تھکاوٹ ہوجاتی ہے۔ اسی طرح آنتیں آرام چاہتی ہیں لیکن ہم دوبارہ کھانے میں اسی بداحتیاطی کا مظاہرہ کرتے ہیں ان کو زیادہ کام پر مجبور کردیتے ہیں جس سے کھٹے ڈکار' ہضمی' گیس کی زیادتی اور دوبارہ قبض ہوجاتی ہے۔ پرانے حکماء جلاب موسم اور طبیعت کے مطابق استعمال کراتے تھے' قبض کشاء ادویات کے بعد آرام' نرم غذا' شربت پر زیادہ زور دیتے تھے۔ مستقل مریض اگر خاص احتیاط کریں تو قبض ختم ہوسکتی ہے' یہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔ غذا چبا چبا کر کھائیں' کھانے کے ساتھ پانی کم سے کم استعمال کریں' کھانے سے آدھ گھنٹہ پہلے پانی پئیں اور ایلومونیم کے برتن کچھ عرصہ کیلئے تبدیل کردیں' ایلومونیم کے برتن زیادہ عرصہ استعمال کرنے سے ایلومونیم ٹوٹ ٹوٹ کر کھانے میں شامل ہوجاتا ہے اور وہ ہم کھالیتے ہیں۔ ملین اشیاء قبض کشا ادویات سے بہت بہترین ہیں۔ اگر آپ ماہنامہ عبقری کے قاری ہیں تو محترم حکیم صاحب اپنی طبی آرٹیکل میں ہر ماہ کسی نہ کسی چیز کی افادیت کا لکھتے ہیں' فالو عبقری کی ٹویٹر سروس میں بے شمار فائدہ اور آزمودہ ٹوٹکے ہوتے ہیں' ان پر عمل کریں۔ عبقری کے ایک گزشتہ شمارے میں محترم حضرت حکیم صاحب نے اپنی طبی آرٹیکل میں ایک نسخہ لکھا تھا جو کہ قبض کیلئے انتہائی مفید ہے۔ اسپغول کا چھلکا دو چمچ' زیتون کا تیل ایک چمچ دونوں کو ملا کر صبح اور شام استعمال کریں' بے شمار امراض کا مجرب ہے' نہایت مزیدار بھی ہے' مگر مستقل مزاجی چاہیے۔

حضرت حکیم صاحب کی شہرہ آفاق کتاب "شافی دوا گھر شافی علاج" میں ثابت اسپغول کا لکھا ہے کہ اسے دن میں تین مرتبہ آدھا آدھا چمچ استعمال کریں' بے ضرر شے ہے' ثابت اسپغول کو چبائیں نہیں بس نگل لیں۔

کھانے سے گھنٹہ یا آدھ گھنٹہ پہلے پانی پئیں دوران کھانا پانی ہرگز نہ پئیں اور کھانے کے دو گھنٹے بعد تک پانی ہرگز نہ پئیں۔ اس کے بعد جتنا چاہیں پانی پئیں۔ چھوٹے چھوٹے لقمے اور آہستہ آہستہ چبا کر سنت نبویؐ کے مطابق کھانا کھائیں' اس سے کھانے کے ساتھ پانی کی بالکل ضرورت نہیں ہوتی۔ جلدی اور بڑے بڑے لقمے کھانے سے لعاب کھانے میں شامل نہیں ہوتا جس کی وجہ سے پانی کی ضرورت پڑتی ہے۔

پکے ہوئے امرود' کیلے دن میں ایک مرتبہ ضرور استعمال کریں۔ پپیتا ایک وقت میں ایک یا دو پھانک سے زیادہ استعمال نہ کریں۔ تربوز' خربوزہ موسم کے لحاظ سے خوب استعمال کریں۔ املی اور آلو بخارہ کا شربت' یہ نہایت مفید اور مزیدار ہے' گرمیوں میں پانی کی کمی اور ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ ضرور پئیں۔ کچھ عرصہ قبل لاہور میں کئی جگہ گوند کتیرا' تخم ملنگا' شکر کے شربت میں گھول کر بکتا تھا جس سے قبض دور' جسم میں توانائی اور طاقت ملتی ہے' اندرون شہر کے لوگ صندل کے شربت میں تخم ملنگا' اسپغول کا چھلکا وافر استعمال کراتے ہیں۔ یہ بھی قبض دور کرنے میں بہت مفید ہے۔ تخم بالنگو اس معاملے میں بہت ہی مفید ہے۔ اسے دسترخوان پر ضرور رکھیں' کھانے سے پہلے کی خشکی کو دور کرتا ہے۔ تخم بالنگو کی افادیت اکثر محترم حکیم صاحب اپنے طبی آرٹیکل میں لکھتے رہتے ہیں۔ روغن بادام کے دس قطرے نیم گرم دودھ میں ڈال کر استعمال کریں۔ براؤن چاول (بغیر پالش شدہ) استعمال کریں۔ خالص مصالحے استعمال کریں۔ پیکنگ شدہ بازاری مصالحے جن میں طرح طرح کے کیمیکل ڈالے گئے ہوں ہرگز نہ استعمال کریں۔ انجیر اور منقیٰ جوش دیکر بطور قہوہ استعمال کرنے سے بھی قبض دور ہوجاتی ہے۔

ہچکیوں کا مزیدار ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ہچکی کا کامیاب آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ قارئین عبقری کی نذر کررہی ہوں۔ اگر کسی کو ہچکی لگ جائے اور کئی کئی دن تک نہ جاتی ہو تو اس کیلئے درج ذیل ٹوٹکہ آزمایا جائے بہت لاجواب ہے اور دائمی افاقہ ہوتا ہے۔ ھوالشافی: ایک بڑا چمچ ملائی کے ساتھ کلونجی کے تیل کے دو قطرے ملا کر صبح و شام استعمال کریں' یہ علاج ایک ہفتہ جاری رکھیں ان شاء اللہ ہچکی ہمیشہ کیلئے رک جائے گی۔ (رئیس' بھکر)

Join now * AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

پندرہ شعبان المعظم! ہے کوئی مغفرت مانگنے والا؟

ڈاکٹر محمد ثانی لاہور

پندرہ شعبان المعظم کی مکمل شب تسبیح خانہ لاہور میں گزارئیے شیخ الوظائف کا پرسوز درس خاص اذکار اعمال ساری رات عبادات تہجد کے وقت شیخ الوظائف کی خصوصی رقت آمیز دعا روزہ رکھنے والے افراد کیلئے سحری کا انتظام۔ اجازت عام!

"شعبان المعظم" اسلامی سال کا آٹھواں قمری مہینہ ہے، یہ رحمت، مغفرت اور جہنم سے نجات کے بابرکت مہینے "رمضان المبارک" کا دیباچہ، سن ہجری کا اہم مرحلہ اور نہایت عظمت اور فضیلت کا حامل ہے۔ خاتم الانبیاء، سید المرسلین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے اس مہینے کی نسبت اپنی طرف فرمائی ہے، اس سلسلے میں آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "شعبان شھری" (دیلمی) شعبان میرا مہینہ ہے۔ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ماہِ رجب کے آغاز پر آپ ﷺ یہ دعا فرماتے تھے: "اللھم بارک لنا فی رجب و شعبان و بلغنا رمضان (تمام عسا کر)" "اے اللہ! رجب اور شعبان کے مہینے میں ہمارے لئے برکت پیدا فرما اور (خیر و عافیت کے ساتھ) ہمیں رمضان تک پہنچا۔" رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: شعبان کی عظمت اور بزرگی دوسرے مہینوں پر اسی طرح ہے، جس طرح مجھے تمام انبیاء پر عظمت اور فضیلت حاصل ہے۔ (ایضاً ص 362) شعبان المعظم دراصل رمضان المبارک کی تیاری کا مہینہ ہے اور اس ماہ کی پندرہویں شب، شب برأت، شب قدر کی برکات اور اس کے انوار و تجلیات قبول کرنے کے لئے بندوں کو مستعد اور تیار کرتی ہیں۔ چنانچہ شب برأت توبہ و استغفار، عبادت و مناجات کے ذریعے دل کی زمین کو نرم کرتی ہے تاکہ رمضان المبارک اور شب قدر کے روحانی انوار دل کے ایک ایک رگ و ریشے میں پیوست ہو جائیں۔ شب برأت توبہ و استغفار اور عبادت و مناجات کے قیمتی لمحات اور وہ صبح صادق ہے جو آفتاب روحانیت (نیکیوں کے موسم بہار، رحمت، مغفرت اور جہنم سے نجات کے بابرکت مہینے) کے طلوع ہونے کی خوش خبری دیتی ہے۔ روحانیت کا آفتاب نزول قرآن کا بابرکت مہینہ رمضان المبارک ہے۔ اُم المومنین سیدہ عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ میں نے سوائے شعبان کے مہینے کے (رمضان کے علاوہ) کسی اور مہینے میں رسول اللہ ﷺ کو کثرت سے روزے رکھتے ہوئے نہیں دیکھا۔ آپ کو یہ بہت محبوب تھا کہ شعبان کے روزے رکھتے رکھتے رمضان سے ملا دیں۔ (سنن بیہقی)۔ حضرت عثمان بن ابی العاصؓ سے روایت ہے کہ رسالت مآب ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب شعبان کی پندرہویں شب ہوتی ہے تو اللہ عزوجل کی جانب سے (ایک پکارنے والا) پکارتا ہے۔ کیا کوئی مغفرت کا طلب گار ہے کہ میں اس کی مغفرت کر دوں؟ کیا کوئی مانگنے والا ہے کہ میں اسے عطا کر دوں؟ اس وقت پروردگار عالم سے جو مانگتا ہے، اسے ملتا ہے، سوائے بدکار عورت اور مشرک کے۔" (بیہقی/ شعب الایمان 3/83)۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "جب شعبان کی پندرہویں شب ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ سوائے مشرک اور کینہ ور کے سب کی مغفرت فرما دیتا ہے۔ (مجمع الزوائد 8/65) حضرت ابوثعلبہ خشنیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا "جب شعبان کی پندرہویں شب (شب برأت) ہوتی ہے تو رب ذوالجلال اپنی مخلوق پر نظر ڈال کر اہل ایمان کی مغفرت فرما دیتا ہے، کافروں کو مہلت دیتا ہے، اور کینہ وروں کو ان کے کینے کی وجہ سے چھوڑ دیتا ہے تاوقت یہ کہ وہ توبہ کر کے، کینہ وری چھوڑ دیں۔" (بیہقی/شعب الایمان 3/381)۔ جب کہ مختلف روایات میں یہ بات بیان کی گئی ہے کہ بے شمار بدنصیب افراد ایسے ہیں کہ وہ اس بابرکت رات کی عظمت و فضیلت اور قدر و منزلت سے دور رہتے اور اللہ عزوجل کی بخشش و رحمت سے محروم رہتے ہیں۔ ان پر اللہ تعالیٰ کی نظر عنایت نہیں ہوتی۔ وہ بدنصیب افراد یہ ہیں۔ (1) مشرک (2) جادوگر (3) کاہن اور نجومی (4) ناجائز بغض اور کینہ رکھنے والا (5) جلاد (6) ظلم سے ناجائز ٹیکس وصول کرنے والا (7) جوا کھیلنے والا (8) گانے بجانے والا اور اس میں مصروف رہنے والا (9) ٹخنوں سے نیچے شلوار، پاجامہ تہہ بند وغیرہ رکھنے والا (10) زانی مرد و عورت (11) والدین کا نافرمان (12) شراب پینے والا اور اس کا عادی (13) رشتے داروں اور اپنے مسلمان بھائیوں سے ناحق قطع قمع کرنے والا۔

یہ وہ بدقسمت افراد ہیں جن کی اس بابرکت اور قدر و منزلت والی مقدس رات میں بھی بخشش نہیں ہوتی اور وہ بدبختی، بداعمالی اور گناہوں کے سبب اللہ کی رحمت اور مغفرت سے محروم رہتے ہیں۔ علماء و محدثین کے مطابق شب برأت کی فضیلت لیلۃ القدر کے بعد ہے، یعنی شب قدر سے کم ہے، تاہم اس کی فضیلت اور قدر و منزلت سے انکار کرنا کسی بھی طرح درست نہیں۔ حضرت عطاء بن یسارؒ فرماتے ہیں: "لیلۃ القدر کے بعد شعبان کی پندرہویں شب سے زیادہ کوئی رات افضل نہیں۔" اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: (اے عائشہؓ) کیا تمہیں معلوم ہے کہ اس رات یعنی شعبان کی (پندرہویں شب) میں کیا ہوتا ہے؟ انہوں نے دریافت کیا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ (اس شب) کیا ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس شب میں یہ ہوتا ہے کہ اس سال میں جتنے بھی پیدا ہونے والے ہیں، ان سب کے متعلق لکھ دیا جاتا ہے اور جتنے اس سال فوت ہونے والے ہیں، ان تمام کے متعلق بھی لکھ دیا جاتا ہے، اس شب تمام بندوں کے (سارے سال کے) اعمال اٹھائے جاتے ہیں اور اسی رات لوگوں کی مقررہ روزی اترتی ہے۔ (مشکوٰۃ، ص 115)۔ حضرت عطاء بن یسارؒ فرماتے ہیں کہ جب شعبان کی پندرہویں شب ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ کی جانب سے ایک فہرست ملک الموت کو دے دی جاتی ہے اور حکم دیا جاتا ہے کہ جن جن لوگوں کا نام اس فہرست میں درج ہے، ان کی روحوں کو قبض کرنا، (چنانچہ حال یہ ہوتا ہے کہ) کوئی بندہ تو باغ میں پودا لگا رہا ہوتا ہے، کوئی شادی بیاہ میں مصروف ہوتا ہے، کوئی مکان کی تعمیر میں مصروف ہوتا ہے، حالانکہ ان کا نام مردوں کی فہرست میں لکھا جا چکا ہوتا ہے۔ (شیخ عبدالحق محدث دہلوی/ ماثبت بالسنۃ ص 353)۔ یہ مقدس شب رحمت و مغفرت اور قدر و منزلت والی ہے، اس بابرکت رات کی مقدس گھڑیوں میں جو چودہ شعبان کے سورج غروب ہونے سے شروع ہوتی اور پندرہ شعبان کی صبح صادق ہونے تک رہتی ہے۔ بارگاہ رب العزت کی رحمت و مغفرت کا ابر کرم خوب جم کر برستا ہے۔ ام المومنین حضرت عائشہؓ کی ایک روایت میں ہے کہ رسالت مآب ﷺ نے ارشاد فرمایا: "بلاشبہ اللہ تبارک و تعالیٰ شعبان کی پندرہویں شب آسمان دنیا کی طرف نزول فرماتا ہے اور قبیلہ بنو کلب کی بکریوں کے بالوں کے برابر لوگوں کی مغفرت فرما دیتا ہے۔ (ترمذی 1/156، مسند احمد 6-238)"

شب برأت کی عظمت و اہمیت اور فضیلت کے پیش نظر اس میں عبادت و مناجات، ذکر الٰہی اور تلاوت قرآن کے لئے غسل کر لینا مستحب ہے۔ عشاء اور فجر کی نماز باجماعت ادا کرنے کا پورا اہتمام کیا جائے۔ جتنا سہولت اور آسانی سے ممکن ہو۔ اس مقدس رات کو نوافل اور ذکر و تلاوت میں گزاریں، منکرات سے دامن بچاتے ہوئے قبرستان جا کر زیارت قبور کرنا، صحت و عافیت، رحمت و بخشش اور جملہ مقاصد حسنہ کے لئے دعاؤں کا اہتمام کیا جائے۔ پندرہویں شعبان کا روزہ رکھیں۔ جن گناہوں کی نحوست اور وبال اس مبارک رات کی رحمتوں اور برکتوں سے محروم کر دیتی ہے۔ ان سے مکمل پرہیز کرتے ہوئے صدق دل سے توبہ کی جائے، شب بیداری کا تقاضا ہے کہ ان بابرکت اور قیمتی لمحات کو توبہ و مناجات، اللہ کے ذکر اور دعاؤں میں بسر کیا جائے۔

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

ضعف باہ کیلئے: دانہ الائچی کلاں اور موصلی سفید ہم وزن لے کر سفوف تیار کر کے اگر ایک ماشہ سفوف ہمراہ مصری چند روز تک ضعف باہ کا مریض استعمال کرے تو قوت میں بے پناہ اضافہ ہوتا ہے۔

خواجہ عزیز الرحمن پانی پتی کے مستند روحانی وظائف

جس عورت کا حمل نہ ٹھہرتا ہو اس کیلئے باوضو یا مُبْدِئُ نو کاغذوں پر لکھے جب عورت حیض سے پاک ہو تو تین رات مجامعت کرے اور ہر روز صبح کو باوضو یہ تعویذ پانی میں بھگو کر پی لے۔ اسی طرح دوسرے ماہ کرے۔ پھر اسی طرح تیسرے ماہ بھی کریں۔

ہر مقصد میں کامیابی کیلئے: ہر مقصد میں کامیابی کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ فجر کی دو سنت ادا کر کے تین بار درود شریف پڑھیں' اس کے بعد اکتالیس بار سورۂ فاتحہ اس ترکیب سے پڑھے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے میم کو الحمد شریف کے لام سے ملا کر پڑھیں۔ اس کے بعد تین بار درود شریف پڑھ کر دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ جب تک مقصد حل نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔

پڑھنے کی ترکیب یہ ہے:۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ پھر پوری سورت پڑھ لے۔

ہر قسم کے غم و فکر سے نجات کیلئے: جو شخص کسی غم و فکر میں مبتلا ہو اور اس سے نجات چاہتا ہو تو اس کیلئے ہر نماز کے بعد تین بار درود شریف پڑھے' پھر سورۂ انبیاء (پارہ 17) پڑھے' اس کے بعد آخر میں تین بار درود شریف پڑھے اور دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے غم و فکر سے نجات حاصل ہوگی۔

صبر کیلئے: اگر کسی شخص کو شدید قسم کا صدمہ پہنچا ہو کہ اسے صبر نہ آتا ہو تو اس کیلئے اول تین بار درود شریف پڑھے۔ پھر یہ آیت تین بار پڑھے۔ یُثَبِّتُ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۔ پھر تین بار سورۂ الم نشرح مکمل پڑھیں۔

برائے حمل: جس عورت کا حمل نہ ٹھہرتا ہو اس کیلئے باوضو یا مُبْدِئُ نو کاغذوں پر لکھے جب عورت حیض سے پاک ہو تو تین رات مجامعت کرے اور ہر روز صبح کو باوضو یہ تعویذ پانی میں بھگو کر پی لے۔ اسی طرح دوسرے ماہ کرے۔ پھر اسی طرح تیسرے ماہ بھی کریں۔ نیز یہ تعویذ باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈال دے' وہ تعویذ یہ ہے:۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو
اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ
حَیُّ حَیُّ حَیُّ حَیُّ حَیُّ حَیُّ
قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم
وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

لڑکی کیلئے اچھا رشتہ: اگر کوئی شخص لڑکی کی شادی کے سلسلے میں پریشان ہو یا اچھا رشتہ نہ ملتا ہو تو اس کیلئے بعد نماز عشاء باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھیں پھر ستر بار یہ کلمات پڑھیں۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

کسی شخص کو جگہ سے ہٹانا یا اکھیڑنا: اگر کوئی شخص کسی دکان مکان میں کرایہ دار ہو یا کسی زمین پر زبردستی قبضہ کر کے بیٹھا ہو اس کو وہاں سے ہٹانے کیلئے مندرجہ ذیل آیت باوضو لکھیں اور اس کے نیچے اس شخص کا نام لکھیں اور اس کی والدہ کا نام بھی ساتھ رکھیں جس جگہ سے ہٹانا چاہتے ہوں اس جگہ (مکان' دکان یا زمین) کا نام بھی لکھیں' وہ آیت یہ ہے:۔

یَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَۃُ ﴿۶﴾ تَتْبَعُھَا الرَّادِفَۃُ ﴿۷﴾ قُلُوْبٌ یَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَۃٌ ﴿۸﴾ اَبْصَارُھَا خٰشِعَۃٌ ﴿۹﴾ یَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِی الْحَافِرَۃِ ﴿۱۰﴾ ءَاِذَا کُنَّا عِظَامًا نَّخِرَۃً ﴿۱۱﴾ قَالُوْا تِلْکَ اِذًا کَرَّۃٌ خَاسِرَۃٌ ﴿۱۲﴾ فَاِنَّمَا ھِیَ زَجْرَۃٌ وَّاحِدَۃٌ ﴿۱۳﴾ فَاِذَا ھُمْ بِالسَّاھِرَۃِ ﴿النزعت ۱۴﴾

نام والدہ کا نام جگہ کا نام

سحر جادو سے نجات کیلئے: اگر کوئی شخص جادو یا سحر یا سفلی کے سبب بیمار ہو' یا کاروبار کی بندش ہو یا ہر قسم کی ترقی میں قدم قدم پر رکاوٹ ہو تو اس کیلئے باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد درج ذیل آیت ایک ہزار بار پڑھے' آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر کھانے کے نمک پر دم کرے۔ مریض کے سالن میں یہ نمک ڈال کر کھلائیں کم از کم اکتالیس دن مریض یہ نمک استعمال کرے۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ سالن میں یہ نمک نہ ڈالیں' جب سالن پک جائے تو مریض کا سالن الگ نکال کر اس میں یہ پڑھا ہوا نمک ڈال دیں۔ وہ آیت یہ ہے:۔ وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِیْھَا وَاللّٰہُ مُخْرِجٌ مَّا کُنْتُمْ تَکْتُمُوْنَ ﴿البقرہ ۷۲﴾ نوٹ: یہ عمل آسیب' جن' بھوت والے مریض کیلئے بھی کر سکتے ہیں۔

جسمانی امراض سے شفاء: اگر جسم میں کہیں درد ہے یا جسم کا کوئی حصہ زخمی ہے یا پیٹ کا مرض ہے یا دل یا جگر کی بیماری ہے اس کیلئے سورۂ فاتحہ بہترین علاج ہے۔ اس سورۂ کا نام سورۃ الشفاء بھی ہے۔ اس میں ہر مرض کیلئے شفاء ہے' وہ روحانی مرض ہو یا جسمانی مرض شفاء ہے۔ بیہقی میں عبدالملک رضی اللہ عنہ بن عمیر سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''فاتحہ ہر بیماری کیلئے شفاء ہے'' اس لیے باوضو سورۂ فاتحہ ایک بار یا تین بار یا سات بار پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔ اسی طرح اول تین بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد سات بار الحمد شریف پڑھیں' آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر مریض پر دم بھی کریں اور پانی پر دم کر کے صبح و شام مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہوگا۔ یہ عمل تین دن یا پانچ دن یا سات دن کریں۔

برائے آسانی ولادت: بچہ کی بآسانی پیدائش کیلئے سورۂ انشقاق کی پہلی پانچ آیات باوضو تین بار' سات بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز (چینی' گڑ' کھجور' مٹھائی) پر دم کرے اور عورت کو کھلا دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ آسانی اور سہولت کے ساتھ پیدا ہوگا۔

آدھے سر کے درد سے نجات: اگر کسی کے آدھے سر میں درد ہوتا ہو تو اس کیلئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے سر میں جس طرف درس ہے اسی طرح باندھ دیں' ان شاء اللہ درد سے نجات حاصل ہوگی' وہ نقش یہ ہے:۔

۷۸۶

یااللہ	یااللہ	یااللہ
یااللہ	یااللہ	یااللہ
یااللہ	یااللہ	یااللہ

میری کامیاب گورنمنٹ سروس کا راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنی نوکری کی وجہ سے بہت پریشان تھا' مجھے ایک اللہ والے نے ایک وظیفہ بتایا۔ اس کی برکات سے اللہ تعالیٰ نے کرم فرمایا اور آج میں ایک بہت ہی اچھی سرکاری نوکری کر رہا ہوں اور میرا سکیل بھی بہت اچھا ہے۔ میری تمام عبقری قارئین سے گزارش ہے کہ وہ بھی یہ وظیفہ پڑھیں دیکھیں مسئلہ کیسے حل ہوتا ہے۔ عمل یہ ہے:۔ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد دو مرتبہ سورۂ واقعہ پڑھیں۔ نماز ظہر کی ادائیگی کے بعد ایک مرتبہ سورۂ واقعہ پڑھیں' نماز عصر کی ادائیگی کے بعد ایک مرتبہ سورۂ واقعہ پڑھیں۔ نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد ایک مرتبہ سورۂ واقعہ پڑھیں اور نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد تین مرتبہ سورۂ واقعہ پڑھیں۔ سارے دن میں جب بھی سورۂ واقعہ پڑھیں تین، پانچ یا سات مرتبہ درود پاک ضرور پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اللہ کریم کرم فرمائیں گے۔ محترم حضرت حکیم صاحب میرا نام شائع نہ کیجئے گا جزاک اللہ

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

نیند سے محروم افراد کرماسرہ اور خربوزہ کھائیے!

موسم میں اگر اسے پابندی سے استعمال کیا جائے تو دبلے پتلے اور کمزور افراد کی صحت اچھی ہو جاتی ہے اور وہ چست و تازہ دم رہتے ہیں ایسے افراد کے چہرے داغ دھبوں سے صاف رہتے ہیں اور بدن کی خشکی بھی نہیں ہوتی۔ رگوں پٹھوں کی قدرتی لچک قائم رہتی ہے اور بھوک کو تسکین رہتی ہے۔

خربوزہ پاکستان میں بکثرت پیدا ہونے والا پھل ہے۔ اس کی نسل میں تربوز، سردہ اور گرما بھی شامل ہیں' یہ چاروں ایک ہی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں موسم میں اگر اسے پابندی سے استعمال کیا جائے تو دبلے پتلے اور کمزور افراد کی صحت اچھی ہو جاتی ہے اور وہ چست و تازہ دم رہتے ہیں ایسے افراد کے چہرے داغ دھبوں سے صاف رہتے ہیں اور بدن کی خشکی بھی نہیں ہوتی۔ رگوں پٹھوں کی قدرتی لچک قائم رہتی ہے اور بھوک کو تسکین رہتی ہے۔ طبی لحاظ سے بھی خربوزہ بہت فائدہ مند ہے۔ اس میں پیشاب زیادہ لانے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ اس لئے گردوں کے مریضوں کے لئے بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ زیادہ پیشاب لانے کی وجہ سے جسم سے خون کے خراب مادوں کے علاوہ یہ گردوں اور مثانے سے پتھری بھی نکال دیتا ہے۔ گردوں کے درد کے لئے بھی خربوزے کا استعمال بہت مفید ہوتا ہے جب خربوزے کا موسم نہ ہو تو خربوزے کے چھلکوں کو پانی میں ابال کر اس پانی کو پینے سے بھی گردے کی تکلیف میں افاقہ ہوتا ہے۔ اکثر اوقات لوگوں میں پیشاب میں جلن کی شکایت ہو جاتی ہے۔ گرمیوں میں خاص طور پر یہ تکلیف ہوتو خربوزے کے استعمال سے یہ تکلیف بھی دور ہو جاتی ہے اگر موسم نہ ہو تو چھلکوں کا پانی بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس سے رکا ہوا پیشاب بھی دوبارہ بحال ہو جاتا ہے۔ خربوزے کے چھلکوں سے نمک بھی حاصل کیا جاتا ہے۔ یہ نمک خربوزہ کہلاتا ہے یہ نمک گردے کے درد کی دواؤں میں ڈالا جاتا ہے۔ یہ بھی گردے کی پتھری و خرابی میں بہت مفید ہوتا ہے اس کے کھانے سے بھی وہی فوائد حاصل ہوتے ہیں جو خربوزہ کھانے سے، یہ نمک چھلکوں اور پتوں کو جلا کر راکھ سے حاصل کیا جاتا ہے۔ یہ پیشاب کی جلن دور کرنے کے ساتھ ساتھ خون کے زہریلے مادے بھی خارج کر دیتا ہے۔ جن افراد کو مستقل قبض کی شکایت رہتی ہو انہیں موسم میں خوب خربوزہ استعمال کرنا چاہیے۔ یہ قبض کو دور کر دیتا ہے۔ شیر خوار بچوں کی ماؤں کے دودھ میں اگر کمی ہو تو ان کے لئے بھی خربوزہ بہت مفید ثابت ہوتا ہے اس کے مسلسل استعمال کی وجہ سے دودھ وافر مقدار میں پیدا ہونے لگتا ہے۔ پسینہ نہ آنے کے مرض میں خربوزے کے استعمال سے بہت فائدہ ہوتا ہے اور پسینے سے خراب اجزا خارج کرنے والے غدود طاقت ور ہو جاتے ہیں۔ خربوزے کے بیجوں کو عام طور پر پھینک دیا جاتا ہے اس کے بیجوں کو دھو کر اور خشک کر کے استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ یہ بیج بھی بہت فائدہ مند ہوتے ہیں ان کے استعمال سے گردے، مثانے اور آنتیں صاف ہوتی ہیں۔ ان کو کھانے سے گلے کی خشکی اور خراش بھی دور ہو جاتی ہے اس کے بیج کا استعمال کرنے سے بدن موٹا ہو جاتا ہے اور اس کو پیس کر چہرے پر لیپ کرنے سے کیلیں اور جھائیاں دور ہو جاتی ہیں۔ یہ پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے خارج کرتا ہے، پیشاب کا رک رک کر آنا اور پیشاب میں پیپ وغیرہ آنے کو دور کرتا ہے اور خربوزے کے بیجوں سے دماغ بھی طاقت ہو جاتا ہے۔ خربوزے کا مزاج گرم ہوتا ہے جب کہ اس کے بیج ٹھنڈے ہوتے ہیں ان بیجوں کا تیل بھی نکالا جاتا ہے جسے دودھ میں ملا کر پیتے ہیں اس میں بہت غذائیت ہوتی ہے۔ پیشاب میں جلن اور پیشاب کے رک جانے میں یہ بہت مفید ہے۔ کھانے میں گوشت گلانے کیلئے بھی خربوزے کے چھلکے استعمال کئے جا سکتے ہیں۔

خربوزے کی ایک قسم کا پھل سردا بھی ہے۔ یہ طبعاً معتدل ہوتا ہے اور دل و دماغ کو تقویت دیتا ہے اور جسم میں رطوبت کی مقدار بڑھاتا ہے۔ یہ بھی خربوزے کی طرح گردے اور مثانے کے لئے مفید ہے، پیشاب آور ہے اور پیشاب کی جلن میں سود مند ہوتا ہے۔ گرما بھی خربوزے کی قسم ہے۔ گرما خصوصیت کے ساتھ ایسی جلدی الرجی کے لئے مفید ہے جس میں جلد سرخ ہو جاتی ہے، جسم پر سرخ سرخ چکتے پڑ جاتے ہیں، معمولی کھجانے پر جلد سرخ ہو جاتی ہے یا دھپڑ پڑ جاتے ہیں۔ اس الرجی میں گرمے کے استعمال سے بہت جلد چھٹکارا مل جاتا ہے صرف گرمے کا استعمال کیا جائے اور گرم، مرچ مصالحہ دار غذاؤں سے پرہیز رکھا جائے۔ کمزوری جگر اور یرقان میں بھی گرما، خربوزہ و سردا بہت فائدہ مند ثابت ہوتے ہیں۔ گرما آدھے سر کا درد شقیقہ کا بھی بہت بہترین علاج ہے۔ اکثر و بیشتر بازاری اشیاء کے کھانے سے آنتوں میں جلن اور سوزش پیدا ہو جاتی ہے جس سے سخت خراش اور مروڑ کے ساتھ اجابتیں آتی ہیں۔ ایسی حالت میں گرما فی الفور سکون پہنچاتا ہے اور پیچش کے اثرات آنتوں سے ختم ہو جاتے ہیں۔ معدے کے السر میں مبتلا افراد اگر گرما استعمال کریں تو یہ بہت فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ یہ بات مشاہدے سے ثابت ہے کہ گرما بھی سردا و خربوزہ کی طرح جسم میں موجود تمام غیر ضروری کیمیائی مادوں کو نکال دیتا ہے اور طبیعت کو پرسکون کر دیتا ہے جو افراد قدرتی نیند سے محروم ہوں یا جنہیں کمزوری قلب کی شکایت ہو یا پھر بھول جانے کا مرض ہو تو انہیں سردا، خربوزہ یا گرما ضرور استعمال کرنا چاہیے۔

اس ماہ کا روحانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُ پڑھیں۔ اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آ جائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپکو مشکل ہو گی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دیگا۔ مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

مراقبہ میں طرح طرح کے کھانے کھائے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ چند سالوں سے مسلسل اپنی روحانی و جسمانی مسائل کے حل کیلئے مراقبہ کر رہی ہوں' الحمدللہ! مراقبہ کرنے سے مجھے سکون مل جاتا ہے اور پریشانی کا کوئی نہ حل اللہ تعالیٰ فرما دیتے ہیں۔ مراقبے کے چند احوال قارئین عبقری کے نام:۔ مراقبہ کے وقت مجھے سبز رنگ کی بیلیں نظر آتی ہیں' جن پر خوبانی کی شکل کا پھل اور دوسری بیل پر اسٹرابری (سرخ رنگ) کا پھل نظر آیا' جو مجھے کھانے کیلئے دیا گیا' اس کے تھوڑی دیر بعد مٹھائی آئی' پھر ایک پکے ہوئے گوشت کی پلیٹ آئی' اس کے بعد ابلے ہوئے انڈے آئے' میں نے آدھا انڈا کھایا' پھر دو بچے نظر آئے جو میرے سامنے بیٹھے قرآن پاک پڑھ رہے ہیں۔ پھر میری آنکھ کھل گئی۔ ایک رات مراقبے میں فضا پر اللہ، اللہ نظر آیا' ایک رات مراقبے میں آسمان پر بکھرے ہوئے بادل نظر آئے۔ ایک مرتبہ مراقبہ میں فضا میں لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ لکھا ہوا ہے۔ میری ہر بیماری پریشانی میں ہمیشہ مراقبہ کام آیا' الحمدللہ۔ (رشیداں بی بی لاہور)

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج

طبی مشورے

توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں اور اس پر مکمل پتہ واضح ہو۔ جوابی لفافہ نہ ڈالنے کی صورت میں جواب ارسال نہیں کیا جائیگا۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں سٹیپلرز پن استعمال نہ کریں۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام اور شہر کا نام یا مکمل پتہ اور اپنا موبائل فون نمبر خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔

2 کلو وزن نہیں اٹھا سکتا: محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 38 سال ہے اور غیر شادی شدہ ہوں' میرا مسئلہ یہ ہے کہ میری ٹانگوں میں جان/ طاقت ختم ہوگئی ہے' چلنا پھرنا ختم ہوگیا ہے' مسجد تک جاتا ہوں وہ بھی دیوار کا سہارا لیکر میں بچپن میں بالکل ٹھیک تھا' لیکن کچھ عرصہ سے مجھے پیشاب کے بعد قطرے آتے تھے اس وجہ سے میں ناکارہ ہوگیا' میں عبقری رسالہ کا تقریباً پانچ سال سے قاری ہوں' کئی معالجین کے پاس گیا مگر کچھ فرق نہ پڑا۔ آپ سے عاجزانہ دردمندانہ عرض ہے کہ میرے مرض کا کوئی علاج بتائیں۔ گھٹنوں میں طاقت ختم' تھوڑا سا بھی چلوں تو ٹانگیں کانپنا شروع ہوجاتی ہیں' دو کلو وزن بھی اٹھا کر نہیں چل سکتا۔ (م۔م۔ح' چکوال)

جواب: آپ نے اپنی بیماری کا بڑی تفصیل سے احوال بیان کیا جو کہ اچھی بات ہے۔ آپ عبقری دواخانہ کا ''نوجوان روگ کورس'' استعمال کریں اور عبقری دواخانہ کے ''کراماتی تیل'' سے صبح وشام اپنی ٹانگوں کی مالش کرکے ان پر گرم کپڑا لپیٹیں۔ اصلی گھی میں بکرے کا عمدہ گوشت بھون کر کھائیں' اصلی خالص شہد کھائیں۔ بادام کا حریرہ دیسی گھی خالص میں بنا کر کھائیں۔ موسمی پھل کھائیں۔

جوانی میں بڑھاپے کے آثار: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 20 سال ہے' میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے سر کے بال عرصہ پانچ سال سے آہستہ آہستہ سفید ہونا شروع ہوگئے لیکن آج سے چھ ماہ پہلے سے اچانک بالوں کا بہت زیادہ حصہ مکمل سفید ہوگیا' مجھے سمجھ نہیں آتی یہ کس بیماری کی وجہ ہے' کافی ادویات استعمال کیں مگر بال کالے نہ ہوئے' ابھی تو جوانی کی عمر ہے' اکثر بچے مجھے ''بابا'' کہہ کر چھیڑتے ہیں۔ میں بڑا پریشان ہوں براہ مہربانی کوئی نسخہ بتادیں جس سے یہ مسئلہ حل ہوجائے۔ (حفیظ الرحمٰن' ساہیوال)

مشورہ: محترم آپ کو زیادہ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں' آپ اپنی خوراک میں موسمی پھل' سبزیاں' دودھ اور مکھن کا استعمال زیادہ رکھیں' بیکری اور فاسٹ فوڈز سے فوراً کنارہ کشی اختیار کرلیں۔ آملہ کا مربہ صبح وشام چند دانے متواتر کھائیں۔ ان شاء اللہ چند ہفتے' چند مہینے کے اس مزیدار ٹوٹکے سے آپ کے بال دوبارہ کالے ہونا شروع ہوجائیں گے۔ پڑھائی کے ساتھ ساتھ کچھ وقت کھیل کود بھی دیں۔

چہرے کے مسائل: میرا مسئلہ یہ ہے کہ میری عمر جب 15 سال تھی تب سے چہرے پر بہت بڑے بڑے پیپ والے دانے بنتے ہیں جو درد بھی کرتے ہیں' سکن آئل ہے' کریمیں بھی بہت استعمال کیں' سکن کے ڈاکٹرز کو بھی بہت دکھایا' گائنی کالوجسٹ کو بھی کہ شاید ہارمونز کا مسئلہ نہ ہو' کچھ ڈاکٹرز کہتے تھے کہ شادی کے بعد ٹھیک ہوجائیں گے' اب شادی بھی ہوگئی ہے' تین بچے بھی ہیں' عمر اب 24 سال ہے' مگر دانے اسی طرح بنتے ہیں' بہت داغ بن گئے ہیں اور سارے چہرے پر گڑھے پڑ چکے ہیں' ابھی بھی بہت کوشش کرتی ہوں کہ یہ ختم ہوجائیں مختلف ٹوٹکے استعمال کرتی ہوں' مگر نہیں چہرہ ویسا ہی ہے۔ براہ مہربانی کوئی نسخہ یا دوائی تجویز کریں' نوازش ہوگی۔ (ص' کراچی)

مشورہ: میری رائے میں چہرے پر الرجی ہے' سب کوئی بھی رہا ہو سات دانے عناب کچل کر ایک چمچی سونف ایک کپ کھولتے ہوئے پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح کو جوش دے کر چھان کر ذرا سی چینی ملا کر پی لیں۔ دو ہفتے کے بعد دوبارہ لکھیں۔ تمام گرم چیزوں' کیمیکلز ملی کریموں سے پرہیز کریں۔ اس سب کے ساتھ عبقری دواخانہ کی ''خون صفاء'' چند ہفتے' چند مہینے استعمال کریں۔

جگر' تلی اور دل کا مسئلہ: مجھے جگر کا مسئلہ ہے' تلی بھی بڑھی ہوئی ہے اور دل بھی ٹھیک نہیں ہے اور ساتھ ہی ہیپاٹائٹس کا مسئلہ بھی ہے' ان بیماریوں سے میرے اندر عجیب سا خوف پیدا ہوگیا ہے' میں پریشان رہتی ہوں' خدارا مجھے کوئی نسخہ یا دوائی بتائیے کہ میرا مسئلہ حل ہوجائے۔ (ن۔ا)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کا ''ہیپاٹائٹس نجات سیرپ'' چند ہفتے' چند مہینے استعمال کریں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کی دوا ''ستر شفائیں'' کا استعمال جاری رکھیں۔

گھٹنوں میں درد: تقریباً پانچ سال سے دونوں گھٹنوں میں شدید درد ہوتا ہے اور صحیح طریقے سے چل نہیں سکتا' صحیح نہ چلنے سے پنڈلی کے مسل (پٹھے) بھی درد کرتے ہیں' کئی ڈاکٹروں کو چیک کروا چکا ہوں' جس ڈاکٹر کے پاس جاتا ہوں' پین کلر دوائی دے دیتے ہیں یا گھٹنے کی تبدیلی کا کہتے ہیں' دراصل گھٹنے کی نرم ہڈی جو جوڑ میں ہوتی ہے وہ آہستہ آہستہ یورک ایسڈ کی وجہ سے گھس رہی ہے' گھٹنے کے علاوہ جسم کے کسی حصے میں یا جوڑ میں درد نہیں ہے۔ براہ مہربانی کوئی اچھا سا نسخہ تجویز کردیں۔ (محمد طاہر مسعود' خوشاب)

مشورہ: آک کے پتوں کو کوٹ کر اس کی پوٹلی بنالیں۔ اس پوٹلی کو گھی سے تر کرکے گرم کریں اور گھٹنوں کی ٹکور کریں یا پھر آک کے پتے کو گھی سے تر بتر کرکے اوپر باندھ دیں۔ چالیس روز یہ عمل کریں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کا ''یورک ایسڈ'' کورس چند ہفتے' چند مہینے استعمال کریں۔ غذائی پرہیز ضرور کریں۔

ٹانکے خراب: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے پانچ سال بعد اللہ تعالیٰ نے اولاد سے نوازا' بارہ ربیع الاول کو اللہ تعالیٰ نے مجھے خوبصورت بیٹی عطا فرمائی۔ بیٹی آپریشن کے ذریعہ ہوئی' آپریشن کے بعد میرے ٹانکے خراب ہوگئے' آج 40 دن سے اوپر ہوگئے ہیں مگر زخم بند نہیں ہورہے اور انجکشن لگوا لگوا کر میری سکن بھی خراب ہوگئی ہے' کچھ کھانے کو بتادیں' کچھ لگانے کو بتادیں' میرا دودھ بھی بہت کم ہوگیا ہے' بچی پی کر بھی مطمئن نہیں ہوتی۔ (س' ع۔ کراچی)

مشورہ: بہن! یہ نسخہ بارہا کا آزمودہ ہے' عبقری کے ایک قاری نے قارئین عبقری کو ہدیہ کیا تھا' اس کے شفاء بخش اثرات کو دیکھتے ہوئے آپ کو اسی نسخہ کو بنا کر لگانے کا مشورہ دوں گا۔ ھوالشافی: دیسی کیکر کے خشک پتے ایک چھٹانک، تمباکو آدھی چھٹانک۔ دونوں اجزاء کو باریک پاؤڈر کرکے کپڑے سے چھان لیں۔ ایک تولہ کے قریب پاؤڈر' پانچ تولہ سرسوں کے تیل میں ملالیں اور شیشی میں محفوظ کرلیں۔ بقیہ پاؤڈر الگ شیشی میں ڈال کر محفوظ رکھیں۔ جو زخم رستے ہوں' ناسور بن گئے ہوں اور ٹھیک ہونے کا نام نہ لیتے ہوں ان پر خشک سفوف کا چھڑکاؤ کرتے رہیں۔ ہفتہ دس دن میں زخم بھر جائیگا۔ دوسرے جسمانی زخموں پر تیل والی دوائی مرغ کے پر سے یا کسی مناسب پھاہے کیساتھ لگاتے رہیں۔

چند دنوں میں گردے کی پتھری ریزہ ریزہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کافی عرصہ سے عبقری پڑھ رہا ہوں' آپ کا رسالہ مخلوق کیلئے ایک استاد کی حیثیت رکھتا ہے' جو ہر لحاظ سے پڑھنے والے کی رہنمائی کررہا ہے۔ میں اپنا مجرب المجرب نسخہ آپ کو بھیج رہا ہوں اگر کسی آدمی کے گردے میں پتھری ہو تو یہ نسخہ استعمال کرے۔ ھوالشافی: دیسی مرغ یا مرغی کے پوٹے کا چھلکا سکھا کر باریک پیس لیں' صبح' دوپہر' شام چائے کا چمچ سفوف لے کر پانی کے ساتھ کھا لیں۔ چند دنوں میں پتھری ریزہ ریزہ ہوکر نکل جائیگی۔ (ڈاکٹر علی' ایبٹ آباد)

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232
Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

گرمی سے منہ پک جائے تو: املی کے پتوں کا جوشاندہ تیار کریں' منہ پکنے کی صورت میں اس پانی کے غرارے کرنے سے فائدہ ہوتا ہے' اس کے علاوہ زخموں کو دھونے سے گھمبیر وغیرہ کو فائدہ ہوتا ہے۔

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج

روحانی بیماریوں کا روحانی علاج

براہ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ آپ طلب امور کیلئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ مختصر اور صاف کے ایک طرف لکھیں۔ خط لکھتے ہوئے املائی کوریکٹ یا سٹیمپ پیپر کا استعمال نہ کریں کیونکہ خط کھولتے ہوئے پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے لکھا پتا نام شہر کا نام اور مکمل پتہ واضح کر کے جوابی خط پر ضرور لکھیں۔ ایڈریس نامکمل ہونے کی وجہ سے جواب نہیں دیا جاسکا۔

بھائی سرکاری نوکری چھوڑنا چاہتا ہے؟: شیخ الوظائف السلام علیکم! ہمارا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ میرا بھائی جو کہ ایک سرکاری ادارہ میں بہت اچھی پوسٹ پر ہے' نامعلوم وہ کن کی باتوں میں آگیا ہے کیونکہ وہ کہتا ہے کہ میں یہ نوکری نہیں کروں گا' میں خودکشی کرلوں گا مگر یہ نوکری نہیں کروں گا۔ امی اور ابو بہت پریشان ہیں' بہت سالوں کی دعا اور وظائف کے بعد جا کر میرے بھائی کو یہ نوکری ملی تھی' سب کچھ بہت اچھا چل رہا تھا۔ ہمارے گھر کے حالات بھی بہت اچھے ہوگئے یہ خود بھی اس نوکری سے بہت خوش تھا' نامعلوم اب کیا ہوگیا ہے کہ کچھ عرصہ پہلے گھر والوں نے اسے سمجھایا تو باہر جا کر کوئی زہریلی چیز کھا کر آگیا اور اس کی حالت غیر ہوگئی' فوراً ڈاکٹر کے پاس لے کر گئے اور وہاں جا کر بڑی مشکل سے اس کی حالت سنبھلی' جب اس کی طبیعت خراب تھی اس وقت بھی صرف یہی کہہ رہا تھا میں نوکری نہیں کرنا چاہتا اس لیے میں نے خودکشی کی کوشش کی ہے۔ ہمیں کسی نے بتایا کہ اس کو کسی نے بہکایا ہے۔ خدارا ہمیں کوئی وظیفہ بتائیں کہ میرا بھائی نوکری چھوڑنے کا خیال دل سے نکال دے اور پہلے کی طرح خوشی خوشی دفتر جایا کرے۔ (ایک بہن' کراچی)

جواب: آپ تمام گھر والے نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد ایک سو ایک بار یَا حَفِیْظُ یَا وَدُوْدُ پڑھ کر بھائی کے دل کا تصور کر کے اس کے دل پر دم کردیا کریں۔ اگر بھائی خود یہ عمل کرسکے تو اور بھی بہتر ہے۔ ان شاء اللہ چند ہفتوں میں ہی اس کے دل سے منفی اور پریشان کن خیالات کا خاتمہ ہوجائے گا۔

کمزوری نظر دور: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر صرف 16 سال ہے' میری دور کی نظر بے حد کمزور ہے' عینک کا نمبر 4.5 ہے' عینک سے چھٹکارے کوئی آزمودہ ٹوٹکا اور وظیفہ بتادیں' جس سے میری نظر بھی ٹھیک ہوجائے اور عینک بھی اتر جائے اور دوسرا یہ کہ میں بہت زیادہ کمزور ہوں اور اس کا بھی کوئی اچھا سا ٹوٹکا بتادیں۔ (رانا ریحان' بھکر)

جواب: ٹھیک دوپہر کے وقت جس کو زوال کا وقت کہتے ہیں باوضو بیٹھ کر یَا رَحْمٰنُ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس پانی میں سلائی تر کر کے سات سات سلائیاں دکھی آنکھ میں ڈالیں اور اسے تین دن تک لگائیں انشاء اللہ آرام ہوگا۔ اس کے علاوہ گیارہ دن سورۃ العصر تین مرتبہ پڑھ کر سرمہ پر دم کریں صبح و شام آنکھوں میں لگائیں انشاء اللہ نظر بہتر ہونا شروع ہوجائے گی۔ اس کے علاوہ آپ عبقری دواخانہ کی ''روشن دماغ'' اور ''اکسیر البدن'' چند ہفتے چند مہینے متواتر استعمال کریں۔ موسمی پھل' مکھن' دودھ' دہی کا زیادہ استعمال کریں۔ صبح کی سیر کو معمول بنالیں۔

کالے جادو کا ڈسا خاندان: عرصہ بائیس سال سے جادو کے چنگل میں پھنسے ہوئے ہیں' اس کالے علم نے ہمیں مالی' جسمانی' روحانی' بچوں کی تعلیم میں بہت تباہی دی' مگر اللہ پاک کی مدد شامل حال رہی کہ ہماری جانیں ابھی تک سلامت ہیں۔ مجھے پہلے سب کچھ نظر آتا تھا مگر ان ظالموں نے جادو کے ذریعے میری نظر بند کردی' پھر میری اور میرے بچوں کی خوب تباہی لگائی' اب جو پڑھائی میرے اوپر آرہی ہے وہ میرے جسم کی طاقت کھینچ رہی ہے میں بے بس ہوجاتی ہوں' ایک بیماری جاتی نہیں دوسری آجاتی ہے۔ خدارا ہمیں کچھ بتائیں بہت تباہی دیکھ لی' سکون چاہتی ہوں۔ (روبی سلطانہ' لاہور)

جواب: آپ تمام گھر والے روزانہ درود تنجینا 313 بار پڑھیے۔ میرا بار بار کا تجربہ ہے کہ جب بھی کسی مشکل میں مبتلا فرد نے اس وظیفے کو پڑھا اور اگر تمام گھر والے مستقل مزاجی سے اعتماد سے اور یکسوئی سے پڑھیں تو جلدی اور دائمی فائدہ ہوتا ہے۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ اس وظیفے کو مستقل مزاجی سے 90 دن پڑھیں۔ گھبرائیں نہ بلکہ توجہ اور دھیان سے پڑھیں۔

میاں بیوی میں محبت اور دیگر مسائل کیلئے: میری عمر 40 سال اور میرے تین بچے ہیں' میں جاب کرتی ہوں' تیسرے بچے کی پیدائش کے بعد بہت سے مسائل شروع ہوگئے' جن میں ایک بلڈ پریشر بھی تھا' پھر مجھے ڈیپریشن ہوگیا' ڈیپریشن کی ادویات کھانا شروع کیں تو کچھ آرام ملا' مگر جب تک دوائی نہ کھالوں سکون نہیں ملتا۔ ورزش نہیں کرسکتی' وزن بڑھتا جارہا ہے' میرے جسم پر چھوٹے چھوٹے موتیے بن گئے ہیں' رنگ بہت گورا تھا اب خراب ہورہا ہے ان سب کے علاوہ میاں بیوی کی آپس میں صلح رہے اور کبھی لڑائی نہ ہو اس کیلئے بھی کوئی وظیفہ بتادیں۔ (پوشیدہ)

جواب: سورۂ حشر کی آیت نمبر 22 اور 23 روزانہ گیارہ بار پڑھ کر' پانی پر دم کر کے شوہر کو پلائیں اور یہی آیات نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد سب گھر والے چار چار بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے خیر و برکت کی دعا مانگیں اور ہاتھوں پر دم کر کے ہاتھ چہرے پر پھیر لیا کریں۔ عبقری دواخانہ کی سکون افزا چند ہفتے' چند مہینے مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ ان شاء اللہ آپ کے تمام مسائل حل ہوجائیں گے۔

کوئی وظیفہ بتادیں کہ نمبر اچھے آئیں: میری آپ سے تہہ دل سے گزارش ہے کہ آپ میرے والدین کی صحت' میرے بہن بھائیوں کی کامیابی کیلئے خصوصی دعا کریں اور میں نے تھرڈ ایئر کے پیپرز دیئے ہیں' مجھے کوئی وظیفہ پڑھنے کیلئے بتادیں کہ میرے اچھے نمبرز آئیں۔ (تابعدار بیٹی' لاہور)

جواب: آپ خود اور بہن بھائیوں کی کامیابی اور ذہنی قابلیت بڑھانے کیلئے بطور روحانی علاج صبح و شام اکتالیس مرتبہ سورۂ البقرہ کی آیت 255 اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر ایک ایک ٹیبل سپون شہد پر دم کر کے پئیں۔ وضو بے وضو کثرت سے یَا عَلِیْمُ کا ورد کرتے رہا کریں ان شاء اللہ اس سے آپ کو بہت سکون اور اس کیفیت سے نجات ملے گی۔ ان شاء اللہ درج بالا وظیفے کی بدولت آپ کی ذہنی قابلیت بھی بڑھے گی اور امتحانات میں اچھے نمبرز سے کامیابی بھی حاصل ہوگی۔

میرے کپڑے کوئی کاٹ ڈالتا ہے: میرا مسئلہ یہ ہے کہ ایک صبح تقریباً 9 بجے کے قریب میں سو رہی تھی اور آدھی نیند میں تھی تو میں نے اپنے سیدھے ہاتھ کی طرف کسی کو کھڑا ہوا دیکھا جس نے میرے سر پر ہاتھ رکھا پھر اس کے بعد اس نے اپنی دو انگلیاں میری آنکھوں پر رکھیں اور ہٹالی اس کے بعد مجھے محسوس ہوا کہ میرے سر میں گرمائش ہونے لگی ہے جو کہ سینے کی طرف جاتی ہوئی محسوس ہوئی تو اسی وقت میں پوری طرح سے ہوش میں آگئی' تو میں اسی جگہ پر دیکھ رہی تھی اور وہاں کوئی نہیں تھا' کئی بار شام کے وقت میں نے محسوس کیا کسی کو بیٹھتے ہوئے' کسی کو جاتے ہوئے' ایک خاص بات کہ میں رات کو کپڑے بدل کر سوتی ہوں اور صبح مجھے وہ کپڑے پھٹے ہوئے ملتے ہیں' اللہ کا کرم ہے نماز کی پابند ہوں۔ میں بہت پریشان ہوں میں نہیں جانتی کہ معاملات کیا ہیں' آپ بتائیں۔ (پوشیدہ' خانیوال)

جواب: آپ صبح و شام اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ گیارہ گیارہ مرتبہ اسم الٰہی یَا قَهَّارُ پڑھا کریں۔ ان شاء اللہ آپ کے جملہ مسائل حل ہوجائیں گے۔

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

بچوں کے رشتے نہیں ملتے تو یہ وظیفہ آزمالیں! لڑکے یا لڑکی کا رشتہ درکار ہو تو اسم پاک یَا شَکُوْرُ کی روزانہ تین تسبیح اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھا کرے۔

عبقری پیسے بٹورنے کا ذریعہ! مگر جب پڑھا تو

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار اصلیت کے دائرہ قریب کر دیئے گئے ہیں کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

قارئین! حضرت جی! کے درس موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں روز سنیں آپ کے گھر گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بہت ساری دعائیں آپ کے نام، عبقری کی ٹیم اور آپ کے چاہنے والوں کے لئے بہت ساری دعائیں، اللہ پاک سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ اللہ رب العزت آپ کی نسلوں کو مخلوق خدا کی خدمت کی توفیق عطا فرمائے اور ہمیں آپ سے سیکھنے کی ہمت دے۔ عبقری سے میرا تعلق 14 دسمبر 2015ء سے ہے جب لاہور اپنی بہن کے گھر دیکھا تو دیکھ کر یہ سوچا کہ دوسروں سے پیسے بٹورنے کے لئے سب کچھ کرتے ہیں لیکن دو دن کے بعد آخر عبقری کو کھول کر پڑھ ہی لیا جس کے بعد اپنی بدگمانی پر شرمندہ بھی ہوئی اور حیران بھی کہ آج کل کے دور میں بھی فرشتہ صفت لوگ دنیا میں موجود ہیں۔ لوگوں کی آپ محبت وعقیدت نے مجھے بھی عبقری پڑھنے اور آپ کے درس سننے پر مجبور کردیا۔ میں نے عبقری سے بہت سارے وظائف اور ٹوٹکے اپنائے اور الحمد اللہ سو فیصد کامیاب رہی ہوں۔ عبقری کے ٹوٹکوں اور دوائیوں سے بھی بھرپور فائدہ اٹھا رہی ہوں۔ آج ہی دوا خانہ سے عبقری کی دو دوائیاں منگوائی ہیں۔ میں نے چھوٹی سی عمر میں ہی نماز پڑھنا شروع کردی تھی۔ اپنے مذہب سے بہت لگاؤ ہے۔ کبھی بھی کسی کے لئے اپنے دل میں بے ایمانی نہیں رکھی۔ میرے دل میں نماز قرآن کے باوجود خلا تھا اور خواہش تھی کہ ایسا کوئی رب کا نیک بندہ ہو جو میرے خلا کو پر کرسکے تہجد گزار بن جاؤں۔ ہمیشہ نیکی کی طرف دھیان رہے۔ الحمد اللہ جو عبقری رسالے اور آپ کے دروس نے پوری کردی ورنہ میں سمجھتی تھی کہ میری خواہش پوری ہونا ناممکن ہے۔ آپ کے دروس کی وجہ سے تہجد بھی پڑھنے لگ گئی ہوں۔ نماز میں بھی اب خوب دھیان لگتا ہے اور مزاج میں بھی بہت زبردست تبدیلی آئی ہے۔ سب آپ کی مرہون منت ہے۔

عبقری کے نام میرا دوسرا خط ہے۔ فروری 2016ء میں اپنے والد صاحب سے اجازت لے کر اپنے بھائی کے مسئلے کے لئے لکھا اور آپ نے ہماری رہنمائی بھی فرمائی۔ ابو جی کا کہنا تھا کہ بیٹے لوگ پیسوں کے بغیر کسی کا کام نہیں کرتے۔ اگر انہوں نے پیسوں کا مطالبہ کردیا تو میں نہیں دے پاؤں گا۔ لیکن 17 دن بعد آپ کا جوابی خط مل گیا۔ جس کی مجھے بہت خوشی ہوئی۔ بھائی کا مسئلہ یہ تھا:

9 سال پہلے ہم نے امی کے زیورات اور پلاٹ فروخت کرکے بھائی کو کویت بھیجا لیکن وہاں جاکر اس کا کوئی کام ہی نہ بن پایا اور گھر والوں سے مکمل قطع تعلقی کرلی۔ وہ جہاں بھی کام کرتا ہے لوگ کام کروا کے پیسے ہی نہیں دیتے۔ دو بار کسی کے ساتھ مل کر بھی کام کیا لیکن انہوں نے بھی دھوکہ دیا۔ دوسری بار ماموں کے بیٹوں کے ساتھ مل کر کام کیا لیکن انہوں نے سب کاروبار چھین کر اسے فارغ کردیا۔ میرا بھائی پانچ وقت کا نمازی، روزہ دار ہے ماشاء اللہ بہت چھوٹی سی عمر میں ڈاڑھی رکھ لی لیکن وہ وہاں فاقے کاٹ رہا ہے اور ہم لوگ ادھر۔ جس ماموں کے بیٹوں کے ساتھ ملکر کاروبار کیا تھا آج وہ 9 مکانوں کے مالک ہیں اور ہم کرائے پر رہ رہے ہیں۔ یہاں تک کہ کرایہ دینا بھی مشکل ہوجاتا ہے۔ حالانکہ ان کے بیٹوں کو میرے بھائی نے ہی کام سکھایا تھا اور اب وہی کہتے ہیں کہ (ع) سے کوئی امید نہ رکھنا وہ کبھی کچھ نہیں دے سکتا۔ میری امی بھی اپنے گھر اور اچھے رہن سہن کا خواب لے کر اس دنیا سے رخصت ہوگئی۔

آپ نے جوابی خط میں دو انمول خزانہ نہایت توجہ اور دھیان سے پڑھنے کی تلقین فرمائی اور درس سننے کا فرمایا۔ معذرت کے ساتھ بوجہ فرصت میں زیادہ دو انمول خزانہ تو نہ پڑھ سکی کیونکہ گھر کی ذمہ داری مجھ پر ہی ہے لیکن درس باقاعدگی سے سنتی ہوں اور اس وقت بھی سن رہی ہوں۔ لیکن میں نے عبقری سے دیکھ کر وظائف پڑھنا شروع کردیئے جن کی برکت سے میرے بھائی کا کام بھی ماشاء اللہ ٹھیک ہوگیا۔ گھر والوں سے رابطہ بھی ہونے لگ گیا ہے اور اب اپنی شادی کے لئے پاکستان آرہے ہیں جبکہ پہلے تو میری خالہ رشتے سے بھی انکار کرچکی تھی کہ اس کا کوئی کام نہیں ہے۔ میں ہر وقت اللہ پاک کا شکر اور آپ کے لئے دعائیں کرتی ہوں۔

حضرت حکیم صاحب میں آپ کی تعریف نہیں کرسکتی کیونکہ میرے پاس وہ الفاظ نہیں جن کے آپ حق دار ہیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! اللہ رب العزت آپ کو جزائے خیر دے۔ آپ کے درس سن سن کر جینے کا ڈھنگ آگیا ہے۔ (پوشیدہ، گجرات)

ہر آنے والی پریشانی فوراً دور ہوتی ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کی انتہائی مشکور اور ممنون ہوں کہ ماہنامہ عبقری اور آپ کے دروس نے زندگی کا رخ بدل دیا ہے۔ الحمد للہ! ہر جمعرات کو تسبیح خانہ میں ہونے والا درس لائیو سنتے ہیں اس کے علاوہ موبائل کے میموری کارڈ میں درس ڈاؤن لوڈ کرکے سارا دن روزانہ سنتے ہیں۔ کوئی مسئلہ، بندش، پریشانی، کاروباری الجھن ہو درس سن کر دعا مانگتے ہیں اللہ تعالیٰ کرم فرمادیتے ہیں۔ ابھی چند دن پہلے کی بات ہے کہ گھر میں بہت زیادہ تنگی آگئی، بہت پریشان تھی، میں نے اپنے ایک بیٹے کو حفظ قرآن پر ڈالا ہوا ہے، میں نے اس سے وعدہ کیا تھا کہ جب تم سپارہ ختم کروگے تو بریانی پکاؤں گی، جبکہ بیٹے نے عینک اور گھڑی کا مطالبہ کردیا، میرے پاس دینے کو کوئی انعام نہ تھا، ٹال مٹول کی اور مسجد میں جاکر اللہ تعالیٰ سے مانگنے کو کہا۔ اس دن جمعرات تھی، میرے شوہر نوچندی جمعرات کو لاہور درس پر گئے، جبکہ گھر پر بچے بریانی کھانے اور عینک گھڑی کی ضد لگائے بیٹھا تھا، میں نے غصہ میں خوب مارا کہ میرے پاس تو ہنڈیا کہ پیسے نہیں، جاؤ مسجد میں، میرے پاس کچھ نہیں، بچہ روتا ہوا چلا گیا، واپس آیا تو بہت خوش، مسجد میں ہی جیب میں ہاتھ ڈالا تو سو کا نوٹ نکل آیا۔ میں بھی کتنی ظالم نکلی، جلدی سے وہ نوٹ بچے سے چھینا اور گھر کی ضروریات پر خرچ کرڈالا۔

بس پھر موبائل فون پر درس سنا، ذکر کیا، دعا مانگی، عجیب ذائقہ آیا۔ شب جمعہ تھی تسبیح خانہ میں بتائے اعمال میں لگ گئی، پیٹ خالی تھا، بھوک شدید لگی ہوئی تھی مگر ایسا مزہ پہلے کبھی نہ آیا تھا۔ دعا کے بعد سوگئی، صبح جمعہ کو دس بجے ایسے ہی صلوٰۃ تسبیح پڑھی۔ خدا سے دعا مانگی، بس اللہ پر توکل باندھا۔

جمعہ کی شام شوہر گھر آئے، وہ بہت فریش پھل لے آئے، ہم بہت خوش، کھایا، بچہ جو ناراض تھا اس کیلئے عینک گھڑی بھی آگئی، بچے نے مزید بتایا کہ مسجد میں ہی اللہ تعالیٰ کے فضل سے مزیدار بریانی بھی اللہ تعالیٰ نے کھلادی۔ اللہ تعالیٰ نے رزق کا سبب بنادیا، بچیوں کی فیسیں ادا نہ ہورہی تھیں وہ بھی اسی ہفتے ادا ہوگئیں، اللہ کریم نے خوب کھلایا، بہت ہی کرم کیا، ہم تھوڑا سا توکل کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھر کر نوازتے ہیں۔ یہ سب درس کی برکت سے ہے، میری ہر پریشانی اسی درس کی برکت سے دور ہوتی ہے۔ اگر میں یہاں اپنے تسبیح خانہ سے جڑنے سے پہلے کے حالات لکھ دوں تو ہر پڑھنے والے کی آنکھ سے آنسوؤں کی لڑیاں جاری ہوجائیں، مگر اب الحمد للہ ہمارے گھرانے کی زندگیاں صرف درس اور ماہنامہ عبقری سے بدلی ہیں۔ (ن۔ع، گوجرانوالہ)

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

ڈاکٹروں نے بانجھ قرار دیا اللہ نے گود بھر دی

ڈاکٹروں نے جواب دے دیا ہے کہ آپ کی اولاد نہیں ہو سکتی۔ ایک ڈاکٹر بولا: مجھے افسوس ہے آپ دونوں میاں بیوی بانجھ ہیں اور میں نے اپنی ذاتی دلچسپی لے کر آپ دونوں کا علاج کیا ہے مگر افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ آپ کی اولاد نہیں ہوگی۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الحمدللہ! ماہنامہ عبقری بہت ذوق شوق سے پڑھتا ہوں اور دوست احباب کو بھی ہدیہ کرتا رہتا ہوں۔ آپ کا ہر جمعرات کو ہونے والا درس روحانیت و امن سننے تسبیح خانہ ضرور آتا ہوں۔ میں اپنا ایک ذاتی مشاہدہ قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں۔ بے شک قارئین اللہ رب العزت سے مانگیں تو وہ بنجر زمین کو بھی ہرا بھرا کر سکتا ہے۔ میرا ایک دوست ہے میرے گاؤں کا رہنے والا ہے، اس نے سکین کالج لاہور سے اے سی سی اے کی ڈگری لی اور آرٹیکل مکمل کر کے اب جاب کی تلاش سے پھر لاہور آیا ہوا تھا۔ اس کو میں نے درس کی دعوت دی اور ساتھ لے آیا (کیونکہ وہ ان چیزوں کو ماننے والا نہیں تھا) اور وہ میری دعوت پر تسبیح خانہ آ گیا۔ اس کو عبقری رسالہ بھی میں دیتا ہوں۔ ایک دن میں اس کو زبردستی تسبیح خانہ لے آیا اس دن حضرت حکیم صاحب ''انٹرنیٹ اور اس کی تباہ کاریوں'' پر درس دے رہے تھے۔ اس نے بڑے غور سے درس سنا۔ اکثر ایسا ہوتا جب ہم درس سننے کے بعد تسبیح خانہ سے باہر نکلتے تو وہ حضرت حکیم صاحب کی اکثر باتوں کا مذاق اڑاتا اور میرے ساتھ بحث کرتا۔ مگر اس دن میں بڑا حیران ہوا کہ اس نے درس میں ہونے والی تمام باتوں میں کسی ایک بات کا بھی اعتراض نہیں کیا۔ حالانکہ اس کا مزاج کیڑے نکالنے والا ہے۔ خیر دوسرے دن وہ واپس گاؤں چلا گیا۔ اپنے گاؤں سے 2 ماہ بعد پھر واپس لاہور آ گیا۔ ایک ملٹی نیشنل فرم میں جاب کے انٹرویو کے لئے اس نے خود مجھ سے ماہنامہ عبقری مانگا۔ میں نے بخوشی اس کو رسالہ دے دیا اور پھر باتوں ہی باتوں میں اس نے کہا کہ میں آپ کو ایک پرسنل بات بتاتا ہوں۔ جو اس سے پہلے کبھی آپ سے شیئر نہیں کی ہے۔

میری شادی کو چھ سال ہو گئے ہیں۔ آپ کو پتہ ہے میری اولاد نہیں ہے۔ میں نے کہا: ہاں مجھے معلوم ہے کہ آپ کے ہاں اولاد نہیں ہے۔۔ اس نے کہا: ہم میاں بیوی نے بڑے بڑے پروفیسرز، ڈاکٹرز سے علاج کروائے ہیں اور عرصہ 5-6 سال سے علاج کروا رہے ہیں۔

دسمبر 2014ء میں ڈاکٹروں نے جواب دے دیا ہے کہ آپ کی اولاد نہیں ہو سکتی۔ ایک ڈاکٹر صاحب بولے: مجھے افسوس ہے آپ دونوں میاں بیوی ابھی جوان ہیں اور میں نے اپنی ذاتی دلچسپی لے کر آپ دونوں کا علاج کیا ہے مگر افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ آپ کے ہاں اولاد نہیں ہوگی۔ آپ بیوی کی ٹیوب رکھوا لیں اس سے چانس ہو سکتا ہے کہ شاید اولاد ہو جائے۔

پھر پہلو بدل کر بولا جب تو مجھے تسبیح خانہ لے کر گیا تو وہاں مجھے ایک بات نے بہت متاثر کیا کہ اللہ تعالیٰ سے سچے دل سے جو مانگا جائے وہ دیتا ہے، اعمال سے سب کچھ بنتا ہے اور اللہ تعالیٰ ہی دیتا ہے اور یقین سے ہوتا ہے اور پھر کہتا ہے کہ تسبیح خانہ میں درس سننے کی برکت سے اعمال کا یقین میرے دل کے اندر اتر گیا اور پھر میں نے اللہ تعالیٰ سے منت مانی کہ یا اللہ 100 رکعت نفل میں پڑھوں گا اور 100 رکعت نفل میری بیوی پڑھے گی اور 10 ہزار روپے میں اللہ کی راہ میں خرچ کروں گا اور 10 ہزار میری بیوی خرچ کرے گی اور اللہ سے خوب رو رو کر التجائیں کریں گے۔ میرا دوست مزید کہنے لگا راتوں کو اٹھ اٹھ کر دعائیں کرنے اور سو، سو نوافل کی منت ماننے کے بعد اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے میری اہلیہ حمل سے ہے اور اس کو دوسرا مہینہ ہے۔

جب ہم نے ڈاکٹروں کو بتایا جو کہتے تھے کہ آپ کبھی ماں باپ نہیں بن سکیں گے اور انہیں رپورٹس دکھائیں تو حیران بھی ہیں اور پریشان بھی اور کہتے ہیں کہ یہ معجزہ ہے۔ قارئین! مجھے اس کا یقین (جو کہ ان باتوں پر یقین ہی نہ رکھتا تھا) دیکھ کر رشک ہوا کہ مجھے بھی اللہ ایسا یقین کامل دے۔ (آمین)

نسخہ برائے نزلہ، زکام، کھانسی، ریشہ، ٹانسلز، کیرا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس نزلہ، زکام، کھانسی، ریشہ، ٹانسلز، کیرا، نزلہ زکام کی وجہ سے کانوں کا خراب ہونا جیسے مسائل کیلئے ایک انتہائی لاجواب اور سستا نسخہ ہے۔ **ھوالشافی:** اسطخدوس 250 گرام، گری بادام 250 گرام، کالی مرچ 50 گرام، دھنیا خشک 50 گرام۔ سفوف بنا کر حسب ذائقہ نمک ملانا ہے۔ **خوراک:** ایک چمچ چائے والا صبح، دوپہر، شام اس نسخہ کو دماغ کا جھاڑو بھی کہا جاتا ہے۔ **ریشہ کیلئے:** 7 عدد کالی مرچ دن میں ایک یاد دو بار کھائیں۔ (کیپٹن حبیب اللہ، گوجرانوالہ)

سب سے بڑی دولت اعتبار

ایک آدمی نے کاروبار شروع کیا اس کے پاس مشکل سے چند سو روپے تھے، وہ کپڑے کے تھان خرید کر لاتا اور پھیری کر کے اس کو فروخت کرتا، کچھ کام بڑھا تو اس نے ایک دکان والے سے اجازت لے کر اس کی دکان کے سامنے پٹری پر بیٹھنا شروع کر دیا۔ کپڑے کے جس تھوک فروش سے وہ کپڑا خریدتا تھا اس سے اس نے نہایت اصول کا معاملہ کیا۔ دھیرے دھیرے اس تھوک فروش کو اس آدمی کے اوپر اعتبار ہو گیا۔ وہ اس کو ادھار کپڑا دینے لگا، جب آدمی ادھار پر کپڑے لاتا تو اس کی کوشش رہتی کہ وعدہ سے کچھ پہلے ہی اس کی ادائیگی کر دے۔ وہ اسی طرح کرتا رہا، یہاں تک کہ تھوک فروش کی نظر میں اس کا اعتبار بہت زیادہ بڑھ گیا اب وہ اس کو اور زیادہ کپڑے ادھار دینے لگا، چند سال میں یہ نوبت آ گئی کہ تھوک فروش اس کو پچاس ہزار اور ایک لاکھ روپے کا کپڑا بے تکلف دے دیتا۔ وہ اس کو اس طرح مال دینے لگا جیسے کہ وہ اس کے ہاتھ نقد فروخت کر رہا ہو۔

اب آدمی کا کام اتنا بڑھ چکا تھا کہ اس نے ایک دکان لے لی، دکان بھی اس نے نہایت اصول کے ساتھ چلائی، وہ تیزی سے بڑھتا رہا، یہاں تک کہ وہ اپنے شہر میں کپڑے کے بڑے دکانداروں میں شمار کیا جانے لگا۔ اس دنیا میں سب سے بڑی دولت روپیہ نہیں، اس دنیا میں سب سے بڑی دولت اعتبار ہے، اعتبار کی بنیاد پر آپ اسی طرح کوئی چیز لے سکتے ہیں جس طرح نوٹ کی بنیاد پر کوئی شخص بازار سے سامان خریدتا ہے، اعتبار ہر چیز کا بدل ہے، مگر اعتبار زبانی دعووں سے قائم نہیں ہوتا اور نہ اعتبار ایک دن میں حاصل ہوتا ہے، اعتبار قائم ہونے کی صرف ایک ہی بنیاد ہے اور وہ حقیقی عمل ہے، خارجی دنیا اس معاملہ میں انتہائی حد تک بے رحم ہے۔ لمبی مدت تک بے داغ عمل پیش کرنے کے بعد ہی وہ وقت آتا ہے کہ لوگ آپ کے اوپر وہ اعتبار قائم کریں جو اعتبار مذکورہ تھوک فروش نے ایک پھیری والے کے اوپر قائم کیا تھا۔

کمال وظیفہ! شوہر نے طلاق کا نوٹس واپس لے لیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے شوہر بیرون ملک ہوتے ہیں، سال پہلے واپس آئے، میری ان سے شدید لڑائی ہوئی، میں غصہ میں گھر سے اپنی امی کے گھر آ گئی، میرے گھر سے نکلنے کے چھٹے دن میرے شوہر نے دوسری شادی کر لی اور مجھے طلاق کا نوٹس بھیج دیا، میں بہت روئی، ہمسائی نے سورۂ مزمل زیادہ سے زیادہ پڑھنے کو کہا، میں نے پڑھنا شروع کر دی، چند دن بعد ہی میرے شوہر نے نوٹس واپس لے لیا اور صلح کیلئے کوشش شروع کر دی۔ (رشید، کراچی)

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

ظلم کی چکی میں پستے دورِ جدید کے مظلوم شوہر

شوہر کی عزت کریں شوہر کے دل میں خود بخود آپ کی عزت پیدا ہوجائے گی، شوہر کا ہر جائز حکم کے آگے سرنگوں کریں، اس کی ہر جائز خواہش خوش ہوکر پوری کریں اور مرد حضرات سے بھی گزارش ہے کہ شریعت پر عمل کرتے ہوئے عورت کی عزت کریں، اپنی بیوی کو خوش ہوکر دیکھیں

دورِ جدید کے مظلوم شوہر کا حق

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت آپ، آپ کے اہل وعیال اور آپ کی پوری ٹیم کو دن دگنی رات چگنی ترقی، ہدایت اور برکت عطا فرمائے۔ آمین۔

عبقری شمارہ اگست 2016 میں پروفیسرہ طاہرہ عمران صاحبہ کا خط پڑھا، رب العزت ان کی نسلوں پر اپنی رحمت فرمائے، میں بھی اس موضوع پر کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ عورت کو اگر شوہر پسند نہ ہو تو اسلام نے اس کو خلع لینے کا پورا حق دیا ہے مگر نکاح میں رہ کر، اس کے کمائی دولت پر عیش کرنے کے باوجود مختلف بہانوں سے اس سے بستر الگ رکھنا صریحاً گناہ ہے۔

مفہوم ہے کہ اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ سے ایک عورت نے پوچھا: میری شادی ہورہی ہے، مجھ پر میرے خاوند کا حق کیا ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”تیرے خاوند کے پورے جسم پر زخم ہوں اور ان میں پیپ بھر جائے اور تو اس کو زبان سے چاٹ کر صاف کرے تو بھی خاوند کا حق ادا نہ ہوا، خاوند کو راضی رکھنا ہی جنت میں جانے کی دلیل ہے کیونکہ شوہر کی رضا میں رب کی رضا ہے، بشرط کہ شوہر شرع کے خلاف کوئی کام کرنے کا حکم نہ کرے۔ مفہوم ہے کہ آپ ﷺ نے شوہر کو بھی فرمایا: تمہارا ذمہ ہے کہ بیوی کی ہر جائز ضرورت پوری کرو اور الگ کمرہ کم از کم دینا جس میں کسی اور کی دخل اندازی نہ ہو۔ میں نے آج کے دور میں شوہروں کو ظلم کی چکی میں پستے ہوئے دیکھا ہے، والدین کی بھی ذمہ داری ہے کہ بیٹی بیٹے کو یہ باور کرائیں کہ شادی کے بعد ان پر کیا کیا ذمہ داریاں ہیں۔ اولاد کو ایسی باتیں ہرگز نہ سکھائیں کہ شوہر یا بیوی کو کھینچ کر رکھ، مائیں لڑکیوں کو بیاہ کر کوشش کرتی ہیں کہ لڑکی ہمارے گھر میں ہی رہے اور داماد گھر ہماری بیٹی کے ساتھ سسرال میں ہی رہے۔ ادھر لڑکے والے بیٹے کی شادی تو کردیتے ہیں مگر ان کی کوشش ہوتی ہے کہ لڑکا اپنی بیوی کی طرف دیکھے ہی نہ۔

ہندو معاشرے کے اثرات نے ہماری زندگیاں تباہ کردی ہیں۔ شادی شدہ جوڑا ماں باپ بزرگوں کے سامنے اکٹھا بیٹھ کر کھانا تک نہیں کھا سکتا۔ گھر میں جوان بچے ہیں میاں بیوی اکٹھے ایک کمرے میں نہیں رہ سکتے سب کے سامنے بیٹھ کر اکٹھے بات نہیں کرسکتے، ہنس نہیں سکتے کہ لوگ کیا کہیں گے؟ وغیرہ وغیرہ۔ مجھے ڈر ہے کہ کہیں مظلوم مردوں اور خواتین کی آہیں، صدائیں عرش کو نہ ہلا رہی ہوں جس کے سبب بیماریاں، جادو، بُرے اثرات ہورہے ہیں۔ ظالم کا ظلم چاہے کافر پر ہو رب کیلئے ناقابل برداشت ہے۔ مجھے اپنے بڑوں سے کہنا ہے کہ خدارا! خدا کا خوف کریں، اپنے بچوں کی خوشیوں کو نہ آگ نہ لگائیں، ان کو شریعت کے اندر رہتے ہوئے جینے دیں، آپس میں ہنسنے کھیلنے دیں، میری ان خواتین سے بھی گزارش ہے کہ خاوند کا حکم مانیں، کسی بھی غیر ضروری بہانے سے شوہر سے بستر الگ ہرگز نہ کیجئے اس کے متعلق بڑی سخت وعیدیں پروفیسر طاہرہ عمران صاحبہ نے ماہنامہ عبقری کے شمارہ اگست 2016 میں کھل کر بیان کی ہیں۔ مغربی روشن خیالی اور میڈیا کی نام نہاد آزادی نے عورت کو آزاد نہیں ظالم بنادیا ہے، اس روشن خیالی نے ہمارے معاشرے کی عورت سے شعور چھین لیا ہے اور اخلاق ختم کردیا ہے، محبت الفت ختم کرکے دلوں میں نفرت بھر دی ہے، گھروں میں موجود شادی شدہ جوڑوں کے دن رات بے سکون کردیئے ہیں، خواتین خود کو آزاد سمجھ کر اپنے شوہروں کے حقوق پورے نہیں کرتیں۔ ظاہر ہے جب رب کی مرضی کے خلاف زندگی ہوگی تو بے سکونی بڑھے گی، گھر ابلتے گٹر بنیں گے، طلاق کی شرح، خودکشیاں بڑھیں گی۔ آیئے! سکون کی زندگی چاہتے ہیں تو قرآن وسنت کو اپنالیں، مظلوم بن جائیں، چھوٹے بن کر سہہ جائیں، رب کا نظام خود ہی آپ کے حق میں ہوجائے گا۔ لوگ آپ کی طرف متوجہ ہوں گے، شوہر کی عزت کریں شوہر کے دل میں خود بخود آپ کی عزت پیدا ہوجائے گی، شوہر کا ہر جائز حکم کے آگے سرنگوں کریں، اس کی ہر جائز خواہش خوش ہوکر پورا کریں اور مرد حضرات سے بھی گزارش ہے کہ شریعت پر عمل کرتے ہوئے عورت کی عزت کریں، اپنی بیوی کو خوش ہوکر دیکھیں، اس کے حقوق پورے کریں، اس کے ساتھ کھیلیں، پھر دیکھیں آپ کے گھر جنت کا گہوارہ کیسے بنتے ہیں۔ گھروں میں تلاوت قرآن کریں، قرآن کی تلاوت ہر کمرے میں چلائیں، فلمیں ڈرامے چھوڑ دیں، تسبیح خانہ سے نسبت قائم کریں۔ (خواجہ خرم، سیالکوٹ کینٹ)

کامیاب زندگی کا منتر! کامیاب تعلقات

ازدواجی زندگی کی 85 فیصد کامیابی تعلقات میں کامیابی سے مشروط ہے اور تعلقات میں کامیابی کیلئے مندرجہ ذیل چار چیزیں انتہائی ضروری ہیں جن کا خیال رکھیں۔ 1۔ شوہر/بیوی کی بات غور سے سنیں، ہمارا زیادہ وقت بات سننے میں اور کم وقت بولنے میں صرف ہونا چاہیے، بات سنتے وقت وقتاً فوقتاً سر اور گردن کو اوپر نیچے ہلائیں اور ہوں ہاں کریں، شریک حیات کی طرف جب بھی دیکھیں چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ اور بولنے والے کے چہرے کی طرف دیکھیں۔ فوراً اختلاف نہ کریں، چھوٹے موٹے ہوں تو انہیں ظاہر ہی نہ کریں، جب ایک فریق خاموش ہوجائے تب ہی چند سیکنڈ اس کے مزید بولنے کا انتظار کریں، اور پھر اپنی بات کہیں۔

2۔ شریک حیات پر تنقید کم اور تعریف زیادہ کریں، تعریف جب بھی کریں وضاحت کیساتھ کریں، آپ کو جو چیز شریک حیات میں اچھی لگتی ہے تفصیل سے بتائیں، مثلاً مجھے آپ کا مسکرانا بہت اچھا لگتا ہے، آپ کے جوڑے کا نیلا رنگ اور پھولوں کا ڈیزائن آپ پر بہت خوبصورت لگ رہا ہے، یا پھر آپ کی چوڑیاں ہاتھوں بہت بھلی معلوم ہورہی ہیں۔ البتہ تنقید کرنے سے زیادہ سے زیادہ پرہیز کریں، کسی خامی پر تنقید کرنے سے بہتر ہے کہ اچھے کام کو فوراً نوٹ کرکے اس کی تعریف کردیں، اس کے علاوہ ماضی کی غلطیوں پر تنقید کرنے سے بہتر ہے کہ مستقبل کیلئے تجاویز دے دی جائے، تنقید سے پرہیز کا تیسرا طریقہ یہ ہے کہ آپ اپنی رائے کا اظہار کریں اور دوسرے انسان کی رائے بھی شوق سے سن لیں اس طرح تعلقات میں توازن قائم رہتا ہے۔

غم اور غصے پر قابو: اگر آپ بہت زیادہ غم اور غصے کی کیفیت میں ہوں تو مندرجہ بالا نکات پر عمل نہیں کرسکیں گے۔ غم و غصہ پر قابو کرنے کیلئے درگزر کے تصور کی مشق کریں اور اس پر باقاعدگی سے عمل کریں اس کے علاوہ غم و غصے کی حالت میں اپنے آپ کو زیادہ مصروف کرلیں۔ مندرجہ بالا تمام کوششوں کے باوجود لوگ آپ کے ساتھ منفی رویہ رکھیں تو ان لوگوں کی منفی عادتوں کو کافی حد تک تسلیم کرلیں۔ آپ کو جو اذیت ان لوگوں کی باتوں سے ہوتی ہے اس کو دور کرنے کیلئے آپ کی زندگی میں چند اچھے ساتھی ضرور ہونے چاہیے جن سے آپ اپنا دکھ درد بیان کرسکیں۔

ہمیشہ اپنے شریک حیات کو اہمیت دیں، اسے اپنی عادات، اپنے الفاظ سے اسے یقین دلایئے کہ آپ اس کے ساتھ مخلص ہیں، پھر دیکھیے آپ کے گھر کا ماحول کتنا خوشگوار ہوتا، درج بالا کامیاب تعلقات کے معمولی سے منتر ہیں اگر آپ صرف انہیں ہی اپنالیں تو دیکھئے کہ محبت کی کیسی بہاریں آپ کے آنگن اترتی ہیں۔ (ناہید اختر، کراچی)

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

مقصد کی بھی ہوگا کامیابی ہوگی: کسی بھی مقصد کے لئے اس اسم پاک یا عمل کو ہر نماز کے بعد 31 بار پڑھنے سے مقصد میں کامیابی ہوگی۔

صدیوں سے خواتین کے افزائش حسن و صحت کی ضامن غذائیں

نازش کلیم لاہور

یہ غذائیں صدیوں سے خواتین کے افزائش حسن و صحت کی ضامن تصور کی جاتی رہی ہیں اور آج بھی ان کا استعمال روائتی طور پر جاری ہے۔ خواتین ان غذاؤں کا باقاعدگی سے استعمال کریں تو انہیں سدا بہار حسن و صحت نصیب ہوگی۔

خواتین اپنے حسن و صحت کے لئے بہت زیادہ حساس ہوتی ہیں۔ صدیوں سے وہ حسن نکھارنے اور افزائش حسن والی اشیاء اپنے استعمال میں لاتی آرہی ہیں جن سے ان کی نکہت اور نسوانی جمال میں اضافہ ہوتا ہے۔ زیتون شہد، عرق گلاب، دودھ، زعفران، ہلدی، بادام روغن، صندل، آٹا اور ابٹن ایسی بے شمار غذائیں صدیوں سے خواتین کے افزائش حسن و صحت کے ضامن تصور کی جاتی رہی ہیں اور آج بھی ان کا استعمال روائتی طور پر جاری ہے۔ یہاں ہم خواتین کے لئے چند ایسی محافظ غذاؤں کا ذکر کررہے ہیں جنہیں خواتین غذا کا حصہ بنائیں تو انہیں سدا بہار حسن و صحت نصیب ہوگی۔

تل: تل ایک شاندار قسم کی نشوونما کرنے والی غذا ہے۔ طب مشرقی میں اسے دیسی ٹونکہ کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ تلوں کے تیل کو اسقاط حمل کے لئے بھی بروئے کار لایا جاتا ہے۔ ایک کھانے کا چمچہ تل اتنی ہی مقدار میں پام کی شکر کے ساتھ پیس کر دن میں دو مرتبہ کھایا جائے تو ابتدائی مرحلہ کا حمل ساقط ہوجاتا ہے۔ یہ غذا رحم کو پھیلا کر اسقاط کو ممکن بناتی ہے۔ حیض میں بے قاعدگی لڑکیوں اور خواتین کا اہم مسئلہ ہے۔ اس کی وجہ سے ان کے چہرے پر مردنی طاری ہوجاتی ہے۔ اعصاب اور ذہن مضمحل رہنے لگتے ہیں۔ حیض کی بے قاعدگی ختم کرنے کے لئے آدھ چائے کا چمچ تلوں کا سفوف گرم پانی کے ساتھ دن میں دو دفعہ کھانا چاہیے۔ غیر شادی شدہ لڑکیوں کو حیض کے دوران شدید درد بھی نہیں ہوگا۔ حیض کے متوقع دنوں سے دو روز قبل اس نسخہ کو استعمال کرنا چاہیے۔

بند گوبھی: موٹاپے کی شکار خواتین کے لئے بند گوبھی نہایت مفید غذا ہے۔ جدید تحقیق کے مطابق بند گوبھی میں ایک مادہ ٹیرٹرانک ایسڈ پایا جاتا ہے جو شوگر اور کاربوہائیڈریٹس کو چربی میں تبدیل کرنے سے روکتا ہے۔ لہٰذا بند گوبھی کی غذائی وطبی افادیت موٹاپے کے تدارک اور کنٹرول کے لئے مسلمہ ہے۔ سو گرام بند گوبھی میں صرف 27 کیلوریز ہوتی ہے جبکہ اتنی مقدار کی گندم میں 240 کیلوریز ہوتی ہیں۔ ویسے بھی بند گوبھی میں ایسے اجزاء پائے جاتے ہیں جو انسانی بدن کو زوال پذیر ہونے سے بچاتے ہیں۔ یہ جوانی کی محافظ غذا ہے۔ لہٰذا بند گوبھی کا سلاد خواتین کو مستقل طور پر اپنی خوراک میں شامل رکھنا چاہیے۔ **کیلا:** حسن و صحت بخش پھلوں میں کیلے کا بڑا اہم مقام ہے۔ حیاتین سے بھرپور یہ پھل جلد اور بالوں کے لئے بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ اس میں کیل اور داغ دھبے دور کرنے کی بھی بڑی صلاحیت ہوتی ہے۔ چھیلنے کے بعد کیلا بھوری رنگت اختیار کرلیتا ہے جس سے اس کی تاثیر ختم نہیں ہوتی۔ کیلا ہمیشہ بے داغ کھانا چاہیے۔ جلد کی خشکی دور کرکے اسے تروتازہ رکھنے کے لئے ایک بڑا چمچ کیلے کا گودا اور ایک چھوٹا چمچہ شہد اچھی طرح ملا کر چہرے کی صاف کی ہوئی جلد اور گردن پر لگائیں۔ آنکھیں اور ہونٹ محفوظ رہیں گے۔ لیپ لگانے کے پیس منٹ بعد نیم گرم پانی سے چہرہ اور گردن دھولیں۔ بالوں کے لحاظ سے کیلے کے گودے میں بادام کا تیل اتنا ملائیں کہ ذرا پتلا سا لیپ بن جائے جو بالوں اور ان کی جڑوں پر لگانے کے لئے کافی ہو۔ اسے لگانے کے بعد سر کو پلاسٹک کی ٹوپی یا تھیلی سے ڈھک کر اوپر سے تولیہ لپیٹ لیجئے۔ ایک گھنٹے بعد کسی ہربل شیمپو (یا بے بی شیمپو) سے سر اچھی طرح دھولیجئے۔ اس کا ہفتے میں ایک بار استعمال کافی ہوگا۔ **پپیتا:** وسطی امریکہ کا یہ پھل برصغیر میں صدیوں سے استعمال ہورہا ہے۔ ہاضمے کی بہتری کے علاوہ اس میں موجود اہم غذائی اجزاء صحت اور توانائی کا سامان فراہم کرتے ہیں۔ اس میں ہاضم اجزاء (انزائم) خوب ہوتے ہیں، اس لئے جلد پر اس کے لیپ سے مردہ خلیات بڑی عمدگی سے دور کئے جاسکتے ہیں اور کیلیں، داغ دھبے بھی دور ہوسکتے ہیں۔ اس طرح جلد نکھر جاتی ہے۔ کھردری جلد سے نجات کے لئے دو چھوٹے چمچ پکے پپیتے کا گودا اچھی طرح گھوٹ لیجئے اور اس میں ایک چھوٹا چمچ شہد ملا کر اسے چہرے اور گردن پر لیپ کرکے پندرہ منٹ بعد دھولیں اور موئسچرائزر لگالیں۔ پپیتے کے گودے میں شہد کی جگہ بغیر بالائی کا دہی ملا کر لگائیں۔ پندرہ منٹ بعد گرم پانی سے دھولیں تو دھبوں اور کیلوں سے نجات مل جاتی ہے۔ آنکھ کے اطراف کی جلد پھول گئی ہو تو آنکھیں بند کرکے پپیتے کے پتلے پتلے قتلے پھولی ہوئی جگہ پر رکھ کر پانچ منٹ بعد گرم پانی سے دھولیں۔ پکے پپیتے کے چھلکے کا اندرونی حصہ پورے جسم پر ملیں۔ اس سے دوران خون بھی تیز ہوگا اور کھردری جلد نرم ہوجائے گی۔ پندرہ منٹ بعد نیم گرم پانی سے دھولیں۔ **سیب:** اس میں پائے جانے والے خامرات میں جلد کے مردہ خلیات اور بیکٹیریا دور کرکے جلد نکھارنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ اس سے گومڑیاں، پھنسیاں اور کیلیں دور ہوجاتی ہیں۔ سیب کے لیپ سے جلد کی تیزابیت بحال ہوجاتی ہے اور وہ انفیکشن سے محفوظ رہتی ہے۔ جلد کے ریشوں کو سیب میں موجود حیاتین الف (وٹامن اے) اور ج (سی) سے غذائیت ملتی ہے اور وہ بڑھتے اور اپنی مرمت و اصلاح کرتے ہیں۔ ملی جلی یعنی خشک و چکنی جلد کے لئے سیب کا گودا بقدر ضرورت جلد پر لگا کر پندرہ یا بیس منٹ بعد اچھی طرح دھوکر موئسچرائزر لگائیں۔ سیب کی پتلی قاشیں کاٹ کر تھوڑے سے پانی میں دھیمی آنچ پر لگا کر نرم گودا سا بنالیں، ٹھنڈا ہونے کے بعد چہرے پر لگالیں پندرہ منٹ بعد دھولیں۔ دو بڑے چمچے گرم پانی میں سیب کا رس دو بڑے چمچے ملا کر سر پر ملیں اور دس منٹ بعد سر دھولیجئے۔ یہ عمل ہفتے میں دو یا تین مرتبہ کریں۔ دھوپ سے جھلسی ہوئی جلد کے لئے سیب کی قاشیں متاثرہ حصے پر رکھیں۔ اس سے ٹھنڈک پڑجائے گی اور ورم بھی کم ہوجائے گا۔

جلد کو خوبصورت رکھنے کے نسخے

☆ اگر آپ کی جلد نازک ہے تو تیز دھوپ میں نکلنے سے پہلے اپنے چہرے پر گلیسرین لگائیں تاکہ دھوپ اثر نہ کرے۔

☆ اگر آنکھوں کے گرد جلد کالی ہوجائے تو آلو یا گاجر کا رس رات کو سونے سے پہلے ضرور لگائیں۔ ☆ اگر جلد پر جھریاں زیادہ ہوں یا جھریوں سے بچنا چاہتے ہوں تو رات کو ہمیشہ چہرے پر شہد اور ملائی مکس کرکے لگائیں۔ ☆ اگر منہ پر چھائیاں پڑگئی ہوں تو مالٹے کے چھلکے خشک کرکے ان کا پاؤڈر بنائیں اور تین چمچ شہد + تین چمچ عرق گلاب + تین کھانے کے چمچ ملائی + چار چمچ یہ پاؤڈر ملا کر خوب مکس کریں اور فریج میں محفوظ کریں۔ روزانہ صبح و شام ایک گھنٹے کے لئے چہرے پر لگائیں انشاء اللہ ایک ماہ میں چھائیاں ختم ہوجائیں گی۔ ☆ اگر ہاتھوں کی جلد سخت اور کھردری ہوجائے تو دھونے کے بعد فوراً بعد پٹرولیم جلی یا گھی سے خوب مالش کریں اور رات کو سوتے وقت کولڈ کریم سے مساج کیا کریں ایک ہفتے میں ہاتھ ملائم ہوجائیں گے مگر باقاعدگی شرط ہے۔ ☆ اگر ناخن پیلے ہوجائیں تو پہلے ان پر لیموں کا رس لگائیں پھر نیم گرم پانی میں تھوڑا سا شیمپو ڈال کر اس میں ناخن ڈبوئیں اور دانتوں کے برش سے رگڑیں ناخن صاف ہوجائیں گے۔

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

شیخ الوظائف کے کرشمہ ساز عملیات سے مسلمان ہی نہیں غیر مسلم بھی فیض یاب ہو رہے ہیں! (ادارہ)

شیخ الوظائف پر بے یقینی ختم ہونا تھی کہ شفاء مل گئی

کالا جادو، فرنٹ، نظر بد، سفلی عمل اور گھریلو الجھنوں کا دشمن شیخ الوظائف کی خدمت میں حاضر ہو الفیصلہ ذرا شکریے کے ساتھ علاج، والدہ کے سکھ کا پیغام اس کی بانی پیش

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کر دیے گئے ہیں کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

محترم شیخ الوظائف السلام وعلیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو ہمیشہ عافیت میں رکھے اور لوگ آپ سے اور آپ کی نسلوں سے اسی طرح فیض یاب ہوتے رہیں۔ آپ کی بے لوث محبت اور لوگوں کے لئے بلکہ ساری انسانیت کے لئے اتنی زیادہ فکر دیکھ کر مجھے بڑی خوشی بھی ہوتی ہے کہ میں تسبیح خانہ سے جڑ گیا ہوں اور اس سے محبت دن بدن بڑھتی جارہی ہے اور اپنے آپ کو بدلنے کا احساس پیدا ہو رہا ہے۔ الحمد اللہ پہلے سے میں بہت زیادہ بدل گیا ہوں اور اللہ سے دعا ہے اور آپ بھی دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مجھے ایسا بنا دے کہ میں اللہ کو پسند آجاؤں۔ اکثریت کی طرح میں بھی تسبیح خانہ آنے سے پہلے مختلف پریشانیوں اور بیماریوں میں مبتلا تھا لیکن الحمد اللہ میرے ماں باپ کی دعاؤں کی وجہ سے میں بہت بہتر تھا لیکن دین سے دوری کی وجہ سے میں دوسرے نوجوانوں کی طرح کچھ گناہوں میں تھا لیکن تسبیح خانہ آنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا مجھ پر بڑا کرم ہوا کہ اللہ نے مجھے بہت سے گناہوں سے بچا لیا ہے۔ الحمد اللہ ہم سارے گھر والے درس میں آتے ہیں اور درس میں ملنے والے مختلف اعمال اور آپ کے دیئے ہوئے خاص وظائف سے بھی ہمارے گھر، کاروبار، ماحول میں بڑا خوشگوار اثر آرہا ہے۔

شیخ الوظائف! تسبیح خانہ آنے سے پہلے میں ایک مخلص کے ساتھ پارٹنرشپ پر کام کرتا تھا اسی دوران میں بیمار ہوا اور آخر بیماری بہت زیادہ لمبی ہوگئی۔ کافی علاج کروانے کے باوجود ایک دفعہ اس مخلصنے کہا کہ آپ شیخ الوظائف سے وقت لے کر ان کو چیک کروائیں، پھر اسی مخلص نے مجھے آپ سے ملاقات کا ٹوکن بھی لے کر دیا اور میری ملاقات بھی آپ کے ساتھ کروادی، میں یہاں یہ بتانا ضروری سمجھتا ہوں کہ مجھے ڈاکٹروں کے مطابق مجھے ٹی بی تھی اور میں آخر میں ٹی بی کا علاج کروا رہا تھا۔ شیخ الوظائف سے ملا تو آپ نے فرمایا کہ ٹی بی نہیں مجھے 12 سال پہلے ٹائیفائیڈ ہوا تھا اس کا اثر ہے اور آپ نے اور بھی بہت سی علامات بتائیں جو مجھ میں تھیں۔ آپ سے ملنے کے بعد میرا آپ پر یقین بے انتہا ہوگیا اور مجھے یقین ہوگیا کہ میں ان شاء اللہ یہیں سے صحت یاب ہوں گا۔ آپ نے مجھے دوائی دی اور وظیفہ سورۃ فلق اور سورۃ ناس 200، 200 دفعہ صبح وشام پڑھنے کو فرمایا اور ساتھ یَا مُمِیْتُ یَا قَابِضُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللّٰہِ فرمایا' میں نے علاج شروع کر دیا تو گھر والے بھائی وغیرہ کہنے لگے کہ آج کل کے حکیم صحیح نہیں ہوتے ان کا علاج لمبا ہوتا ہے دوائیں دو نمبر ہوتی ہیں۔ صبح شام ہر کوئی کہنے لگا کہ یہ چھوڑ دو ڈاکٹری علاج کرواؤ' میرا دل نہیں کرتا' آپ کی دوائیں وظیفہ چھوڑنے کو لیکن مجبوراً میں نے سب کی باتوں میں آکر آپ کا علاج چھوڑ دیا' ہاں مگر! ایک اور بات' میں نے آپ سے اپنی بیوی کی بیماری کا ذکر کیا، مگر آپ کو بیماری نہیں بتائی تھی' آپ نے فرمایا یہی دوائی بیوی کو بھی کھلا دو، میں بڑا حیران ہوا کہ اس کی بیماری کا بھی نہ سنا جبکہ اس کی بیماری اور ہے اور میری بیماری اور ہے۔ لیکن میں نے کہا چلو میں تو کھا نہیں رہا' بیوی کو کھلا دیتا ہوں جب بیوی نے آپ وہ دوائی جو میں اپنے لیے لایا تھا استعمال کرنا شروع کی تو میں حیران رہ گیا کہ میری بیوی بالکل صحت یاب ہوگئی حالانکہ وہ عرصہ سے ادویات کھا رہی تھی مگر اسے صرف وقتی آرام آتا مگر ان ادویات سے بھی بالکل ٹھیک ہوگئیں مگر میں ڈاکٹری علاج کے باوجود بھی ویسا ہی رہا بلکہ 6 ماہ کے بعد میری بیماری اور زیادہ بگڑ گئی اور ٹی بی کی اگلی MPR stage بیماری ہوگی جس کی دوائیں پاکستان میں نہیں اگر تھیں تو بہت زیادہ مہنگی اور وہ کوالٹی بھی نہیں تھی۔ گلاب دیوی ہسپتال لاہور والوں نے کہا کہ یہ دوائیں انڈیا سے آتی ہیں' ابھی نہیں آرہیں' جب دوائی آئے گی اور آپ کا نمبر آئے گا پھر آپ کو ملے گی اور میرا نمبر 152 تھا۔ اس کے بعد تین، چار ماہ میں نے بازار سے ادویات لیں۔ اس کے بعد ہسپتال سے ملنا شروع ہوگئیں لیکن اسی طرح میں اکثر بیوی سے اور بھائیوں سے کہتا تھا کہ میں اگر ٹھیک ہوا تو شیخ الوظائف سے ہوں گا کیونکہ مجھے ان پر بہت زیادہ یقین آچکا تھا۔ آخر میں پھر دوبارہ آپ کے پاس آیا اور آپ ناراض بھی ہوئے کہ آپ علاج نہیں کرتے اور نہ اعمال کر رہے ہو۔ اس کے بعد میں نے پھر آپ سے دوائی شروع کی اور وظیفہ وغیرہ بھی شروع کیا جس سے میں بہتر ہونا شروع ہوگیا۔ جی ہاں قارئین میں سچ کہہ رہا ہوں۔ گلاب دیوی کے اسپیشلسٹ ڈاکٹر نے کہا تھا کہ یہ دوائی 2 سال کھانی ہے لیکن الحمد لشیخ الوظائف سے علاج کروانے کے بعد تقریباً 10 ماہ کے بعد میری رپورٹیں صحیح آنا شروع ہوگئیں جبکہ گھر والوں کے دباؤ میں گلاب دیوی ہسپتال کی ادویات بھی ساتھ جاری رکھیں اور وہ ہر ماہ بعد ٹیسٹ لیتے تھے تقریباً 20 ماہ میں نے دوائی کھائی اور آخر انہوں نے خود ہی مجھے جواب دیدیا کہ آپ اب مزید ادویات نہ لیں آپ بالکل ٹھیک ہیں۔ الحمد اللہ تسبیح خانہ سے اور شیخ الوظائف سے الحمد اللہ محبت ہے اور الحمد اللہ دن بدن یہ محبت بڑھتی جارہی ہے جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اور اللہ تعالیٰ کے حبیب سرور کونین حضرت محمد ﷺ پر یقین اور محبت بڑھتی جارہی ہے۔ تسبیح خانہ آجاؤں تو جانے کو دل نہیں کرتا' لیکن کام کی وجہ سے جانا پڑتا ہے' ان شاء اللہ آنے والا رمضان یہاں گزاروں اور آپ سے اور آپ کی نسلوں سے تا قیامت جڑا رہوں اور اللہ تعالیٰ مجھے اور میری نسلوں کو تسبیح خانہ اور آپ کے متعلق کسی بھی شک شبے، وساوس اور غلط فہمیوں سے محفوظ رکھے۔ تسبیح خانہ سے جڑنے اور شیخ الوظائف کے بتائے اعمال کرنے سے اللہ تعالیٰ نے مجھ پر اور میری اولاد پر بڑا کرم کیا ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے صحت بھی دی ہے اور مالی حالات بھی اللہ کا شکر ہے کہ پہلے سے بہت بہتر ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھ سے یہ برکت اور رحمت چھین نہ لے بلکہ اس برکت کے ساتھ مجھے اور میرے بچوں کو تسبیح خانہ کے ذریعے اللہ تعالیٰ اور زیادہ تعلق، یقین اور محبت عطا کرے۔ شیخ الوظائف اور ان کی نسلوں کیلئے دل سے دعائیں نکلتی ہیں۔ (بنارش خان' لاہور کینٹ)

مچھر بھگانے کے کامیاب طریقے

محترم قارئین! یہ چیزیں تجربہ شدہ ہیں' اگر پڑھ کر یقین نہ بھی آئے تو ایک مرتبہ تجربہ ضرور کیجئے گا۔ یقیناً آپ تعریف کیے بنا نہ رہیں گے۔ ایک کھلے منہ والے برتن میں پانی ڈال کر اس میں تین یا چار قطرے تارپین کا تیل (یہ تیل پینٹ وغیرہ میں ڈالا جاتا ہے) ڈالیں اور نزدیک رکھیں تو ان شاء اللہ مچھر قریب کیا قریب کی جگہوں میں بھی نہیں آئے گا۔ اگر زیادہ جگہوں پر رکھیں گے تو فائدہ زیادہ ہوگا۔ 2۔ گھر میں نیم کا درخت لگائیں۔ نیاز بو یا پودینہ کا پودا لگائیں۔ گیندے کا پودا لگائیں۔ تلسی کی بوٹی لگائیں' آپ یہ گملوں میں لگائیں یا چمن وغیرہ میں لگائیں۔ چیتا بوٹی لگائیں۔ تجربہ کریں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔ 3۔ رات کو گھر کے ایک کونے میں پیلا کپڑا لٹکائیں تو مچھر سارے کے سارے اس پیلے کپڑے پر مشغول ہو جائیں گے مچھر پیلے کپڑے کی طرف زیادہ آتا ہے۔ (عبداللہ خان' ڈیرہ اسماعیل خان)

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

گرمیوں میں قبض ہو جائیں تو: گرمیوں میں اسہال اور پیچش والے بچوں اور بڑوں کو انار دانہ پانی میں رگڑ کر پلانے سے شفاء ہوتی ہے۔ دن میں چند بار دیں۔ اس کے علاوہ اوآرایس بھی پلائیں۔

جو مر چکے ان کے بھی حقوق ہیں جان لیجئے کام آئیں گے!

جب مسلمان (مرد و عورت) پر موت کے آثار ظاہر ہوں تو اسے کلمہ کی تلقین کرے۔ سورۃ یٰسین پڑھے تاکہ نزع کی حالت میں اسے تکلیف نہ ہو۔ مرجانے کے بعد اسے غسل دے کر جلد ہی جنازہ پڑھ کر قبر میں سنت کے مطابق اتارے۔

مسلمان وہ افراد جو کائنات کا خوبصورت ترین جزو اور قیمتی گوہر ہیں جسے کلمہ طیبہ ''لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ'' پڑھا کر قیمتی موتیوں یک طرح پرو دیا گیا ہے۔ اللہ جل شانہ مسلمان مردوں اور عورتوں سے بہت محبت فرماتے ہیں اور ان کو آپس میں محبت و شفقت سے تعلقات استوار کرتے دیکھ کر خوش ہوتے ہیں۔ مسلمانوں کے آپس کے جھگڑے اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہیں۔ شرک کے بعد سب سے بڑا گناہ میاں بیوی کو لڑوا دینا یعنی جدائی کرا دینا، بھائی کو بھائی سے، بچوں کو والدین سے یا والدین سے بچوں کو، دوست کو دوست سے جدا کر دینا یہ سب بڑے گناہ ہیں۔

اس لئے آپس میں صلح و صفائی سے رہنے کی خصوصی تاکید ہے۔ اسلامی معاشرے میں ہر فرد اپنے حقوق و فرائض کو پہچانے اور مہر و محبت سے اس دار فانی میں اپنی حیات کے قیمتی لمحات گزارے۔ مرنے سے پہلے اپنے اصلی گھر (یعنی آخرت) کے جانے کی تیاری کرلے۔ بڑا لمبا سفر ہے۔ اکیلے جانا ہے راستے کٹھن ہیں۔ اپنا زادِ سفر ساتھ لے کر جائے گا تو آسانی ہوگی۔ مونس و غمخوار ساتھ ہوں تو کامیابی سے منزل پر پہنچ سکے گا۔ خیر بات حقوق کی ہو رہی تھی تو مسلمانوں کے مسلمانوں پر بہت سے حقوق ہیں یعنی عزت و آبرو کی حفاظت، جان و مال کی حفاظت اور ہر وقت ہر جگہ مسلمانوں کی خیر خواہی وغیرہ جیسے حقوق ہیں۔ زندگی یعنی زندہ ہوتے ہوئے الگ حقوق ہیں اور جب انتقال کر جائے تو علیحدہ حقوق ہیں۔ جب مسلمان (مرد و عورت) پر موت کے آثار ظاہر ہوں تو اسے کلمہ کی تلقین کرے۔ سورۃ یٰسین پڑھے تاکہ نزع کی حالت میں اسے تکلیف نہ ہو۔ مرجانے کے بعد اسے غسل دے کر جلد ہی جنازہ پڑھ کر قبر میں سنت کے مطابق اتارے۔ دفنانے کے بعد اس کی قبر کے پاس تقریباً دو گھنٹے بیٹھیں اور قرآن شریف پڑھیں۔ دعا کریں اس سے میت کی مغفرت ہوتی ہے اور ثواب ملتا ہے۔ اور عذاب میں کمی ہوتی ہے۔

ہفتہ میں ایک مرتبہ قبر کی زیارت کرنا مستحب: حکیم ترمذی نے نوادر الاصول میں یہ روایت درج کی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جو شخص اس دعا کو کاغذ پر لکھ کر میت کے سینے اور کفن کے درمیان رکھے تو اس کو عذاب قبر نہ ہوگا اور نہ منکر نکیر کو دیکھے گا۔ حضرت طاؤس ؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے وصیت فرمائی کہ وہ دعائیہ کلمات ان کے کفن میں لکھے جائیں چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور وہ دعائیہ کلمات یہ ہیں۔ دعا لا الہ الا اللہ واللہ اکبر

لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ

لا الہ الا اللہ لہ الملک ولہ الحمد

لا الہ الا اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم (احکام میت)۔ حضرت مالک بن دینار ؒ فرماتے ہیں کہ میں جمعہ کی رات کو قبرستان میں گیا دیکھا کہ وہاں نور چمک رہا ہے۔ میں نے خیال کیا کہ اللہ تعالیٰ نے قبرستان والوں کو بخش دیا ہے۔ غیب سے آواز آئی، اے مالک بن دینار ؒ یہ مسلمانوں کا تحفہ ہے جس کو قبر والے بھائیوں کے پاس بھیجا ہے۔ میں نے کہا کہ تم کو خدا کی قسم مجھ کو بتاؤ یہ کیسا تحفہ ہے۔ مجھے کہا گیا ایک مومن نے وضو کیا دو رکعت نماز پڑھی، پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۃ کافرون اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد سورۃ اخلاص پڑھی اور کہا اے اللہ اس کا ثواب اس قبرستان کے مسلمان بھائیوں کو میں نے بخش دیا اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ہم پر روشنی بھیجی اور نور بھیجا۔ ہماری قبروں کو کشادہ کیا۔ مالک بن دینار ؒ کہتے ہیں اس کے بعد سے میں ہمیشہ جمعہ کی رات کو اس طرح سے دو رکعت نماز پڑھ کر مردوں کو بخشتا رہا، پس میں نے نبی ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اے مالک بن دینار ؒ جس قدر تم نے میری امت کے لئے نور کا تحفہ بھیجا ہے اس کی گنتی کے موافق اللہ تعالیٰ نے تمہاری مغفرت کی اور تم کو ثواب دیا اور تمہارے واسطے جنت میں ایک مکان تعمیر کیا ہے۔ جس کا نام ''منیف'' ہے۔ تحفہ حسینی میں سے حضرت ابو ہریرہ ؓ سے مروی ہے جب کوئی شخص قبرستان میں جا کر پڑھ لیتا ہے۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ ط وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ تو اللہ تعالیٰ ان تمام قبروں میں نور بھر دیتا ہے اور پڑھنے والے کے لئے ایک لاکھ نیکیوں کا ثواب لکھا جاتا ہے اور اس کے اعمال سے ایک لاکھ گناہ مٹا دیتا ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 43 پر)

راجہ قمر لاہور

یہ لیجئے آپ کی امانت

ایک بار خراسان کا رہنے والا ایک شخص بغداد شریف آیا وہ حج کیلئے جا رہا تھا اس کے پاس موتیوں کا ایک ہار تھا جس کی قیمت ایک ہزار دینار تھی اس نے ہار کو بیچنے کی کوشش کی مگر وہ فروخت نہ کر سکا آخر کار اس نے اپنا ہار ایک عطار کے پاس بطور امانت رکھوا دیا اور حج کو روانہ ہو گیا۔ وہ حج کر کے واپس آیا تو اس نے عطار سے اپنے ہار کی واپسی کا مطالبہ کیا عطار کہنے لگا کہ تم کون ہو؟ میں تمہیں نہیں جانتا اور دکان سے باہر نکال دیا اس پر خراسانی شخص نے واویلا مچایا یہ دیکھ کر لوگ اکٹھے ہو گئے لوگوں نے جب قصہ سنا تو بہت ناراض ہوئے اور کہنے لگے کہ یہ عطر فروش تو بڑا ایماندار شخص ہے تم ہی جھوٹے ہو آخر بے چارہ خراسانی مجبور اور پریشان ہو کر چل پڑا راستے میں ایک شخص ملا اس کو اس نے اپنی کہانی سنائی وہ شخص خراسانی کو شہر کے حاکم کے پاس لے گیا اور تمام واقعہ بتایا حاکم شہر نے خراسانی سے کہا کہ تم کل عطر فروش کی دکان پر جاؤ اور وہاں جا کر بیٹھ جاؤ اگر وہ تمہیں اپنی دکان پر بیٹھنے نہ دے تو تم سامنے والی دکان پر بیٹھ اور اسی طرح تین دن گزار دو اور چوتھے دن ہم ادھر سے گزریں گے اور تمہارے قریب آ کر تمہیں سلام کریں گے مگر تم اسی جگہ بیٹھے رہنا اور سلام کا جواب دینے کے علاوہ اور کوئی بات نہ کرنا پھر ہم چلے جائیں گے تو دوبارہ عطار سے ہار کا ذکر چھیڑنا۔ چنانچہ اس خراسانی نے ایسا ہی کیا چوتھے دن حاکم شہر ایک شاندار جلوس کیساتھ اس بازار میں سے گزرا اس خراسانی کے پاس آ کر بڑے ادب سے باتیں کرنے لگے تمام جلوس والے بھی بڑے ادب سے اس خراسانی کے سامنے کھڑے رہے لوگوں کو یہ احساس ہوا کہ شاید کہ یہ حاکم شہر کا بہت ہی عزیز دوست ہے عطر فروش بھی یہ منظر دیکھ رہا تھا اس نے جو دیکھا کہ شہر کا حاکم اس خراسانی کے سامنے ادب و احترام سے کھڑا باتیں کر رہا تھا اور خراسانی اس کے احترام میں کھڑا بھی نہیں ہوا تو وہ ڈر گیا کچھ دیر بعد جب حاکم شہر جلوس کیساتھ آگے روانہ ہو گیا تو عطر فروش اپنی دکان سے بھاگا خراسانی کے پاس آیا اور بولا جناب آپ نے مجھے یہ تو بتایا ہی نہیں تھا کہ آپ نے ہار میرے پاس کب رکھوایا تھا اور وہ کس چیز میں لپٹا ہوا تھا مجھے تو بتائیے شاید مجھے یاد آ جائے خراسانی نے عطار کو یاد دلایا تو عطر فروش اپنی دکان کے اندر چلا گیا اور الماری میں چیزوں کو الٹ پلٹ کرنے لگا ایک تھیلے کو الٹا تو ہار نیچے گر گیا اب عطر فروش بولا ''واقعی میں بھول گیا تھا یہ لیجئے اپنی امانت'' خراسانی ہار لے کر حاکم کے پاس گیا اس کی عقل و فراست کی بہت تعریف کی حاکم نے وہ ہار چند سپاہیوں کو دے کر عطر فروش کی دکان پر بھیجا اور اس کو گرفتار کرایا۔

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

صرف لکھ کر باندھ لیں ہر خوف سے نجات: اگر کسی بھی قسم کا کوئی خوف لاحق ہو یا ہو اسم مبارک یا حفیظ کو سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھیں

آپ کا سوال ۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ 2۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ، یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ، بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ 3۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ 4۔ مستقل پڑھیں، جلدی نہ کریں۔ 5۔ تمام گھر والے پڑھیں، ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ 6۔ بعض جادو، جنات، بندشیں، اثرات، مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ 7۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ 8۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

محمد رمضان صابری، احمد پور شرقیہ۔ محمد نصیر، کھاریاں۔ شاہدہ، کراچی۔ ملک کاشف منیر، شورکوٹ۔ شازیہ رمضان، لودھراں۔ نور فاطمہ، کراچی۔ نوشین اختر، لاہور۔ فوزیہ یاسمین، جہلم۔ ثاقب محمود، اٹک۔ عامر کی بہن، مردان۔ شہلا ناز، کراچی۔ غلام حیدر، زیدہ صوابی۔ مسعود اقبال، کراچی۔ شازیہ، اوکاڑہ۔ رخسانہ، ڈسکہ۔ محمد آصف شاہ، کوہاٹ۔ نازیہ نسرین، چکوال۔ خدیجہ، ایبٹ آباد۔ ظہور عالم، مردان۔ ام فروہ، لاہور۔ ثروت عنایت مرزا، لاہور۔ دل شاد بی بی، گوجرانوالہ۔ فائزہ شاہ، نوشہرہ۔ محمد ابراہیم طارق، خوشاب۔ وسیم اکرم، اسلام آباد۔ اقرا اشرف، مظفر گڑھ۔ عبدالرؤف صدیقی، اسلام آباد۔ ثناء وش کراچی۔ غلام جعفر، فیصل آباد۔ فیض الیاس، ملتان۔ فاخرہ نورین، لاہور۔ ثناء عرفان، کراچی۔ زاہدہ پروین مسعود احمد، راولپنڈی۔ مہوش جاوید، آزاد کشمیر۔ صادق امین، ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ علی حسنین، پاکپتن۔ خدیجہ بی بی جنڈ۔ ام ایمن، سیالکوٹ۔ محمد ثاقب فرحان، ڈجکوٹ۔ حکیم عبدالخالق، سکھر۔ وسیم اختر اعوان، لاہور۔ شہوار جان محمد، پشاور۔ محمد رمضان فیصل آباد۔ ابرار خان، کراچی۔ شفقت علی خان، کراچی۔ حسنین، حیدر آباد۔ محمد ظفر اقبال، گجرات۔ مسز ظہور حسین، ملتان۔ مسز اکمل، ملتان۔ زرمینہ محبوب، پنڈ دادنخان۔ عذرا بی بی، ایبٹ آباد۔ محمد عثمان، جنڈ اٹک۔ قیصرہ ناہید، لاہور۔ نورین اختر، گاؤں۔ نایاب سومرو، کراچی۔ محمد اشرف، فیصل آباد۔ پروین اختر، کندیاں۔ محمد رفیع اللہ خان، ڈیرہ غازی خان۔ سمیہ غلام حسین، لاہور۔ اکرام الٰہی، عائشہ خان، لاہور۔ نسرین پری، لاہور۔ ارسلان علی برنی، لاہور۔ شائستہ، وزیر آباد۔ عاصمہ حفیظ، واہ کینٹ۔ خرم شہزاد، جہانیاں۔ مہوش، ملتان۔ جاوید احمد، ملتان۔ خورشید والدہ نور بانو، کراچی۔ جاوید خان، ہری پور ہزارہ۔ حسرت شاہ، ہری پور۔ نادیہ چغتائی، نوشہرہ کینٹ۔ زوہیب، فیصل آباد۔ ارم ذوالفقار، کراچی۔ اشتیاق احمد، صدر آباد۔ ستارہ مطلوب، نوگزی مانسہرہ۔ محمد شریف، ملتان۔ جمیل احمد، ملتان۔ فائزہ، حیدر آباد۔ انیلا شاہین، گاؤں شاہیا۔ بلقیس بی بی، مظفر آباد۔ عنبرین خلیل، فیصل آباد۔ ندا معین، حیدر آباد۔ صابرہ سعید۔ سجاد حسین، چکوال۔ فرح عبدالرحمٰن، لاہور۔ حنران وانی، ایبٹ آباد۔ محمد عمران، فیروزہ۔ تنویر کوثر، ڈی جی خان۔ محمد شہزاد، کراچی۔ تیمور مغل، باغ آزاد کشمیر۔ محمد معظم علی، رجانہ۔ عبدالقیوم، راولپنڈی۔ محمد شہباز۔ حسنہ، بہاولپور۔ شوکت علی، نوشہرہ۔ حسنہ صدیق، سرگودھا۔ فردوس مظفر، راولپنڈی۔ عابد بشیر، ایبٹ آباد۔ مدثر علی، گوجرانوالہ۔ فائزہ شاہ، نوشہرہ۔ محمد راحیل، کراچی۔ نازیہ لائبہ، گوجرانوالہ۔ سمیہ بی بی، داجل۔ صفیہ بی بی، ملتان۔ نسرین اسلم گڑیا، جھنگ۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

آپ تمام صرف اور صرف وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ ﴿والضحیٰ﴾ ہر وقت ہزاروں، لاکھوں کی تعداد میں کھلا پڑھیں۔ یہ عمل چند دن، چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔ جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنی جلد مشکلات، پریشانیاں، دکھ تکلیفیں دور ہوں گی۔

سدرہ، لاہور۔ روبینہ خان، کوٹری۔ محمد قمر، پنڈی گھیب۔ تسلیم نذیر، لاہور۔ نور العین، کراچی۔ سید ارفاق احمد، کراچی۔ ام مریم، اٹک۔ مسرت بیگم، پشاور۔ نازیہ فیض، حافظ آباد۔ صغیر احمد، کہوٹہ۔ تقدس خانم، کراچی۔ مریم زہرہ، لاہور۔ طاہر سلطانہ، ملتان۔ حمیدہ بیگم، جھنگ۔ راشدہ گل، فتح جھنگ۔ معیز علی، کراچی۔ مسز شہباز، گجرات۔ عاصمہ اسلم، جوڑہ کرنانہ۔ حنا تنویر، رحیم یار خان۔ مہوش مقصود، اٹک۔ محمد نواز، مظفر گڑھ۔ شازیہ سلیم، راولپنڈی۔ زبیدہ، راولپنڈی۔ طارق محمود، ایبٹ آباد۔ عظمیٰ نورین، گوجرہ۔ سلیم عباس، سیدوالا۔ صائمہ، گجرات۔ محمد کاشف، سانگلہ ہل۔ رضیہ بیگم، نارووال۔ ت، گوجرانوالہ۔ نجمہ ابراہیم، کراچی۔ زبیر اسماعیل، خانیوال۔ شیخ محمد اظہر انصاری، راولپنڈی۔ محمد خالد، شاہ پور کانجراں۔ اُسامہ اکرم، کراچی۔ سلمان عثمان شیخ، لاہور۔ عبدالرزاق، گوجرانوالہ۔ عظمیٰ بتول، چک بیلی خاں۔ ماریہ نوری، کراچی۔ محمد ابصار، کراچی۔ عشرت اقبال، لاہور۔ عاشق علی، خانپور۔ مشتاق علی طاہر، ساہیوال۔ محمد رؤف، میاں چنوں۔ شازیہ اکرام، فیصل آباد۔ خالد پرویز، لاہور۔ محمد اختر علی خان، سندھ۔ عائشہ، حیدر آباد۔ اظہر حسین، مانسہرہ۔ محمد عاطف، لاہور۔ مزمل نوید، لاہور۔ عزیز الرحمان، اوکاڑہ۔ محمد امین، چیچہ وطنی۔ کوثر سلطانہ، ملتان۔ کشور بی بی، فیروزہ۔ شرین، کراچی۔ مومنہ نسیم، راولپنڈی۔ حمیرہ اقبال، راولپنڈی۔ روزینہ بانو، کراچی۔ محمد شاہی، گڑی اختیار خان۔ روبینہ زاہد، فیصل آباد۔ ڈاکٹر فیض رسول، راجن پور۔ عفت بی بی، راجن پور۔ محمد اشرف، گگو منڈی۔ حمیرہ اصغر، واہ کینٹ۔ فرزانہ، بچکی۔ ہارون افضل، لاہور۔ ساعقہ پروین، مری۔ فاعقہ علی، رحیم یار خان۔ حسینہ شوکت، راولپنڈی۔ سعدیہ بی بی، راولپنڈی۔ کشور تحسین، ڈیرہ غازی خان۔ جاوید خان، ڈیرہ اسماعیل خان۔ سکندر علی، ٹھٹھہ۔ زوجہ محمد نواز خان، راولپنڈی۔ رافعہ خاتون، گوجر خان۔ خورشید بانو، اسلام آباد۔ غلام اکبر، سانگھڑ۔ نازیہ جاوید، بیرہ۔ سدرہ ارم، لاہور۔ مہوش، لاہور۔ محمد شمیم، ایبٹ آباد۔ ثاقب رضا، لاہور۔ شہلا مریم، جھنگ صدر۔ رافعہ خاتون، گوجر خان۔ ظفر علی، مینگورہ۔ روبینہ، لاہور۔ سید انور حسین گیلانی، کوہاٹ۔ غلام سکینہ، بھکر۔ گلناز امیر، چکوال۔ نبیلہ وقار، چکوال۔ بتول رانا سلمہ۔ کنیز فاطمہ، رحیم یار خان۔ منصف خان، گگھو منڈی۔ سید عائشہ خرم، لاہور۔ محمد فیروز، چک شفیع۔ سعدیہ یاسمین چک شفیع۔ شریفاں بی بی، کوئٹہ۔ محمد سلیم عباسی، ہری پور۔ فوزیہ کنول، لاہور۔ فرزانہ کوثر، کراچی۔ محمد طارق سہیل، راولپنڈی۔ مشتاق احمد چشتی، فیصل آباد۔ امان اللہ، فیصل آباد۔ شائستہ حنیف، شیخوپورہ۔ سمیرا، نوشہرہ ورکاں۔ شازیہ صدر، واہ کینٹ۔ ذاکر محمود، کوہاٹ۔ عزیزہ خانم، کراچی۔ محمد اظہر حسین، کراچی۔ نزہت فیض، مغل پورہ لاہور۔ محمد اسلم مغل، بھلوال۔ طاہرہ طلعت، گوجرانوالہ۔ ماجدہ شاہین، ڈھڈیال۔ سید ثقلین عباس، بورے والا۔ نصرت، لاہور۔ فرزانہ بشیر، خانیوال۔ نبیلہ جمیل، خانیوال۔ سنبل حبیب، ملتان۔ رخشندہ رباب، واہ کینٹ۔ عبدالستار صدیقی، کراچی۔ سعدیہ، سمبڑیال۔ فرزانہ، میرپور خاص۔ عاصمہ، لودھراں۔ عائشہ، شجاع آباد۔ مدثر اقبال، خوشاب۔ نجم النساء، پنڈی بھٹیاں۔ ثناء اللہ، سحاوا۔ ربیہ شفیق، گجرات۔ محمد فاران ارشد، خان گڑھ۔ محمد ثوبان، خان گڑھ۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

آپ اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے ہزاروں، لاکھوں، کروڑوں مرتبہ درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔ حَلِيْمٌ كَرِيْمٌ، عَفُوٌّ كَرِيْمٌ۔ یہ عمل چند دن، چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔ جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنی جلد مشکلات، پریشانیاں، دکھ تکلیفیں دور ہوں گی۔

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565938406774232

سورۃ رحمٰن کا انعام! فصل جاندار منافع شاندار

قسط 19

(سید اسجد حسین بخاری احمد پوری)

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری گزشتہ 10 سال سے پڑھ رہا ہوں' الحمدللہ اس سے مفید میگزین میں نے اپنی زندگی میں نہیں دیکھا۔ ماشاءاللہ اس میگزین سے میں نے زندگی کے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے افراد مستفید ہوتے دیکھے ہیں۔ جب سے میں نے اس میں ''کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں'' سلسلہ پڑھا تو میری خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی چونکہ میرا تعلق بھی ایسے ہی علاقہ سے ہے جہاں کا 95 فیصد افراد کا تعلق زراعت سے ہے تو میرے پاس اس حوالے سے کافی واقعات ہیں جو میں وقتاً فوقتاً قارئین عبقری اور اپنے کسان بھائیوں کے نام کرتا رہوں گا۔ کسان بھائی یہ سچا واقعہ نوٹ فرمالیں!۔

اللہ پاک کے کلام میں کتنی طاقت ہے جس کا اندازہ ہمیں نہیں ہے کہ کلام الٰہی کس قدر ہمیں تحفظ دیتا ہے اور کتنی بلائیں ٹال دیتا ہے۔ ہم خود ہی ایسے کام کرتے ہیں جو اللہ کے غصے کو للکارنے والے ہوتے ہیں۔ وہ تو اللہ پاک تو ہر لمحہ بخشش کے لئے تیار رہتے ہیں کہ میرا بندہ میرے قریب آئے ہم ہیں کہ دور بھاگ رہے ہیں۔ یہ سچ ہے کہ جب مصیبت آتی ہے تو اس وقت اللہ کی یاد آتی ہے۔ ایک زمیندار دوست نے اپنا تجربہ بتایا کہ اللہ نے 8 مربعہ اراضی دی ہوئی ہے۔ 2002ء کی بات ہے کہ اس دوران کپاس کی فصل بحران کا شکار تھی۔ اتنی سنڈیاں اور کیڑے پیدا ہوگئے کہ سمجھ نہ آئی تھی کہ یہ عذاب کہاں سے آرہا ہے۔ جس قدر سپرے کرتے دوسرے روز اس سے زیادہ کیڑے ہوتے تھے۔ سمجھ نہ آتی تھی کہ کیا کریں۔ ہر دوا ناکام ہوچکی تھی۔ یہ زمیندار تباہ ہوگیا تھا۔ وہ کہنے لگے کہ اسی سال اور اس سے گزشتہ سال میرا معمول تھا کہ میں نے کسی دوا کا کوئی سپرے نہ کیا۔

سورۃ رحمٰن پانی پر دم کی اور صرف سورۃ رحمٰن کا دم کیا ہوا پانی کا سپرے کیا اور کھیت کے ہر کونے پر ٹیپ ریکارڈر کے ذریعے سورۃ رحمٰن چلانا شروع کردی۔ کہنے لگے کہ حیران کن طور پر سنڈیاں مرنے لگیں اور ایسے ایسے پرندے صرف میرے کھیت سے کیڑے مکوڑے کھانے لگے جو پرندے پہلے اس علاقے میں نہ دیکھے گئے تھے۔ وہ پرندے صرف میرے کھیت سے سنڈیاں اور کیڑے کھاتے۔ مجھ سے ملحق کھیت میں بالکل نہ جاتے تھے۔ ایسا محسوس ہوتا تھا کہ صرف میری فصل کے لئے سپیشل طور پر پرندے بھجوائے گئے ہیں۔ تمام علاقے کے لوگ حیران تھے کہ اس طرح کے پرندے آج سے قبل نہیں دیکھے گئے۔ اور سب سے بڑھ کر یہ بات تھی کہ وہ کسی دوسرے کھیت میں نہ جاتے تھے اور رات کو غائب ہو جاتے تھے۔ معلوم نہیں صبح کہاں سے آئے تھے اور اس سال سب سے زیادہ اچھی فصل ہوئی جبکہ تمام زمیندار رو رہے تھے۔ سچ ہے کہ اللہ پاک کے کلام میں بہت بڑی طاقت ہے۔ توجہ۔ یقین۔ دھیان سے عمل کریں اور یہ پختہ یقین ہو کہ اللہ کردے گا۔ اگر ذہن میں یہ بات ہے کہ آزمائش کرکے دیکھتے ہیں تو پھر نتیجہ نہیں نکلے گا۔ آزما کر دیکھیں۔

خارش انسان کو ہو یا جانور کو یقینی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بے اولاد تھی' 2008ء کو آپ سے ملاقات ہوئی آپ نے وظیفہ دیا' صحت بھی بحال ہوگئی اور الحمدللہ اب صاحب اولاد بھی ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی حفاظت میں رکھے۔ آمین! عبقری قارئین کیلئے ایک نسخہ بھیج رہی ہوں۔ یہ نسخہ صرف خارش کیلئے ہے' خارش انسان کو ہو یا کسی گھریلو جانور کو تو صرف دس روپے کی گندھک منگوائیں اس میں چٹکی بھر نیلا تھوتھا ملا کر پیس کر تھوڑے سے سرسوں کے تیل میں ملا کر خارش زدہ حصے پر لگائیں' ان شاءاللہ خارش ہمیشہ کیلئے ختم ہوجائے گی۔ مجرب ہے۔ (رفعت سلطانہ' بھکر)

جانور شفاء: سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند' سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔ (قیمت -/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

ہم بچوں کو کیا دے رہے ہیں

قسط 19

(محمد ضیاء الرحمٰن ملتان)

میں اکثر اپنے والد محترم جناب حکیم صاحب کے ساتھ شکار کھیلنے جاتا اور جب شکار کے درمیان وقفہ ہوتا تو حکیم صاحب فرماتے کہ آپ گڑ اور گنوں سے اپنے آپ کو فریش کریں اور حتیٰ کہ یہ بھی ہوتا کہ دسمبر' جنوری کی سرد راتوں میں جب کہر ہوتی ہے اور ہم شکار کھیل رہے ہوں تو ہم کسی بھی گنے کے بیلنے پر رک جاتے اور وہاں گنے کا رس پینا اور اس میں ادرک یا کوئی اور فروٹ اگر ہمارے پاس ہے تو شامل کردینا اور ساتھ اس گنے کے رس کا ڈبہ یا بوتلیں بھر لینی اور پھر جہاں چاہا سردی میں بیٹھ کر جوس پی رہے ہیں اور حکیم صاحب کا یہ کہنا کہ یہ تو آپ صحیح معنوں میں انرجی کیلوریز لے رہے ہو۔ چائے میں کیلوریز نہیں ہوتی۔ کافی میں بھی اتنی کیلوریز نہیں ہوتی۔ اور یہ چیزیں دل کو دھڑکا کر اور خون کا دوران تیز کرکے وقتی طور پر جسم میں اگر گرماہٹ پیدا کر بھی دیتی ہیں تو وہ گرمی اور طاقت اصل نہیں ہے لیکن اس سے اصل طاقت حاصل ہوگی اسی طرح سے کہتے کہ جب مشقت خوب کرو تو خوب کھاؤ اور اگر مشقت خوب نہیں کررہے تو غذا میں توازن رکھو۔ یہ تعلیم و تربیت ہم دیکھیں کہ کیا ہم اپنے بچوں کو دے رہے ہیں' عالم تو یہ ہے کہ وہ کھانا جس کیلئے ماں باپ کتنی تگ و دو کرتے ہیں اولاد کے سامنے جب رکھا جاتا ہے تو معلوم یہ ہوتا ہے کہ بچوں میں کھانے کی رغبت ہی نہیں اور جو فیشنی کھانے ہیں ان پر وہ لپک لپک کر جاتے ہیں گھر کا سالن اور روٹی اس کو پسند نہیں اس کو مشہور برانڈز کے برگر اور پیزا چاہیے اور اسے گرمی سے مقابلے کیلئے اب لسی نہیں' کولا مشروب چاہیے۔ تو یہ کیا ہے؟ یہ اس وجہ سے ہے کہ ہمارے بزرگوں نے غذائی اشیاء کی افادیت بیان کرنا کم کردی اور میڈیا نے ان کو یہ بتادیا کہ رہتے تو ملتان جیسے گرم علاقے میں ہو اور گرمیوں کا موسم ہے اور شربت صندل' شربت بزوری کی طرف مت جانا' تمہیں گرمی کا مقابلہ اس بدرنگ اور بذائقہ اور گیس والے پانی سے کرنا ہے تو آپ خود ہی اندازہ لگا لیجئے کہ آج کے ہمارے نوجوان لڑکے اور لڑکیوں میں موسم کی شدت کا مقابلہ کرنے کیلئے کیا ہے۔ معلوماتی طور پر کیا ہے غذا؟ وہ کیا لے رہ ہیں اور ہم ان کو کیا دے رہے ہیں۔ تو یہ ایسے مسائل ہیں جو میرے اپنے گھر سے پہلے منسلک ہیں پھر آپ کے گھر سے اور اسی طرح پورے معاشرے سے' اور اب جبکہ یہ زوال کا وقت ہے کہ بچوں کیلئے پلے گراؤنڈز نہیں ہیں' کھیلنے کی جگہ ہی نہیں ہے تو بڑوں کا رابطہ واسطہ ذریعہ گفتگو ہونا کتنا ضروری ہے۔

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565938406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

شیمپو کی تباہ کاری' گنجا سر اور پھر آسان ٹوٹکہ سے گھنے بال

واقفہ: ماہ جبیں

بچپن میں میرے بال بہت گھنے اور تیزی سے بڑھتے تھے' بہت خوبصورت بال تھے' بال لنگے اور کھلے زیادہ رکھتی تھی' چھٹی کلاس میں ہی تھی کہ بال باریک اور کمزور ہونا شروع ہوگئے۔ اب میں فرسٹ ایئر میں ہوں' اب تو گھر میں سب کو لگتا تھا کہ میں کچھ ماہ تک گنجی ہوجاؤں گی

آسان ٹوٹکہ! سر کا اجڑا آنگن گھنے بالوں سے پھر آباد

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی ہر دعا و ضرورت کو آپ کی زبان پر آنے سے پہلے قبول فرمائے' آپ کا سایہ ہم پر سلامت رہے۔ آمین!۔ ماہنامہ عبقری اور آپ کے درس سے پوری امت کو بہت زیادہ نفع ہو رہا ہے۔ میرے پاس بھی (جو میں نے اور میرے گھر والوں نے آزمائے) نسخے اور اعمال ہیں اور ہمیں ان سے واضح نفع ملا ہے۔ قارئین عبقری کی خدمت میں پیش کرتی ہوں:۔

بال گرنا ختم: بچپن میں میرے بال بہت گھنے اور تیزی سے بڑھتے تھے' بہت خوبصورت بال تھے' بال لنگے اور کھلے زیادہ رکھتی تھی' چھٹی کلاس میں ہی تھی کہ بال باریک اور کمزور ہونا شروع ہوگئے۔ اب میں فرسٹ ایئر میں ہوں' اب تو گھر میں سب کو لگتا تھا کہ میں کچھ ماہ تک گنجی ہوجاؤں گی' کیونکہ میرے بال بچپن کی نسبت صرف دس فیصد رہ گئے تھے اور اب پہلے سے بھی تیزی کے جھڑ رہے تھے' میں کنگھی کرنے اور بالوں کو دھونے سے بھی ڈرتی تھی۔ بال پانی کے ساتھ پانی کی طرح بہتے تھے پھر ماما (والدہ) نے درس میں شیمپو کے نقصان سنے اور میرے بال خراب ہونے کی اصل وجہ یہی سمجھی کیونکہ اب تو تیل کا بھی کوئی فائدہ نہیں ہو رہا تھا۔ پھر میں نے شیمپو چھوڑ کر اک دیسی طریقہ اپنا تین ماہ استعمال کیا ہے' ابھی میرے بال جو کافی وقت سے لمبا ہونا بالکل بند تھے' تین ماہ میں کافی لمبے ہوگئے' گرنا بالکل ختم' نرم و ملائم ہوگئے اور بالوں میں شائننگ آگئی ہے۔ میں صرف ہفتے میں ایک دو مرتبہ بال دھوتی ہوں۔ نہانے کے بعد دس یا پندرہ منٹ کے بعد لنگے سر بالکل نہیں ہوتی' گھر میں کسی کو بال نظر نہیں آنے دیتی' ایک یا دو منٹ میں کنگھی کر کے اور تیل لگا کر سر مکمل طور پر ڈھانپ کر رکھتی ہوں اور سر جس چیز سے دھوتی ہوں وہ ٹوٹکہ درج ذیل ہے:۔

ھوالشافی: سکاکائی' آملے' بھیڑے تمام ایک ایک پاؤ' میتھی دانہ چھٹانک' دال ماش ایک پاؤ' ان سب کو پسوالیں۔ نہانے سے ایک دن پہلے اس کو بالوں کی مناسبت سے لے کر پانی میں تھوڑی دیر پکائیں' پکانے سے سکاکائی اور پانی یکجان ہوجائے گا۔ پکانے سے سکاکائی جب اپنا شروع ہوجائے تو تو تھوڑا مزید پکا کر چولہے سے اتار لیں' پانی کی مقدار اتنی ہو کہ وہ اس مکسچر سے ایک انچ اوپر ہو' ایک دن بھیگا رہے' اگلے دن اس سے بال دھولیں۔ دھوتے وقت تیل کی طرح بالوں میں لگائیں اور کچھ بالوں کے اوپر لگائیں اور اچھی طرح مساج کریں' اگر کچھ دیر بالوں میں لگا رہے تو بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔ دھونے پر بالوں میں اچھی طرح پانی بہائیں تاکہ اس کے ذرات بالوں سے نکل جائیں' اگر نہ نکلیں تو بعد میں کنگھی سے نکال لیں۔ ایک دو مرتبہ دھونا مشکل لگتا ہے لیکن بعد میں آسانی ہوجاتی ہے۔ قارئین! تھوڑی مشکل ضرور ہے مگر اس کا فائدہ بہت زیادہ ہے۔ میں نے تین ماہ تک شیمپو کو ہاتھ لگنا تو درکنار دیکھا بھی نہیں۔ الحمدللہ! اب میرے بال انتہائی خوبصورت' لمبے اور گھنے ہوگئے ہیں۔ ان شاء اللہ اب میں اپنے بالوں کی نمائش نہ کروں گی' ہمیشہ ڈھانپ کر رکھوں گی حتیٰ کہ میں اب اتنی حساس ہوگئی ہوں کہ اپنی ماما (والدہ) کو بھی بال نظر نہیں آنے دیتی۔

چھ ماہ کا بخار دو دن میں ختم

میری بہن (ر) بچپن میں بہت بیمار رہتی تھی' دس سال کی عمر میں اس کو ایسا بخار چڑھا کہ چھ ماہ تک نہ اترا' بہت زیادہ ڈاکٹروں اور حکماء سے علاج کروایا' بخار کے متعلق ہر کوئی اپنی الگ الگ رائے دیتا' سب گھر والے بہت زیادہ پریشان تھے' بہن کی صحت دن بدن خراب سے خراب تر ہو رہی تھی۔ معالجین تو خوب ڈرانے لگے کہ اب اس بچی کو دوڑے بھی پڑنے لگ جائیں گے' آخر اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہمیں حضرت حکیم صاحب سے ملاقات کیلئے ٹوکن مل گیا' جب ہم ملاقات کرنے آئے تو ہم نے اپنی بہن (ر) کا بتایا آپ نے ایک نسخہ دیا' جب ہم نے وہ نسخہ اسے استعمال کروایا تو دوسرے دن ہی چھ ماہ سے جو بخار نہیں اتر رہا تھا وہ اتر گیا اور کچھ عرصہ استعمال کروانے سے میری بہن بالکل صحت یاب ہوگئی۔ پہلے سب (ر) کی وجہ سے ماما (والدہ) کو باتیں کرتے تھے کہ تم نے اپنی بچی کا کیا حال کر رکھا ہے' اس کو کچھ کھلاتی پلاتی نہیں؟ مگر اب (ر) ماشاء اللہ 16 سال کی ہے اور سب اس کو حیران ہو کر دیکھتے ہیں کہ ماشاء اللہ یہ کیا تھی اور کیا بن گئی ہے۔ نسخہ کے استعمال کے بعد اس کی صحت دن بدن بہتر سے بہترین ہوتی گئی' ماشاء اللہ اب خاندان کے کی تمام لڑکیوں سے خوبصورت ہے۔

قریب تھا کہ میری آواز ختم ہوجاتی

پانچ' چھ سال سے میری آواز اور گلا خراب تھا' اگر میں بولتی تو لگتا اب آواز ختم ہونے والی ہے اور تھوڑی دیر باتیں کرنے سے میرا سارا جسم اور اعصاب تھک جاتے اور جب میں خاموش رہتی یا صبح اٹھتی تو آواز نکلتی ہی نہیں تھی' بہت اونچی اور بری آواز نکلتی تھی' مجھے معلوم تھا کہ میرا گلا ٹھیک نہیں ہوسکتا۔ جب میں چھوٹی تھی تب میری آواز بہت پیاری تھی مگر پھر آہستہ آہستہ گلا خراب ہوتا گیا اور میری آواز بد سے بدترین ہوگئی۔ پھر ایک دن میں جوش میں آئی اور نمک والے پانی کے غراغرے کرنا شروع کردیئے۔ ایک ہفتہ صبح و شام میں نے یہ ٹوٹکہ آزمایا۔ الحمدللہ! میرا گلا اب بالکل ٹھیک ہوگیا ہے۔

بے اولاد جوڑوں کو ناچیز کا تحفہ

آزمانے والی بہنیں آج دو دو بیٹوں کی مائیں ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک آزمودہ در آزمودہ عمل بے اولاد جوڑوں کیلئے ہے۔ عمل یہ ہے: سفید کاغذ پر بسم اللہ الرحمن الرحیم رب لاتذرنی فردا وانت خیر الوارثین (سورۃ الانبیاء) 60 بار لکھ کر پرچیاں بنالیں' فجر کی نماز کی ادائیگی سے پہلے دو تین گھونٹ پانی میں گھول کر رکھ لیں' سلام پھیرتے ہی پانی پی لیں۔ عمل ماہواری سے پاک ہوکر شروع کریں اور اگلی ماہواری آجائے تو فجر کے وقت اسی طرح خالی پیٹ روزانہ ایک پرچی گھول کر پیتا ہے' ماہواری سے پاک ہوکر نماز کے بعد! اسی دوران حمل ٹھہر جائے گا مگر 60 آیات پوری پینی ہیں۔ بفضل خدا حمل ٹھہرے گا' بیٹا ہوگا اور ہوگا بھی نارمل کیس۔ بہت سی بے اولاد بہنوں کو لکھ کر دے چکی ہوں' ماشاء اللہ اب دو دو بیٹوں کی مائیں اور اب تو ان کے بچے بھی بارہ بارہ سال کے ہوچکے ہیں۔ کالی سیاہی سے آیت لکھی جائے تاکہ آسانی سے گھل جائے۔

نظر پتھر پھاڑ۔۔۔ ہوتی ہے!

میری ایک ملنے والی آئی' میں نے اس کے سامنے الماری کھولی تو اس میں آدھ کلو شہد کا ڈبہ پڑا تھا' اس نے غور سے دیکھا' اس شہد میں میں نے کلونجی پیس کر ڈالنا تھی' اب جب بھی اس شہد کو کھاتی ہوں تو گلے میں خراش اور جلن ہوتی ہے۔ یہ نسخہ میں نے عبقری میں طاقت کیلئے پڑھا تھا مگر اس کا تو الٹا ہی اثر شروع ہوگیا ہے۔ بے شک نظر برحق ہے اب تو میں اسے کھانے سے بھی رہی۔ (بی بی خالدہ جہانگیر' لاہور)

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

سرکہ کے کرشمات اور محمد بن قاسمؒ

آج کل تو کیمیکل کا بنا ہوا سرکہ ہے اور یہ بات میں خاص طور پر آپ سے عرض کروں گا سرکہ خریدتے ہوئے احتیاط کریں سنتھیٹک یعنی کیمیکل سے ملا ہوا سرکہ نہ ہو بلکہ ایسا سرکہ ہو جو واقعی خالص اور دیسی ہو اس کا استعمال آنتوں کی صحت کیلئے نہایت مفید ہے

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

قارئین! سرکہ اور اس کا استعمال دور نبوی ﷺ کا ایک بہترین شاہکار اور نبویؐ غذاؤں کا ایک حصہ ہے' پیغمبر اسلام ﷺ کی زندگی' صحابہ اہل بیتؓ اولیاء صالحینؒ کی زندگی میں سرکہ کا استعمال مسلسل ملتا ہے' اسی لیے ان کی زندگیوں میں صحت تندرستی' فٹنس تھی اور موٹاپے کا نام ونشان ہی نہیں تھا' یا گنے چنے واقعات موٹاپے کے مل جائیں تو الگ بات ورنہ نہیں' محمد بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ روئی سرکہ میں خشک کر کے فوج کیلئے لایا تھا' اسے معلوم نہیں تھا کہ میں جہاں جا رہا ہوں وہاں کا ماحول' موسم آب وہوا اور پانی میری فوج کیلئے موافق ہے یا نہیں ہے کیونکہ اس سے پہلے تاریخ میں کتنے واقعات ہیں کہ فتوحات کیلئے نکلنے والی فوجیں منزلوں پر منزلیں مارتے جب مطلوبہ جگہ جس جگہ اس نے فتح کرنا ہے پہنچے تو وہاں کا ماحول' موسم اور پانی ایسا ناموافق رہا کہ افواج اور ان کی سواریاں مرنا شروع ہوئیں اور بعض واقعات میں خود بادشاہ بھی مر گیا' اسی تجربے کو سامنے رکھتے ہوئے محمد بن قاسم رحمۃ اللہ علیہ نے سرکہ کو روئی میں خشک کر لیا اور وہ بہت زیادہ تعداد میں ہر فوجی کے پاس تھی روئی کو عام پانی میں ڈالتے اور پانی سرکہ بن جاتا اور اس کو اپنی غذا میں لازم استعمال کرتے۔ جہاں ان کی فتوحات میں ایمان کی طاقت شامل تھی وہاں فتوحات میں بطور تدبیر یہ سرکہ بھی اپنا کمال اور ایک درجہ رکھتا ہے۔ ہمارے ایک جاننے والے ملتان سے جب کراچی پڑھنے گئے تو عقلمند اور سمجھ دار والد نے ملتان کی صاف اور پاک مٹی نیچے سے کھدائی کر کے ایک بڑے ڈبے میں ڈال کر دے دی' اور بیٹے سے کہا کہ کراچی کا پانی بہت سے لوگوں کو موافق نہیں آتا بس ایسا کرنا کہ پانی کا ایک ڈبہ یا بالٹی لے کر اس میں ملتان کی مٹی ڈال لینا اور پانی جب نتھر جائے وہی نتھرا ہوا پانی پیتے رہنا سدا صحت مند رہو گے' موصوف کہنے لگے میں سالہا سال کراچی میں تعلیم حاصل کرتا رہا لیکن میں ایک دن بھی کسی مرض میں مبتلا نہ ہوا' کیونکہ میں ہمیشہ وہی پانی پیتا تھا جس میں ملتان کی مٹی تھی' پرانے لوگوں کی ایک بات بہت آزمودہ ہے کہ انسان جہاں پیدا ہوتا ہے وہاں کی جڑی بوٹیوں میں اس کا علاج ہے اور وہاں کی مٹی آب وہوا اس کو موافق ہے اور یہ حقیقت ہے۔

قارئین! سرکہ ہماری زندگی کا حصہ ہے موجودہ سائنس سرکہ کے استعمال میں مبالغہ کر رہی ہے ہماری کتنی فاسٹ فوڈز غذائیں ہیں جس میں سرکہ بطور ذائقہ تھوڑا سا ڈالا جاتا ہے حالانکہ پہلے دور میں دیسی سرکہ گھر میں خود بنایا جاتا تھا' آج کل تو کیمیکل کا بنا ہوا سرکہ ہے اور یہ بات میں خاص طور پر آپ سے عرض کروں گا سرکہ خریدتے ہوئے احتیاط کریں سنتھیٹک یعنی کیمیکل سے ملا ہوا سرکہ نہ ہو بلکہ ایسا سرکہ ہو جو واقعی خالص اور دیسی ہو اس کا استعمال آنتوں کی صحت کیلئے نہایت مفید ہے' میرے پاس ایک معدہ کا بگڑا ہوا ایسا مریض آیا جس کو کوئی دوا آج تک صحت یاب نہ کر سکی میں نے اسے اپنی خوراک آدھی کرنے کا مشورہ دیا' یعنی اپنی غذا کو کم کریں اور اپنے کھانے میں بکثرت کھٹی دہی جو خالص مٹی کے کونڈے میں بنی ہوئی ہو' مصنوعی اور ڈبے کی بنی ہوئی نہ ہو اور روٹی کے ساتھ سرکہ استعمال کریں یقین جانیے پانچویں دن اس کی خبر ملی اس نے اپنے آپ کو نہایت صحت مند اور بہت طاقتور محسوس کیا۔ خالص سرکہ ایک صحت مند زندگی کیلئے بہترین شاہکار ہے بعض لوگوں کا مزاج ہے وہ کسی چیز پر آتے ہیں تو بہت زیادہ استعمال کرنا شروع کر دیتے ہیں ہر چیز کی کثرت نقصان دہ ہے اس کا نقصان یہ ہوتا ہے کہ وہ بہت جلد اس کو چھوڑ دیتے ہیں کہ ہمیں تو موافق نہیں آیا حالانکہ وہ سو فیصد موافق ہوتا ہے ہماری جلدی اور تدبیر کی غلطی سے یہ سب نقصان ہوتا ہے۔ تھوڑا تھوڑا استعمال کرنا شروع کریں اور یہی تھوڑا تھوڑا استعمال مسلسل رکھیں معدہ کے مریض' جگر کے مریض' ہیپاٹائٹس اور ایسے لوگ جن کو کھانا ہضم نہیں ہوتا جلن' تیزابیت' پرانی قبض' گیس بادی' تبخیر خشکی ان سب کیلئے یہ چیز بہت مفید ہے اور لازم سرکہ استعمال کریں۔ گھر میں سرکہ کا استعمال حدیث کے وہ الفاظ ہیں کہ جس گھر میں سرکہ ہو اس گھر والے بھوکے نہیں رہتے' (المفہوم) قارئین! میرے مسلسل تجربات اور واقعات سرکہ کے بارے میں نہایت بہترین ہیں اپنی زندگی کو اگر صحت یاب رکھنا چاہتے ہیں تو نبویؐ غذاؤں کا انتخاب لازم کریں اور ان نبویؐ غذاؤں میں سرکہ کا استعمال نہایت بہترین اور لاجواب ہے اور میں جب بھی سرکہ کا استعمال بتاتا ہوں تو مجھے خود اعتماد ہوتا ہے کہ اگر اس نے واقعی دیسی سرکہ استعمال کیا اور خالص سرکہ استعمال کیا تو یہ چند دنوں میں نہیں چند ہفتوں میں ہی صحت یاب اور تندرست ہو گا اپنی اولاد اور نسلوں کو تھوڑا تھوڑا سرکہ کا استعمال کراتے رہا کریں اور سرکہ کی شفایابی اور صحت کا اپنے دل میں اعتماد اعتقاد اور یقین بنائیں۔ حاملہ عورتیں اگر تھوڑا تھوڑا سرکہ استعمال روزانہ کرتی رہیں' تے' الٹی بدہضمی' ابکائیاں اور ہر وقت کی بے چینی' سر کا چکرانا' طبیعت کا متلانا ایسا جاتا ہے کہ خود حمل میں ہی وہ صحت مند زندگی گزارتی ہیں۔ آج کل حاملہ عورتوں کو رنگ برنگے سیرپ گولیاں اور قیمتی چیزیں استعمال کروائی جاتی ہیں حالانکہ پہلے دور میں حاملہ عورتوں کیلئے دو چیزیں لازم ہوتی تھیں' ایک سرکہ کا استعمال اور دوسرا گھر کا کام۔ کیونکہ گھر کا کام کرنے سے حاملہ عورتوں کو آپریشن کے بغیر ولادت کا نظام اور آپریشن کی ضرورت نہیں پڑتی' اور جو حاملہ عورتیں سرکہ استعمال کرتی ہیں ان کا ہاضمہ ٹھیک رہتا ہے حتیٰ کہ تجربات نے یہ بات ثابت کی ہے کہ ایسی عورتوں کے پیدا ہونے والے بچے مسلسل دست' الٹی جن کی وجہ سے سب سے زیادہ بچے مرتے ہیں اس عارضہ میں مبتلا نہیں ہوتے' ان کے بچے صحت مند' تنومند اور خوبصورت ہوتے ہیں اور بڑی لمبی عمر پاتے ہیں کیونکہ ماں جو غذا استعمال کرتی ہیں اسی غذا کا حصہ ہی پیٹ میں پلنے والے بچے کو ملتا ہے اور پیٹ میں پلنے والا بچہ وہی غذا کھا کر ہی باہر دنیا میں زندگی گزارتا ہے اگر اسی بچے کو نبویؐ غذائیں دو تو صحت مند معاشرہ اور صحت مند زندگی ہے۔ آئیں اپنے وطن کو صحت مند بنائیں چند پیسوں سے اور وہ چند پیسے سرکہ میں استعمال کریں جو کہ نہایت سستا اور نہایت لاجواب ہے۔

رشتہ کی پکی گارنٹی! بس یہ (الفاظ) پڑھ لیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! درج ذیل عمل میری ایک دوست جو نئی بنی ہیں اس نے بتایا' اس کا کہنا ہے کہ یہ عمل کرنے سے شادی جلد ہو جاتی ہے اور بہت اچھے رشتے آتے ہیں۔ 1۔ 152 مرتبہ سورۃ الم نشرح اول وآخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ کسی بھی وقت پڑھ لیں' میری دوست کی بہن کا رشتہ صرف ایک مرتبہ عمل کرنے سے آیا اور طے بھی ہو گیا' رشتوں کی بندش کیلئے بھی یہ عمل لاجواب ہے۔ 2۔ ہر روز نماز عشاء کے بعد 121 مرتبہ یا لطیف یا اللہ پڑھیں' تب تک پڑھیں جب تک اچھا رشتہ نہ آ جائے' اتنی ہی تعداد میں عمل کرنے سے جلد ہی اچھے رشتے آنا شروع ہو جاتے ہیں۔ 3۔ سورۃ طٰہٰ 21 مرتبہ' تین' سات یا گیارہ دن تک ایک وقت اور ایک جگہ بیٹھ کر پڑھتی ہے' ان شاء اللہ جلد ہی اللہ پاک نیک اسباب بنا دیں گے۔ (ن۔ ر' لاہور)

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

پریشان اور بدحال کہانیوں کے مجموعہ خطوط اور سلجھے جواب

■ لوگوں سے ڈرتا ہوں! ■ بیٹے کو چھوڑ پہلے بیٹیاں بیاہ!
■ بیٹی کی بس ایک خواہش شادی! ■ پسند کی شادی!
■ دوستوں کی دعوت اور شرمندگی ■ یہ شخص نفسیاتی مریض ہے!

لوگوں سے ڈرتا ہے: اس مرتبہ میں گھر گیا تو بچوں کے مختلف طرح کے کھلونے لے لئے۔ روبوٹ، ریموٹ کی گاڑیاں وغیرہ۔ بڑے بچے تو خوش ہوئے لیکن میرا اپنا بچہ جس کی عمر 18 ماہ تھی، ان کھلونوں سے بہت خوفزدہ ہوا۔ اب وہ 3 سال کا ہے، میری بیوی بتاتی ہے کہ لوگوں سے ڈرتا ہے، اس لئے وہ اس کو کہیں لے کر نہیں جاتی، اور اس عورت سے بھی ڈرنے لگا جو اس کو سنبھالتی ہے۔ (ش۔ا)

مشورہ: 2 سال سے 5 سال کی عمر تک بچے مختلف چیزوں سے خوف محسوس کر سکتے ہیں، ان میں ان بچوں کی تعداد زیادہ ہوتی ہے جن کو ڈرایا جاتا ہے۔ ماں سے دور رہنے والا بچہ بھی خود کو دوسروں کے پاس محفوظ نہیں سمجھتا۔ ماں کو چاہیے کہ وہ بچے کو خود وقت دیں، جہاں تک کھلونوں سے ڈرنے کی بات ہے تو یہ کیفیت عمر کے ساتھ دور ہو جاتی ہے اور بچے جو پہلے اپنے ہی کھلونوں سے پریشان ہوتے تھے، کچھ بڑے ہونے کے بعد ان سے کھیلنے لگتے ہیں۔

دوستوں کی دعوت اور شرمندگی: مجھے اپنے دوستوں، گھر والوں اور رشتے داروں کو تحفے دینے کا بہت شوق ہے۔ ایک روز تو میں نے اسکول کی فیس سے دوستوں کی دعوت کر ڈالی تھی۔ اب اس سوچ کر بھی شرمندگی ہوتی ہے لیکن ملاقات پر کچھ نہ کچھ دینے کی خواہش اب بھی شدید ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا، ایسا کیا تحفہ دیا کروں جو لوگ یاد رکھیں اور اچھے دوست بن جائیں۔ (شہریار بشیر، ساہیوال)۔

مشورہ: شوق اچھا ہے مگر یہاں یہ سمجھنا ضروری ہے کہ اگر یہ شوق غیر ضروری حد تک بڑھ جائے تو اپنے ہی لئے تکلیف دہ ہوگا۔ بہتر ہے کہ تحفہ کسی خاص موقع پر دیا جائے، ایسا تحفہ جس پر بڑی رقم خرچ نہ کی گئی ہو مگر فائدہ بہت زیادہ ہو مثلاً اچھی کتاب۔ ان لوگوں سے دوستی رکھیں جو مطالعے کا شوق رکھنے کے ساتھ خود اپنی اور دوسروں کی اصلاح اور تربیت میں دلچسپی لیتے ہوں۔ اپنے اندر بھی حصول علم کا رجحان پیدا کریں۔ اس طرح آپ کے علمی دوست بن جائیں گے۔

پسند کی شادی: میرے بڑے بھائی نے صرف 22 سال کی عمر میں اپنی پسند پر شادی کر لی۔ گھر والوں نے بھی ان کا ساتھ دیتے ہوئے انہیں اپنے ساتھ رکھا۔ وہ شادی کے دو ماہ بعد ملک سے باہر چلے گئے، وہاں دوسری شادی کر لی۔ واپس آئے تو پہلی بیوی کو طلاق دے دی۔ ہم سب لوگوں کو بے حد دکھ ہوا۔ جلد ہی وہ چلے بھی گئے۔ اب وہ اپنی دوسری بیوی سے بھی خوش نہیں۔ امی سے کہتے ہیں، یہاں کوئی اچھی لڑکی دیکھیں، غیر ملکی لڑکی کے ساتھ رہنا ممکن نہیں۔ ادھر امی ان کے لئے لڑکی دیکھنے لگی ہیں۔ بھائی بچپن سے ضدی طبیعت کے ہیں۔ ایک روز میں نے بھابی سے بات کی۔ وہ کہتی ہیں کہ یہ شخص نفسیاتی مریض ہے اور مانتا نہیں، میں اس کے ساتھ رہنا نہیں چاہتی۔ میں مجبور بھی نہیں۔ دونوں نے مل کر کاروبار کیا تھا اور جب میری رقم مل جائے گی، میں اسے چھوڑنے میں دیر نہ کروں گی۔ یہ حالات جان کر میں اور زیادہ پریشان ہو گیا۔ (پوشیدہ)۔

مشورہ: کم عمری سے ہی مزاج میں تیزی، ضدی پن اور سن بلوغ کو پہنچنے کے بعد شادی کی ناکامی، ایک بار نہیں بلکہ کئی بار یہ ظاہر کرتی ہے کہ واقعی آپ کے بھائی کے ساتھ نفسیاتی صحت کی خرابی کا مسئلہ ہے۔ جب ضمیر کی قوت کمزور ہو جائے تو انسان خواہشات کی رو میں بہہ جاتا ہے، پھر انہیں دوسروں کے احساسات و جذبات کی پروا نہیں ہوتی۔ شادیوں میں ناکامی سے بھی اس کیفیت کا اظہار ہو رہا ہے۔ والدہ کو مشورہ دیں کہ اس بار بھائی آئیں تو شادی کرنے کے بجائے انہیں ماہر نفسیات سے ملوانا ضروری ہے ورنہ بہت ممکن ہے کہ تیسری شادی بھی ناکام ہو جائے۔

بیٹی کی بس ایک خواہش! شادی: میری بڑی بیٹی جس کی عمر 40 سال ہے، نفسیاتی مریضہ ہے۔ گھر میں چھوٹی بہنوں کا آنا اور رہنا پسند نہیں کرتی تھی۔ وہ صرف ایک خواہش کا اظہار کر رہی ہے کہ اس کی شادی کر دی جائے۔ سوچتا ہوں اچھا ہے اپنے گھر کی ہو جائے گی۔ اس کی خواہش تو نارمل ہے۔ (ش، ز)

مشورہ: بیٹی جس ڈاکٹر یا سائیکاٹرسٹ کے زیر علاج ہیں، ان سے مشورہ کرنے کی ضرورت ہوگی کہ مرض پر کس حد تک قابو ہے اور شادی کے بعد کی ذمہ داریاں نبھانے کی امید کی جا سکتی ہے۔ مخصوص خواہش کے ہونے سے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ رویہ ٹھیک رکھنے کا بھی اختیار ہو گیا ہے۔ اگر نفسیاتی مرض میں آرام بھی ہو جائے تب بھی جس سے شادی کی جائے، اس کے علم میں لانا ضروری ہوتا ہے کیونکہ شدید ذہنی مرض ٹھیک ہو جانے کے بعد بھی حملہ آور ہو سکتا ہے۔

بیٹے کو چھوڑ پہلے بیٹیاں بیاہ!: پیچھے کے اضافے سے ڈاکٹر ہوں، گزشتہ کئی سال کینیڈا میں رہ کر وطن آیا تو والدہ نے کہا کہ اب تمہاری شادی کر دیں گے، عمر کے چالیس سال تو بہنوں کی شادیاں کرتے کرتے گزار ہی دیئے تھے، اب اپنے بارے میں سنا تو اچھا لگا مگر اسی دوران چھوٹی بہن جس نے ابھی صرف انٹر ہی کیا تھا، اس کا رشتہ آ گیا اور والدہ نے فوری طور پر میری شادی پھر ملتوی کر دی، جو رقم کما کر لایا تھا وہ چھوٹی بہن کی شادی میں لگا دی، اب پھر خالی ہاتھ ہو گیا، سب یہی کہتے ہیں کہ دوبارہ ملک سے باہر چلے جاؤ مگر اب مجھ میں ہمت نہیں رہی، دوستوں کا کہنا ہے کہ اب بھی وقت ہے عمر اتنی زیادہ نہیں ہوئی کہ مایوس ہوا جائے اب بھی مجھے کم عمر لڑکی مل سکتی ہے۔ مگر میری اپنی تو کم نہیں رہی، اس عمر میں کوئی میرا سہارا نہیں اور نہ ہی میرے دل میں آرزو ہے کہ کسی کا سہارا تلاش کروں۔ میرے دوست کی بہن امریکہ میں ڈاکٹر ہے، وہ کہتا ہے کہ اس سے شادی کر لو، اس طرح دونوں کی زندگی سنور جائے گی مگر اب میں ساری عمر تنہا رہنے کا فیصلہ کر چکا ہوں، میرا خیال ہے کہ اسی طرح زندگی گزاری جائے تو زیادہ اطمینان ہوگا۔ (ڈ۔ع، لاہور)

مشورہ: اکثر گھرانوں میں لڑکوں کی شادی محض اس لیے نہیں کی جاتی کہ پہلے بہنوں کی شادیاں ضروری سمجھی جاتی ہیں مگر شادی تو سب کی اہم ہے خواہ لڑکے ہوں یا لڑکیاں، وقت پر یہ اہم فیصلہ کر لیا جائے تو بہتر ہوتا ہے، جس وقت بہن کی شادی ہوئی تو آپ کی بھی ہو سکتی تھی لیکن آپ کو اب یہ کام خود کرنا ہے، دوست کے مشورے پر بھی غور کیا جا سکتا ہے، شادی کا مطلب کسی کا سہارا حاصل کرنا نہیں بلکہ کسی کو سہارا دینا بھی تو ہے۔ انسان تنہا نہ خوش رہ سکتا ہے نہ دکھ جھیل سکتا ہے، اگر کسی کا ساتھ ہو جائے تو دکھ تقسیم ہو جاتے ہیں اور خوشیاں دوبالا ہوتی ہیں۔

انجیر! 3 دانے لائیں صحت کا پیغام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اگر شوگر کی وجہ سے کریسٹینین زیادہ ہو جائے تو دو یا تین دانے انجیر رات کو پانی میں بھگو دیں، صبح نہار منہ ایک مرتبہ بسم اللہ کے ساتھ سورۂ فاتحہ پڑھ کر نوش فرمالیں، ان شاء اللہ چند دن، چند ہفتے متواتر استعمال کرنے سے صحت بحال ہو جائے گی۔

دانت درد ختم: اگر کسی کے دانت میں درد ہو تو ایک لیٹر پانی میں امرود کے پانچ سے چھ پتے ڈال کر اچھی طرح ابالیں، پھر اس میں تین سے چار انچ سرخ پھٹکڑی کا ٹکڑا رکھ دیں اور کچھ دیر بعد پھٹکڑی نکال کر پانی کسی برتن میں محفوظ کر لیں، اس پانی پر تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھیں، وقت ضرورت کلی کریں، ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔ (تنویر پرویز، کوہاٹ)

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

دہی سے کمزوری دور: دہی عام جسمانی کمزوری اور خون کی کمی دور کرنے کیلئے بے حد مفید ہے' جن لوگوں کو دودھ ہضم نہیں ہوتا ان کیلئے دہی بے حد مفید ہے۔

برکت کراچی

سخت ترین ازدواجی بندش کے شکار 3 دن میں شفایاب

دو احباب کی شادی ہوئی دو سال بعد دونوں سخت ترین بندش کا شکار ہو گئے اور وہ بندش بہت پریشان کن تھی۔ وہ یہ کہ اپنی بیوی سے ازدواجی تعلق قائم نہیں کر سکتے۔ وہ میرے پاس آئے اور ان کا علاج بھی میں نے 33 آیات سے 3 دن کیا اور درج بالا تعویذ دیئے۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری کا گزشتہ چند سالوں سے قاری ہوں' میرے پاس چند تجربات ومشاہدات ہیں میں وہ قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں۔

درد دل کے لئے: دل کے امراض میں مبتلا افراد کیلئے یہ عمل نہایت آزمودہ ہے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ 111 مرتبہ دل پر ہاتھ رکھ کر دم کریں۔ مجھے جب بھی معلوم ہوا کہ کوئی عزیز شخص ہسپتال میں دل کی تکلیف کے باعث داخل ہے تو بس فوراً اس کے پاس جاتا ہوں اس کو درج بالا عمل بتایا ہوں اگر وہ خود نہ کر سکے تو اس کے قریب رہنے والوں کو بتاتا ہوں' الحمدللہ! وہ مریض کی مکمل صحت یابی تک دم کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ شفاء دے دیتے ہیں۔

چار بیماریوں کے لئے: میرے کئی واقف کار اور عزیز ہیں میں نے جسے بھی درج ذیل عمل بتایا' اس نے کیا تو وہ آخری دم تک ان چار بیماریوں سے محفوظ رہے۔ 1۔جنون 2۔فالج 3۔جذام برص۔ 4۔آنکھوں کے امراض۔ وہ دعا یہ ہے، سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ فجر اور مغرب کے بعد صرف تین مرتبہ پڑھیں۔

کالی کھانسی کے لئے مجرب عمل: سورہ الم نشرح 21 مرتبہ پانی اور مصری پر دم کر کے مریض کو کھلایا جائے انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ میرے پاس کئی مریض آئے ان کو یہ عمل بتایا تو اللہ نے انہیں شفاء دیدی۔ عمل ایک دن ہی کا ہے پانی اور مصری 3 دن تک استعمال کریں (منرل واٹر نہیں ہونا چاہیے)

پتھری کا علاج: نہایت آزمودہ عمل ہے۔ سورہ الم نشرح 21 مرتبہ 71 مرتبہ سورہ بقرہ کی آیت نمبر 60 دم کر کے پئیں اور روزانہ یہ پانی پیتے رہیں۔ جلد پتھری ریزہ ریزہ ہو جائیگی۔

پیشاب کی بندش کا علاج: یہ عمل بھی میرا بہت آزمودہ ہے۔ اول وآخر درود شریف 3 مرتبہ اور سورہ بقرہ آیت نمبر 60، 71 مرتبہ دم کر کے پانی پر پئیں، جانوروں کے لئے بھی یہ عمل بہت مجرب ہے۔

سانپ اور کتے کے کاٹنے کا علاج: اگر کسی کو سانپ، بچھو، باؤلا کتا یا بھڑ کاٹ لے، سات مرتبہ سورۂ فاتحہ اول وآخر درود شریف اور منزل ایک مرتبہ دم کر دیں۔ بہت آزمودہ ہے اسی وقت تکلیف ختم ہو جاتی ہے اس کیساتھ ایک تسبیح یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ ﴿الانبیاء ۶۹﴾ تک پڑھ کر دم کرنی ہے۔

آدھے سر کے درد کے لئے: سر، دانت اور پیٹ کے درد کے لئے 11 مرتبہ سورہ فاتحہ اول وآخر درود پڑھ کر دم کریں بے پناہ فائدہ ہوگا۔

دمہ کے مریضوں کے لئے: آیۃ الکرسی اور اس کے ساتھ والی دو آیتیں سات یا گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اَلشُّکُوْرُ کاغذ پر لکھ کر مریض کے سینے پر پھیرتے جائیں اور وہ کاغذ پانی میں گھول کر مریض کو پلا دیں۔ ایک عورت جو بالکل لاعلاج تھی 33 آیات والی منزل (منزل 33 آیت) 3 دن ایک دفعہ پڑھ کر پھونک دیں وہ ٹھیک ہوگئی۔

بندش کا علاج: دو احباب کی شادی ہوئی دو سال بعد دونوں سخت ترین بندش کا شکار ہو گئے اور وہ بندش بہت پریشان کن تھی۔ وہ یہ کہ اپنی بیوی سے ازدواجی تعلق قائم نہیں کر سکتے۔ وہ میرے پاس آئے اور ان کا علاج بھی میں نے 33 آیات سے 3 دن کیا اور درج بالا تعویذ دیئے۔

اگلے ماہ' جادو' جنات' گھریلو وکاروباری الجھنوں' سے نکلنے کیلئے نئے آزمودہ وظائف وعملیات ضرور پڑھیں۔ بے شمار نے مقصد پایا آپ بھی پائیں۔

جب میرے خاوند کو ڈینگی کا مرض لاحق ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے خاوند کو ڈینگی کا مرض لاحق ہوا تو میری دوست نے مجھے عبقری رسالہ میں پڑھ کر بتایا کہ سورۂ رحمٰن' سورۂ تغابن ایک مرتبہ اور سورۂ انعام کی آیت نمبر 15، 16، 17 ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے شوہر کو پلائیں' میں نے ہسپتال میں ایسا ہی کیا تو دو دن بعد میرے شوہر کو ہسپتال والوں نے حیران کن طور پر چھٹی دے دی' وائٹ سیلز بہت تیزی سے بڑھے اب الحمدللہ بالکل ٹھیک ہیں۔ (مسز شازیہ خرم اسلام آباد)

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں

گھریلو ناچاقیوں' رزق کی تنگی' پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر

گھریلو مسائل کا انسائیکلو پیڈیا

برائے گلٹیاں' رسولیاں' بریسٹ کینسر وغیرہ

یہ ایک انتہائی مجرب اور مایہ ناز عمل ہے اور یہ بھی وہ تیر ہے جس کا نشانہ کبھی خطا نہیں گیا۔ عمل یہ ہے:۔ تین گول پتھر لیں' درمیانے سائز کے اخروٹ جتنے یا گلٹی' رسولی جتنے ہر ایک پر تین مرتبہ یہ کلمات لکھیں:۔ بِسْمِ اللّٰہِ یَشْفِیْکَ وَاللّٰہُ یَکْفِیْکَ مِنْ کُلِّ دَاءٍ یُّؤْذِیْکَ اور ہر پتھر پر تین دفعہ یہ لکھنے کے بعد وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بھی لکھیں۔ صبح وشام ایک پتھر رسولی یا ورم پر پھیریں ایک پتھر 7 دن استعمال کرنے کے بعد نہر' دریا یا بہتے ہوئے صاف پانی میں بہا دیں۔ پھر دوسرا پتھر استعمال کرنا شروع کریں پھر اس کو بہا کر تیسرا پتھر استعمال کریں۔ یہ عمل ٹوٹل 21 دن کا ہوگا۔ عمل کے دوران بکثرت لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھنی چاہیے۔ ان شاء اللہ 21 دن میں شفاء ہوگی۔ اگر پتھر پر سورۂ فاتحہ (آمین کے بغیر) بھی لکھ لی جائے تو تاثیر ڈبل ہو جائیگی۔

دانتوں میں پتھر جیسی مضبوطی کیلئے

میرے دانتوں میں پیپ تھی جس کے علاج کیلئے میں مقامی حکیم کے پاس گئی انہوں نے درج ذیل نسخہ دیا اور کہا کہ یہ نسخہ ہلتے دانت جمادے گا اور پائیوریا سے جلد آرام آجائیگا' یعنی پیپ کو خشک کر دیتا ہے' خون کو بند کر دیتا ہے' جیسا بھی درد ہو ختم ہو جائیگا۔ نسخہ یہ ہے:۔ سپاری چکنی دو تولہ' مازو پھل ایک تولہ' پھٹکڑی کی کھیل شدہ ایک تولہ' ہریڑ ایک تولہ' بہیڑہ ایک تولہ' طباشیر چھ ماشہ' پھول کتھا تین ماشہ' کافور دو ماشہ۔ یہ سب باریک پیس کر کم از کم دن میں تین بار دانتوں پر ملیں' درد دور ہو جائیگا دانتوں میں چمک اور پتھر جیسی مضبوط آجائیگی۔

نوٹ: دانت جب پیلے ہوئے تھے تو اسی حکیم صاحب نے بتایا کہ شہد میں لہسن کا رس ملا کر دانتوں پر ملیں اس سے دانتوں میں سفیدی آجاتی ہے میں نے تجربہ کیا تو واقعی میرے دانت سفید ہو گئے۔ (عبقری جلد نمبر 8)

گھر بیٹھے کتب اور ادویات منگوانے کیلئے رابطہ فرمائیں

0332-7552382

استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی' جسمانی' نفسیاتی معالج ثابت ہونگے۔

قیمت فی جلد 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

کبھی مالی پریشانی نہ آئے گی۔ اس اسم مبارک یاواسیع کے ورد کو اپنے معمولات میں شامل کرنے والا دین و دنیا کی ہر مشکل سے نجات پائے گا اس کو کبھی بھی مالی پریشانی نہیں آئے گی۔

بچوں کا صفحہ

فرحت، لاہور

آپ کو یاد ہے میں نے آپ کا قلم چرایا تھا؟

ردا، آصف اور کاشف صفائی کا خاص خیال رکھتے ہیں۔ اس لئے ان کی صحت بھی اچھی ہے۔ روزانہ غسل کرتے ہیں۔ لباس کے ساتھ ساتھ ان کے دانت، ناخن اور بال بھی بالکل صاف ستھرے ہوتے ہیں ان کی اچھی صحت کا ایک راز یہ بھی ہے کہ وہ بازار کی چیزیں نہیں کھاتے جن پر مکھیاں بیٹھی ہوتی ہیں۔

''آپ کو یاد ہے کہ ہم چہارم میں پڑھتے تھے۔'' میں اس وقت قاسم کے پاس بیٹھا تھا۔ ''ہم ایک ہی محلے میں رہتے تھے اور پانچویں جماعت تک ہم اکٹھے پڑھتے آئے تھے۔''

''ہاں بھئی! یہ کوئی بھولنے والی بات ہے۔'' قاسم نے مسکرا کر میری جانب دیکھا۔ ''آپ کی لکھائی بہت اچھی تھی۔ جب استاد محترم تختی لکھواتے تو آپ کو انعام دیتے تھے۔'' وہ جیسے اگلی بات سننا چاہتا تھا۔ ''آپ کا قلم ایک دفعہ چوری ہوگیا تھا۔'' میں ہچکچا رہا تھا۔ ''ہاں ہوا تھا۔ اس کا اس بات سے کیا تعلق۔'' ''میں نے چوری کیا تھا۔'' میں نے بڑی مشکل سے یہ بات کہی تھی۔ ''کیا!!!'' قاسم تقریباً چیخ پڑا۔ ''جی ہاں! میں معافی کا طلب گار ہوں۔'' میں نے قاسم کے چہرے کی جانب دیکھا۔ ''مگر وہ تو پھر مل گیا تھا۔'' قاسم کو کچھ یاد آرہا تھا، چونکہ بات بہت پرانی تھی۔ ''رکھا بھی میں نے تھا۔'' میں نے وضاحت کی۔ ''مگر یہ کیا! چوری بھی کی اور پھر رکھ بھی دیا۔'' اس کی حیرت ابھی کم نہیں ہوئی تھی۔ میں جواب میں صرف مسکرا دیا۔ ''پوری بات بتائیں احمد بھائی! میری الجھن میں اضافہ نہ کریں۔'' اور پھر میں نے قاسم کو بتانا شروع کیا۔ ''ہمارے استاد ہم سے تختی لکھواتے تھے۔ آپ کو تو معلوم ہے کہ وہ بہت محنت کرواتے تھے۔ بہت شفیق اور مہربان تھے اور اچھا لکھنے والوں کو انعام بھی دیتے تھے۔ روپیہ یا دو روپے اور اپنے اس عمل سے وہ بچوں کے اندر شوق پیدا کیا کرتے تھے اور میری لکھائی بری نہیں تھی تو اچھی بھی نہیں تھی۔ بس واجبی سی تھی۔ کبھی انعام بھی مل جایا کرتا تھا لیکن بہت کم۔ آپ کی لکھائی بہت اچھی تھی اور اکثر انعام آپ ہی کو ملتا تھا۔ کیوں میں ٹھیک کہہ رہا ہوں ناں۔''

میرے جواب میں قاسم نے صرف ''ہوں'' کہا۔ ''میرے اندر یہ شوق پیدا ہوا کہ میری لکھائی بھی آپ جیسی ہوجائے۔ بچگانہ ذہن تھا۔ مجھے خیال ہوا کہ آپ کا قلم بہت اچھا ہے اور یہ سارا کارنامہ مجھے قلم کا دکھائی دیا اور پھر ایک دن اپنی لکھائی کو اچھا کرنے کے شوق میں آپ کا قلم میں نے چرالیا۔ کلاس میں کوئی نہیں تھا اور میں نے قلم آپ کے بیگ سے نکال لیا تھا۔ اس دن میں بہت خوش ہوا کہ اچھا لکھنے والا قلم میرے پاس ہے اور میں جلد ہی تختی لکھنے بیٹھ گیا ''یہ کیا'' لکھائی ابھی بھی ویسی کی ویسی تھی، میں بہت پریشان ہوا۔'' میں اتنا کہہ کر خاموش ہوگیا۔ قاسم مسکرا رہا تھا۔ فوراً بولا: ''پھر کیا ہوا؟ قلم رکھ کیوں دیا۔'' ''دوسرے دن یہ بات میں نے استاد محترم کو بتائی، انہوں نے کہا کہ قلم چپکے سے وہیں رکھ دو اور پھر انہوں نے میرے شوق کی خاطر مجھ پر محنت شروع کردی۔ آج الحمدللہ میں اچھا لکھ لیتا ہوں۔'' یہ کہہ کر میں نے قاسم کے چہرے کی جانب دیکھا۔ ''آپ نے بہت اچھا کیا کہ رہنمائی کے لئے اپنے استاد محترم کو چنا۔ مجھے قلم چوری ہونے کا بڑا افسوس ہوا تھا، لیکن جب دوسرے دن مجھے وہ قلم مل گیا تو میں بہت حیران ہوا اور یہ معمہ آج تک نہ حل کرسکا تھا کہ قلم کسی نے اٹھا کر پھر رکھ کیوں دیا تھا۔ آپ نے میری الجھن دور کردی۔''

مثالی زندگی گزارنے کا انداز ان بچوں سے سیکھیں

پیارے بچو! ردا ایک بہت پیاری بچی ہے۔ اس کے دو بھائی آصف اور کاشف بھی بہت ہونہار اور سمجھدار ہیں۔ تینوں بہن بھائیوں میں بہت پیار ہے۔ وہ ایک دوسرے کا بہت خیال رکھتے ہیں۔ کبھی ایک دوسرے سے نہیں لڑتے۔ ان کے والدین نے تعلیم کے ساتھ ساتھ ان کی تربیت پر بھی خاص توجہ دی ہے۔ انہوں نے چھوٹوں سے محبت اور بڑوں کی عزت کرنا سکھایا ہے۔ خاص طور پر محلے میں سب ان کی مثال دیتے ہیں۔ تینوں بچے اپنا کام خود کرتے ہیں۔ اپنا کمرہ خود صاف کرنا ان کا روز کا معمول ہے۔ اسی لئے گھر ہر وقت صاف ستھرا رہتا ہے۔ فالتو کاغذ یا فالتو چیزیں کوڑا کرکٹ وغیرہ ہمیشہ کوڑا دان میں ڈالتے ہیں۔ ان کے گھر میں کوئی چیز ادھر ادھر پھیلی ہوئی نظر نہیں آتی۔ تینوں بچے پڑھنے کے بعد اپنی کاپیاں اور کتابیں سنبھال کر رکھتے ہیں۔ ان کے کھلونے بھی شیشے کی الماری میں سجے ہوتے ہیں۔ تینوں بہن بھائی کھیلنے کے بعد کھلونوں کو الماری میں رکھ دیتے ہیں۔ اپنے چھوٹے چھوٹے کاموں میں امی کو پریشان نہیں کرتے ہیں۔ ردا گھر کے چھوٹے چھوٹے کاموں میں امی کا ہاتھ بٹاتی ہے۔ کاشف اور آصف بھی کسی سے کم نہیں۔ وہ دوڑ دوڑ کر ابو کا کام کرتے ہیں۔ ان کے آفس بیگ کو احتیاط سے رکھتے ہیں۔ تینوں اپنے ابو کے آرام کا بہت خیال رکھتے ہیں۔ کھیلتے وقت شور وغل سے پرہیز کرتے ہیں تاکہ ان کے آرام میں خلل نہ ہو۔ تینوں بہن بھائیوں کو باغبانی اور جانوروں سے محبت ہے۔ انہوں نے گھر میں ایک چھوٹا لان بنایا ہوا ہے جس میں بہت خوبصورت رنگ برنگے پھول لگے ہوئے ہیں۔ ایک طرف پھلدار درخت بھی ہیں۔ آم کے درخت میں تو جھولا بھی ڈالا ہوا ہے جس پر یہ باری باری جھولا جھولتے ہیں اور خوب خوش ہوتے ہیں۔ وہ پودوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں کیونکہ پودے آلودگی کو ختم کرتے اور ماحول کو خوشگوار بناتے ہیں۔ انہوں نے آسٹریلین طوطے اور خوبصورت رنگ برنگی ننھی ننھی چڑیاں بھی پالی ہوئی ہیں۔ پرندے بھی ان سے بہت مانوس ہیں۔ ردا کے پاس بہت خوبصورت سفید بالوں والی بلی بھی ہے جس کی آنکھیں نیلی اور دم موٹی ہے۔ یہ بلی ردا کی ہر بات مانتی ہے۔ تینوں بچوں کے دوست جب بھی ان کے گھر آتے ہیں تو بہت خوش ہوتے ہیں۔ انہیں ان کے گھر میں بہت مزا آتا ہے۔ ردا کی مما (والدہ) سب بچوں کے لئے کھانے کی بہت اچھی اچھی چیزیں بناتی ہیں۔ جنہیں سب مل کر مزے لے کر کھاتے ہیں اور مما کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ یہ سب مل کر پڑھتے اور کھیلتے ہیں۔ ان کی ماں نے ان کے لئے ایک چھوٹی سی لائبریری بھی بنادی ہے جس میں بچوں کی کہانیوں کی کتابوں کے علاوہ بہت سی معلوماتی کتابیں بھی موجود ہیں۔ ان سے بچوں کو نئی نئی معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ بچے لائبریری میں بیٹھ کر کتابیں پڑھتے ہیں اور پھر واپس اسی جگہ رکھ دیتے ہیں۔ ردا، آصف اور کاشف صفائی کا خاص خیال رکھتے ہیں۔ اس لئے ان کی صحت بھی اچھی ہے۔ روزانہ غسل کرتے ہیں۔ لباس کے ساتھ ساتھ ان کے دانت، ناخن اور بال بھی بالکل صاف ستھرے ہوتے ہیں ان کی اچھی صحت کا ایک راز یہ بھی ہے کہ وہ بازار کی چیزیں نہیں کھاتے جن پر مکھیاں بیٹھی ہوتی ہیں۔ ان کی مما انہیں ہمیشہ گھر کی بنی ہوئی صاف ستھری چیزیں کھلاتی ہیں اور سکول کے لئے لنچ بکس بھی تیار کرکے دیتی ہیں کیونکہ باہر کی چیزیں بچوں کی صحت خراب کردیتی ہیں۔ انہیں یہ بھی معلوم ہے کہ گندے بچے ہمیشہ بیمار رہتے ہیں۔ جراثیم ہر وقت انہیں چمٹے رہتے ہیں جس کی وجہ سے ان کی صحت خراب رہتی ہے جو بچے بیمار رہتے ہیں وہ پڑھائی میں بھی پیچھے رہ جاتے ہیں اور جو صحت مند ہوتے ہیں وہ پڑھائی میں سب سے آگے ہوتے ہیں کیونکہ ان کا دماغ بھی صحت مند ہوتا ہے۔ ردا آصف اور کاشف کو صبح کی سیر، صبح جلدی اٹھنے کی عادت اور اسکے فوائد اور رات کو دیر سے سونے کے نقصانات بھی معلوم ہیں۔ یہ ہمیشہ اپنے دوستوں کو بھی بہت اچھی اچھی باتیں بتاتے ہیں۔ رات کو سونے سے پہلے ان کی مما انہیں سبق آموز کہانیاں سناتی ہیں جن سے ان کی معلومات میں اضافہ ہوتا ہے۔ یہ کہانیاں انہیں زندگی گزارنے کا طریقہ، اٹھنے بیٹھنے اور بات چیت کرنے کے گر بھی سکھاتی ہیں۔ ان بچوں سے ان کے عزیز رشتے دار محلے دار اور اساتذہ بہت محبت کرتے ہیں۔ بچو یہ تینوں بہت پیارے بچے ہیں۔ ان کی مثالی زندگی ہے ہم سب کو چاہیے کہ بہترین زندگی گزارنے کے لئے ان کی طرح کی اچھی اچھی باتیں سیکھیں اور بڑے ہوکر ملک کے اچھے شہری بنیں۔

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232
Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

پہلے قرآن کو سمجھیں! قرآن دل و دماغ کو کھول دیتا ہے لیکن پہلے قرآن مجید کو کھولنا اور پڑھنا ضروری ہے۔

قسط نمبر 7

وہ جن تین چڑیلوں کیساتھ میرے سامنے کھڑا تھا

حبیب بلوچ گوجرانوالہ

ریٹائرڈ آرمی آفیسر' آرمی ایجوکیشن کالج میں سنٹر ایس ایم' آرمی پبلک سکول اور مردان کالج میں پرنسپل۔ گریژن اکیڈمی گوجرانوالہ میں ایڈمن آفیسر رہے۔ ان کے ذاتی اور خاندانی چشم دید پُراسرار و حیران کن جنات کے ساتھ گزرے سچے واقعات' قسط وار قارئین کی نذر۔

قارئین! شریر جنات کیسے کیسے معصوم انسانوں کو تنگ کرتے ہیں اس کا ایک واقعہ آپ کی نذر کرتا ہوں۔

میرے پاس ایک خاتون علاج کی غرض سے آئی' اس نے بتایا کہ رات کو سونے لگی تو دیکھتی ہوں کہ ایک آدمی میرے جیٹھ کی شکل میں مجھے پکڑنے کی کوشش کر رہا ہے' میں آیۃ الکرسی پڑھنے لگ جاتی ہوں تو وہ آدمی غائب ہو جاتا ہے' تھوڑی دیر بعد دوبارہ آجاتا ہے اور میری چارپائی کو ایک طرف سے اٹھا کر مجھے زمین پر گرا دیتا ہے' میں بہت زیادہ پریشان ہو جاتی ہوں اور کانپتے ہوئے اٹھ کر اس سے پوچھتی ہوں تم کون ہو؟ وہ مجھے چپ رہنے کا اشارہ کرتا ہے' مجھے ایسے محسوس ہوتا ہے کہ جیسے کسی نے میری زبان بند کر دی ہو' اب تو مجھ سے کچھ پڑھا بھی نہیں جا رہا تھا۔

میں یوں محسوس کر رہی تھی کہ یہ کوئی جن ہے' انسان نہیں ہے' میں اس سے معافی مانگتی ہوں' وہ اچانک غائب ہو جاتا ہے' میں خوف کی وجہ سے کانپ رہی ہوتی ہوں اور پسینہ میں شرابور ہو چکی ہوتی ہوں' کچھ لمحات کے بعد وہ آدمی تین عورتوں کے ہمراہ میرے کمرے میں کھڑا ہوتا ہے' حالانکہ کمرے کے دروازہ اندر سے بند تھا' میں ان کو دیکھ کر مزید خوفزدہ ہو جاتی ہوں اور تھر تھر کانپنے لگتی ہوں۔ میں دیکھتی ہوں کہ اس آدمی کے ہاتھ میں سانپ ہے اور وہ سانپ میرے اوپر پھینک دیتا ہے' میں پیچھے ہٹ جاتی ہوں اور سانپ نیچے زمین پر گر جاتا ہے' میں اسے کہتی ہوں یہ سانپ اٹھاؤ اور مجھے معاف کر دو۔ وہ سانپ کو اٹھا کر ایک طرف پھینک دیتا ہے جب وہ سانپ کو اٹھا کر پھینکتا ہے تو سانپ ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا ہے' یہ ٹکڑے ہوا میں اڑ کر میرے جسم سے ٹکرانے لگتے ہیں اور ایسے لگتا ہے کہ مجھے چیونٹیوں نے کاٹنا شروع کر دیا ہے' میں خوف سے بیہوش ہو جاتی ہوں' کافی دیر بعد مجھے ہوش آتا ہے' تو میں فوراً اٹھ کر ساتھ والے کمرے میں جہاں میرے امی ابو سوئے تھے جا کر یہ واقعہ انہیں سناتی ہوں تو وہ بہت زیادہ پریشان ہو جاتے ہیں' میرے ساتھ یہ معاملہ اکثر ہوتا ہے' میرے والدین مجھے مختلف عاملین کے پاس لے کر گئے مگر کوئی فائدہ نہیں ہوا' اب آپ کا سنا تو علاج کیلئے آپ کے پاس آئے ہیں۔

میں نے انہیں وظیفہ اور چند اعمال بتائے جو وہ مکمل یقین' توجہ اور دھیان سے کر رہی ہے۔ الحمدللہ! اب جنات کا ان کے گھر آنا بہت زیادہ کم ہو چکا ہے۔

میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت' سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو' اطلاع دیں' شکر گزار رہوں گا۔ چونکہ اس سے پہلے مختلف ادارے میری کتب شائع کرتے تھے اب اکثر کتب عبقری ادارہ شائع کر رہا' مختلف اداروں نے بہت سے حوالے چھوڑ دیئے' یاد رکھیں! کتاب اگر حوالہ کے ساتھ ہو تو تحقیق' اور تالیف اگر حوالہ کے بغیر ہو تو سرقہ اور چوری شمار ہوتی ہے' اس لیے اب پھر سے میں اپنی کتاب کی غلطیاں خود نکال کر شائع کر رہا ہوں تاکہ میری اور کتب کی اصلاح ہوتی رہے۔ **کتاب نمبر 46: موٹاپے سے نجات علاج نبویؐ اور جدید سائنس:** تیزی سے پھیلتے موٹاپے کو دیکھتے ہوئے میں نے یہ کتاب تالیف کی۔ محنت' مشقت اور پیدل چلنا دراصل موٹاپے کا علاج' ایک ماہر کے بقول ایٹچ باتھ' دفتر' گاڑی اور نرم بستر اور جلتی پر تیل کا کام روغنی اور چکنی غذائیں بھی موٹاپے کا اصل سبب ہے' موٹاپا' معاشرے پر بوجھ' گھر پر اور خود اپنے اوپر بوجھ ہوتا ہے' اس تالیف میں آسان طبی اصول اور اعمال کو آسانی سے کرنے کے طریقے بتائے گئے ہیں' آیئے ان طریقوں پر عمل کریں جن سے بغیر بیمار ہوئے موٹاپے کا علاج کر سکتے ہیں۔ اس کتاب کی تالیف میں جن محترم شخصیات اور کتب و رسائل سے مدد لی گئی ان کے نام درج ذیل ہیں: ۔امام غزالی۔ ڈاکٹر سید زاہد علی واسطی۔ ڈاکٹر عذرا مشتاق۔ عارفہ صبح خان۔ سروش اقبال۔ حکیم جاوید بیگ۔ ڈاکٹر ایم طاہر شیخ۔ حکیم اشرف جمیل ممتاز۔ شاہد نوید بیگ۔ حکیم چوہدری محمد ادریس۔ پروفیسر حکیم محمد اقبال۔ پروفیسر حکیم سید صابر علی شاہ۔ ڈاکٹر شہزاد ہاشمی۔ ڈاکٹر محمد طاہر شیخ۔ حکیم وسیم انور۔ ثمرین فاطمہ۔ پروفیسر مجاہد علی/ احمد کامران۔ سرفراز خالد وارثی۔ ڈاکٹر مسز اقبال صوفی۔ رانی نذیر۔ ارنیب شفقت۔ عظمیٰ بتول۔ شہزادہ اطہر۔ صالحہ اکرم۔ خالد محی الدین۔ افشیں انجم۔ سمیرا بتول۔ نعمان راشد۔ سعدیہ ناز۔ رسائل: قومی ڈائجسٹ۔ ہمدرد صحت۔ اردو ڈائجسٹ۔ نوائے وقت۔ انصاف۔ طبیب حاذق۔ اسرار حکمت۔ قومی صحت۔ ماہنامہ کچن۔ ضیاء الحکمت۔ دستر خوان۔

نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں میں ہر مہینہ اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)

سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ

عشق دلیل نہیں مانگتا

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

کشف المحجوب کے اس حلقہ میں پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے ایسے لوگوں کی نشاندہی کی، جنہوں نے مذہب کے نام پہ نئی چیزیں ایجاد کیں۔ تو اس میں پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے سوفسطائیہ کا تذکرہ کیا ہے۔ ایسے لوگوں کو، اس مذہب کے ماننے والوں کو سوفسطائی کہتے ہیں۔ یہ کتاب آج سے ہزار سال پہلے ایسے لوگوں کی نشاندہی کرتی ہے جنہوں نے مذہب کے نام پہ نئی چیزیں ایجاد کیں ہیں۔ جس دور میں برکات بہت زیادہ تھیں لیکن اس کے باوجود بھی دین کے نام پہ ایسی چیزیں سامنے آئیں، جن کا اظہار شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب میں کرنا لازم سمجھا کہ جو میری کتاب کو پڑھے گا وہ ایمان کو جانے گا۔ وہ اللہ جل شانہ کو جانے گا۔ یہ جو روحانی معالج ہوتے ہیں یہ دوا کے ساتھ پرہیز بھی بتاتے ہیں۔ ایک جسم کا معالج ہے، ایک روح کا معالج ہے۔ جسم کا معالج جو دوا بتاتا ہے اور اس کے ساتھ کہے ہر چیز کھا لو تو وہ اکثر معالج ہے۔ اور روح کا معالج بھی دوا بتا کے کسی چیز سے منع نہ کرے تو ایسا بھی نہیں ہوتا، اسلام ایک علاج ہے، معالج ہے کیوں؟ اسلام سلامتی سے ہے۔ ایمان امن سے ہے۔ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا امن سے ہے۔ حلیمہ حلم سے ہے، حلم امن کا نام ہے۔ تو اسلام سلامتی کا مذہب ہے، اسلام میں شفاء ہی شفاء ہے۔ راحت ہی راحت ہے برکت ہی برکت ہے۔ رحمت ہی رحمت ہے کیونکہ شفاء کا مذہب جو ہوا۔ برکت ہی برکت ہے، رحمت ہی رحمت ہے، عافیت ہی عافیت ہے۔ شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ان لوگوں کا تذکرہ کیا ہے جو ہر بات میں شک کرتے ہیں اور آپ حیران ہونگے کہ ایسے لوگ اب بھی دنیا میں موجود ہیں یعنی سوفسطائی لوگ اب بھی موجود ہیں اور بہت ہیں، آپ پوچھیں گے وہ کون لوگ ہیں؟ میں کہوں گا کہ وہ لوگ ہیں جو دین کی ہر بات کی لوجک، وجہ، وضاحت اور دلیل مانگتے ہیں کہ یہ کیوں ہے اور یہ کیسے ہے؟ ظاہر ہے کہ شک کرتے ہیں تو لوجک مانگتے ہیں جبکہ دین دلیل کا نام نہیں اور اگر دین کے کسی مسئلہ کی دلیل مل بھی جائے تب بھی اسکا تعلق ماننے سے نہیں ہوگا کہ ہم اس مسئلہ کو اس دلیل کی وجہ سے مان رہے ہیں نہیں ایسا نہیں کیونکہ دین کو ماننے کا دلیل سے تعلق نہیں اسکا تو دل سے تعلق ہے دلیل ملے یا نہ ملے، دین تو عشق سے منسلک ہے اور عشق دلیل، لوجک نہیں مانگتا۔

تصوف و معرفت کی زندہ و تابندہ کتاب کشف المحجوب کے خزانوں اور انمول موتیوں پہ مشتمل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خطابات کے مجموعہ "حلقہ کشف المحجوب" کا آج ہی رسالہ کریں

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

سنت کا مذاق اڑانے والے کا عبرتناک انجام

استاد نے کہا ہوسکتا ہے ٹائروں پر کچھ لگا ہو جو کہ زہر ہو کیوں کہ نوجوان نے گاڑی کے ٹائروں کو چیک کرنے کے بعد ہاتھ نہیں دھوئے ہیں اور الثاسنت رسول ﷺ کا مذاق اڑایا ہے۔ فوری ٹارچ جلا کر گاڑی کے تمام ٹائروں کا جائزہ لیا گیا، گاڑی کے پچھلے آخری ٹائر کے سوراخوں کے اندر مرا ہوا زہریلی قسم کا سانپ پھنسا ہوا تھا

کہتے ہیں آج کل قیامت کا دور ہے۔ قیامت کی جتنی نشانیاں ہمارے پیارے نبی محسن کائنات حضرت محمد ﷺ نے بتائیں وہ تقریباً پوری ہوچکی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ایمان کی سلامتی نصیب فرمائے۔ (آمین)۔ قیامت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی یہ بھی ہے۔ دین دار لوگوں اور سنت رسول ﷺ اپنانے والوں کا مذاق اڑایا جائے گا اللہ کے احکامات اور رسول اللہ ﷺ کی سنتوں پر بجائے عمل کرنے کے الٹا مذاق اڑایا جائے گا۔ (نعوذ باللہ)۔ میں ایسا ہی ایک سچا واقعہ محترم قارئین کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں جو کہ مجھے بچپن میں میرے نانا جان حضرت مولانا عبدالرحمن رحمۃ اللہ علیہ نے سنایا تھا۔ ایک 20 سال کا نوجوان پٹرول، ڈیزل سپلائی کرنے والی (ٹینکی موٹر) کی ڈرائیونگ سیکھ رہا تھا۔ اس کا استاد نہایت متقی پرہیزگار تھا۔ نوجوان ہر وقت علماء کرام اور دین دار لوگوں کا مذاق اڑایا کرتا تھا۔ ایک رات نوجوان نے کہا استاد گاڑی کسی ہوٹل پر روکو، سخت بھوک لگی ہے۔ کھانا کھالیں، استاد نے کہا بیٹا تھوڑا صبر کرو آگے کہیں مین روڈ پر ایسا کوئی ہوٹل نظر آئے جس کے ساتھ مسجد بنی ہوئی ہو وہاں گاڑی روکیں گے۔ کھانا بھی کھالیں گے اور نماز بھی پڑھ لیں گے۔ تھوڑی دیر بعد ایک ہوٹل نظر آیا مگر ہوٹل کے ساتھ مسجد بنی ہوئی نہیں تھی تو جوان نے کہا استاد اسی ہوٹل پر گاڑی روکو۔ استاد نے کہا بیٹا یہاں مسجد نہیں ہے آگے کسی اور ہوٹل پر گاڑی روکیں گے۔ نوجوان نے کہا نہیں استاد ہم سے بھوک برداشت نہیں ہورہی ہے۔ نماز جانے آپ جانو ہمیں کیا؟ استاد نے شاگرد کی ضد پر گاڑی کا رخ ہوٹل کی جانب موڑ لیا۔ اچھا بابا اب تو راضی ہے۔ لو پہلے آپ کی بات مان لیتے ہیں۔ کھانا کھالیتے ہیں۔ بعد میں آگے کسی ہوٹل یا پٹرول پمپ پر گاڑی روک کر مسجد میں نماز پڑھ لیں گے۔

بیٹا نیچے اترو گاڑی کے ٹائر وغیرہ چیک کرو۔ میں ذرا قضائے حاجت کے لئے لیٹرین (بیت الخلا) جارہا ہوں۔ ٹائر چیک کرنے کے بعد ہاتھ دھوکر کھانے کا آرڈر دے دینا۔ نوجوان نے ٹائروں کو ہاتھ مار کر چیک کیا اور بغیر ہاتھ دھوئے کھانے کا آرڈر دے دیا۔ استاد قضائے حاجت سے فراغت کے بعد ہاتھ دھوکر کھانے کی میز پر آبیٹھا کھانا لگ گیا نوجوان نے جونہی کھانے کی طرف ہاتھ بڑھایا استاد کی بغیر دھلے ہوئے ہاتھوں پر نظر پڑ گئی۔ بیٹا جاؤ پہلے ہاتھ دھو آؤ۔ آپ کے ہاتھ گندے اور کالے ہیں۔ استاد نے کہا۔

کھانا شروع کرنے سے پہلے دونوں ہاتھوں کو اچھی طرح دھوکر اور بسم اللہ علیٰ برکت اللہ دعا پڑھ کر کھانا ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کی سنت ہے۔

نہیں استاد میں نہیں مانتا، ہاتھ دھونے یا نہ دھونے سے کیا ہو جائے گا۔ بعد میں بھی ہاتھ گندے ہوجائیں گے یہ سب آپ لوگوں نے اپنی طرف سے باتیں بنائی ہوئی ہیں۔ ابھی نوجوان نے بغیر دھلے ہاتھوں سے بمشکل 5 یا 6 عدد روٹی کے لقمے کھائے ہوں گے۔ ایک دم چہرہ سیاہ ہونے لگ گیا، منہ اور ناک سے زہریلا کالا خون نکلنے لگ گیا۔ میز پر بیٹھے بیٹھے نوجوان کی جان نکل گئی۔ ہوٹل میں موجود تمام لوگ بمع ہوٹل کا عملہ پریشان ہوگیا۔ حالانکہ وہی سالن روٹی اور لوگوں سمیت خود استاد بھی کھا رہا تھا۔ استاد سب سمجھ گیا۔ استاد نے ہوٹل مالکان اور تمام لوگوں کو ساری بات بتائی۔ استاد نے کہا ہوسکتا ہے ٹائروں پر کچھ لگا ہو جو کہ زہر ہو کیوں کہ نوجوان نے گاڑی کے ٹائروں کو چیک کرنے کے بعد ہاتھ نہیں دھوئے ہیں اور الثاسنت رسول ﷺ کا مذاق اڑایا ہے۔ فوری ٹارچ جلا کر گاڑی کے تمام ٹائروں کا جائزہ لیا گیا، گاڑی کے پچھلے آخری ٹائر کے سوراخوں کے اندر مرا ہوا زہریلی قسم کا سانپ پھنسا ہوا تھا جو شاید گاڑی کے ٹائر کے نیچے آکر کچل کر پھنس گیا تھا۔ اللہ ہم سب کو اپنے احکامات اور حضور اکرم ﷺ کے طریقوں، سنتوں پر کما حقہ عمل کرنے کی توفیق نصیب فرمائے۔ (آمین) (محمد صادق، مظفرگڑھ)

رزق حرام نے جینا حرام کر رکھا ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں حق تعالیٰ کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اس فتنوں کے دور میں نیک لوگوں کی رفاقت نصیب فرمائی۔ آمین۔ میرا تقریباً چار سال سے عبقری سے تعلق ہے۔ میں آپ کی سربراہی میں ہونے والی روحانی کلاسوں میں شریک ہو چکا ہوں۔ کئی تجربات کئے تھے۔ الحمدللہ بہت فائدہ ہوا ہے۔ میرا ایک مسئلہ ہے جس کے بارے میں بہت پریشان ہوں۔ میرے والد صاحب نے تقریباً 25 سال پہلے کوئی عمل کیا تھا۔ بغیر کسی استاد کے تو وہ بیمار ہوگئے تھے۔ ہسپتالوں میں دکھایا مگر افاقہ نہیں ہوا۔ اس وقت ہم چھوٹے تھے اب ان کا کچھ دیر کے لئے کسی وقت ذہنی توازن خراب ہو جاتا ہے۔ پھر صحیح ہو جاتا ہے۔ صحیح باتیں کرتے ہیں، صحت ظاہراً صحیح ہے مگر گھر کے اندر نہایت سختی، والدہ پر ظلم، اولاد سے بیزار، دوسرے لوگوں پر اعتماد کرتے ہیں۔ عقائد بھی صحیح نہیں ہے۔ گھر میں لڑائی کرتے رہتے ہیں جس کی وجہ سے میرے چھوٹے تین بھائی ہیں غلط مجلس میں بیٹھ بیٹھ کر خراب ہو چکے ہیں۔ ہمارا سارا کاروبار، گھر کا نظام درہم برہم ہو چکا ہے۔ ہم قرضوں کے نیچے دب چکے ہیں۔ پریشانیاں اور شادیوں میں رکاوٹ، میرے والد صاحب کی وجہ سے لوگ بھی پریشان ہیں۔ لوگوں سے بغیر کسی وجہ کے لڑتے بھی ہیں۔ بعض لوگ کہتے ہیں تمہارے والد کو کسی کی بددعا لگی ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس نے کوئی عمل کیا ہے۔ میں نے عبقری پبلی کیشنز کی کتاب ''اسلام جادو اور وہم'' کا مطالعہ کیا تھا۔ اس میں جادو کی علامات پڑھی تھیں۔ وہ مجھے کسی حد تک صحیح نظر آرہی ہیں۔ مگر میں کیا کروں اس کا مجھے کچھ علم نہیں ہے۔ کیونکہ صحیح بات تو میرے اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے کہ اب کیا کرنا چاہیے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ ہمارا رزق حرام ہے۔ وراثت کی عدم تقسیم کی وجہ سے جب یہ بات کہی جائے تو والد صاحب غصے میں آجاتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں تم کو نہیں پتا۔ ایسی بات نہ کیا کرو اور حدیث کو خود سمجھتے ہیں پھر دلائل بھی دیتے ہیں اور حدیث کا غلط مطلب بیان کرتے ہیں اور ہماری شادیوں میں بھی رکاوٹ پیدا ہوچکی ہے۔ عمریں گزر رہی ہیں۔ اس سلسلے میں ہماری رہنمائی فرمائیں اور دعا بھی کریں اللہ تعالیٰ ہم پر رحم کرے اور میں کیا کروں بہت پریشان ہوں احساس کمتری کا شکار ہوچکا ہوں۔ گھر کا نظام نہ خود سنبھالتے ہیں نہ کسی کے حوالے کرتے ہیں۔ ہم پانچ بھائی ہیں کسی پر اعتماد نہیں کرتے۔ (م، بہاولنگر)

17 سالہ بیٹے کے پیشاب میں خون آتا تھا مگر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر دے اور اپنی رحمتیں اور برکتیں آپ پر نازل فرمائے۔ چند ماہ سے ہم عبقری تقریباً ہر ماہ پڑھ رہے ہیں، اس میں بہت اچھے اور شاندار وظائف ہوتے ہیں۔ میرے چار بچے ہیں، بڑا بیٹا جس کی عمر 17 سال ہے، اس کے گردے کمزور ہیں، چند ماہ پہلے اس کے پیشاب میں خون آنا شروع ہوگیا، میں نے عبقری رسالہ میں لکھا ایک وظیفہ یعنی گیارہ مرتبہ اول و آخر درود شریف، ایک مرتبہ سورۂ مریم پڑھ کر پانی پر دم کرکے دیا تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے خون آنا بند ہوگیا۔ (والدہ زین، ننکانہ صاحب)

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

رمضان کے روزے اور میری پریشانی	پورے جسم پر کالے نشان	قارئین! میری آٹھ بیٹیاں ہیں
منہ کی بدبو کا یقینی علاج	میرے مسائل کا حل	میں ستر فیصد ٹھیک ہو چکا ہوں

قارئین! زیر نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کھلتے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ، ٹوٹکہ، تجربہ، کوئی فارمولا آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے، کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

مارچ کے جوابات

محترم بیگم مخدوم شیر عالم صاحبہ! میری والدہ صاحبہ کے پتہ میں پتھری تھی، ڈاکٹرز نے آپریشن ہی علاج تجویز کیا تھا، مگر ہم نے عبقری دواخانہ جب رابطہ کیا تو انہوں نے ہمیں عبقری دواخانہ کی ''پتہ پتھری شفاء'' استعمال کروانے کا مشورہ دیا، سستی سی دوائی ہے، ہم نے اپنی والدہ کو چند دن ہی استعمال کروائی الحمدللہ! اب میری والدہ بالکل صحت یاب ہیں، میں آپ کو بھی یہی مشورہ دوں گی کہ آپ بھی اپنی بہو کو عبقری دواخانہ کی پتہ پتھری شفاء استعمال کروائیں، ان شاء اللہ اللہ تعالیٰ کرم فرمائیں گے۔ (بنت عمران، لاہور)

2۔ بہن! میں ایک ڈینٹسٹ ہوں منہ سے بدبو دو وجوہات سے آتی ہے ایک یا انسان کا معدہ خراب ہو، دوسرا مسوڑھے، میرے پاس منہ کی بدبو کے حوالے سے جو مریض آتے ہیں اگر تو منہ کی بدبو معدہ کی خرابی کی وجہ سے ہو تو میں انہیں عبقری دواخانہ کی دوا ''معدہ کا السر کورس'' استعمال کرواتا ہوں اور اگر مسوڑھوں کی وجہ سے ہو تو انہیں ایک ٹوٹکہ بتاتا ہوں کہ آپ صرف اپنے مسوڑھوں پر ہلکے ہاتھ یعنی آرام سے برش پھیرا کریں، چند ہی دنوں میں منہ سے بدبو کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ آپ بھی یہ ٹوٹکہ آزمایئے اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔ (ڈاکٹر اعجاز، اسلام آباد)

3۔ بہن آپ اپنے طبی علاج کے ساتھ ساتھ ایک وظیفہ جو کہ آزمودہ در آزمودہ ہے وہ تمام گھر والے سارے دن، اٹھتے، بیٹھتے، چلتے پھرتے کھلا پڑھیں۔ ان شاء اللہ آپ کے جملہ مسائل حل ہو جائیں گے۔ وہ وظیفہ ہے لَمْ لَا یُنْصَرُوْنَ۔ (نبیل سلطان، جہلم)

4۔ امجد بھائی! آپ کا علاج درج ذیل عمل میں ہے، میری بھی کچھ ایسی ہی کیفیات تھیں، میں نے دفتر عبقری فون کیا تو انہوں نے مجھے درج ذیل عمل دیا، الحمدللہ! میں گزشتہ ایک ماہ سے یہ عمل کر رہا ہوں اور میں ستر فیصد تک ٹھیک ہو چکا ہوں اور عمل ابھی تک جاری ہے۔ عمل یہ ہے کہ سورۃ والضحیٰ کی آیت وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿والضحیٰ﴾ کو ہمارا دن کھلا سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں پڑھیں، ان شاء اللہ آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔ (ساجدہ، سلطان)

اپریل کے سوالات

رمضان کے روزے: میں قارئین سے پوچھنا چاہتی ہوں کہ رمضان المبارک کا مہینہ اگلے ماہ آرہا ہے، میں نے اکثر دیکھا ہے کہ جو گردے یا شوگر کے مریض ہوتے ہیں وہ روزے نہیں رکھ پاتے، کیا کسی کے پاس کوئی ایسا نسخہ ہے جس کو استعمال کر کے گردے یا شوگر کے مریض آسانی سے روزے رکھ سکیں، دراصل میرے دائیں گردے میں سوجن رہتی ہے، چھ یا سات روزے رکھ لوں تو ساتھ ہی پیشاب بند ہو جاتا ہے، گردے میں شدید جلن اور درد ہوتا ہے، پیشاب جل کر آتا ہے، میں رمضان کے پورے روزے رکھنا چاہتی ہوں، اگر قارئین اس مسئلہ کا حل بتا دیں تو یقیناً یہ ایک بہت بڑی نیکی ہوگی۔ (صباء حسن، سیالکوٹ)

کالے نشان: محترم قارئین! میری عمر 18 سال ہے، میرے چہرے سمیت پورے جسم پر بہت زیادہ تعداد میں کالے نشان پڑتے جا رہے ہیں، پہلے میرا رنگ بہت سفید تھا، لوگ مجھے ''بگو'' کے نام سے اکثر پکارتے تھے، مگر ان کالے نشانوں میں مزید اضافہ ہونے کے ساتھ رنگ بھی سیاہ ہو رہا ہے، میں نے بہت ادویات استعمال کیں لیکن افاقہ نہ ہوا، میں بڑا پریشان ہوں، مجھے سمجھ نہیں آرہی یہ کس بیماری کی علامات ہیں۔ براہ کرم کوئی آزمودہ اچھا سا نسخہ بتا دیں۔ (عزیز الرحمٰن، ساہیوال)

میری آٹھ بیٹیاں ہیں: قارئین! میری آٹھ بیٹیاں ہیں، ایک بچی کی شادی ہوئی، باقی بچیوں کے رشتوں میں سخت رکاوٹ ہے، دو بچیوں کی عمریں 31 اور 29 سال ہو چکی ہیں، رشتے آتے ہیں مگر بات رُک جاتی ہے، کچھ عرصہ پہلے ہمارے گھر کے مین گیٹ کو کسی نے بڑا تالا لگا دیا تھا اس وقت سے بندش ہے، سخت پریشانی ہے، چوتھے نمبر والی بیٹی کا نکاح ہوا، مگر آج تک رخصتی نہ ہو سکی۔ (پوشیدہ، راولپنڈی)

کبوتروں کا کاروبار: محترم قارئین میرے خاوند کبوتروں کا کام کرتے ہیں، تقریباً دو سال سے کام بند ہے، گاہک آتے ہیں اور پوچھ کر چلے جاتے ہیں اس کے بعد دوبارہ نہیں آتے، کوئی کہتا ہے بندش ہے، کوئی کہتا ہے جادو ہے، سمجھ نہیں آتی کیا کریں۔ پریشانی کا حل بتائیں۔ شکریہ! (م، راولپنڈی)

مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: کمی احمد پوری

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور حضور نبی کریم ﷺ نکلے اور کعبہ شریف میں آئے تو رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا: بیٹھ، چنانچہ آپ ﷺ میرے کندھوں پر چڑھے جب میں آپ ﷺ کو اٹھانے لگا تو آپ ﷺ مجھ میں کمزوری دیکھ کر اتر گئے اور میرے لیے خود بیٹھ گئے، فرمایا: میرے کندھوں پر چڑھ، تو آپ ﷺ کے (مبارک) کندھوں پر چڑھا تو آپ ﷺ نے مجھے اوپر اٹھایا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں مجھے یہ خیال گزرا کہ اگر میں چاہوں تو آسمان کے کناروں کو چھولوں، چنانچہ میں بیت اللہ شریف پر چڑھ گیا کیونکہ اس پر پیتل یا تانبے کی مورتی تھی تو میں نے اس کو دائیں بائیں، آگے پیچھے ہلانا شروع کر دیا جب میں نے اس کو اکھاڑ لیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس کو پھینک دو تو میں نے اس کو پھینک دیا تو وہ اس طرح ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی جیسے شیشہ کی بوتلیں ٹوٹتی ہیں، پھر میں اتر آیا۔ رسول اللہ ﷺ اور میں جلدی جلدی چلے، چنانچہ گھروں کی پناہوں میں آگئے اس خوف سے کہ کوئی ایک انسان دیکھ نہ لے۔ (مسند امام احمد)

ہاتھوں کی الرجی سے شفاء پانے والے متوجہ ہوں!

اکثر لوگوں کو ہاتھوں کی انگلیوں کی پوروں کی جڑیں بن جاتی ہیں خاص طور پر موسم سرما میں، جو کہ سوج جاتی ہیں، دکھتی ہیں اکثر اس میں سے جلد باہر نکل آتی ہے پھر اس کو اکھیڑنا پڑتا ہے۔ قارئین اس کیلئے کوئی مشاہدہ تجربہ ٹوٹکہ ضرور لکھیں۔ مخلوق خدا پریشان ہے آپ کا لکھا کوئی ایک لفظ لاکھوں کیلئے شفاء کا ذریعہ بن جائے گا اور آپ اور آپ کی نسلوں کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ ہوگا۔ (ادارہ عبقری)

براہ مہربانی! مجھے کوئی نہ پڑھے!

قارئین! اگر آپ دکھی انسانی کی سو فیصد خدمت کرنا چاہتے ہیں تو میاں بیوی کے روٹھنے یا کوئی بندہ بھاگ گیا اسے واپس لانے، شوہر بیوی کی نفرتوں کو ختم اور جھگڑوں کو ختم کرنے کیلئے کوئی محبت کا تعویذ، صرف تعویذ لکھیں جو آپ کا آزمودہ ہو، تجربہ شدہ ہو، ضرور لکھیں اور اپنا ساتھ موبائل نمبر اور مکمل پتہ تاکہ انسانیت کو نفع پہنچے اور مخلوق خدا کو فیض پہنچے امید ہے کہ آپ اپنا تعویذ تجربہ شدہ اور مشاہدات جلد سے جلد لکھیں گے۔

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

خواب اور تعبیر

☆ میں چیخ رہا ہوں ☆ سفید چادر اور ٹوٹے چاول ☆ وہ اجنبی عورت ☆ حساب کا پرچہ کینسل ☆ بندش کا اشارہ ☆ بڑے غبارے ہمارے چھت پر اترے ☆ زمین میں دھنسے پرندے ☆ اب یونیورسٹی کیسے جائیں گے؟ ☆ بندش کی وجہ سے رکاوٹیں

میں چیخ رہا ہوں: میں نے دیکھا میں ایک جگہ کھڑا ہوا ہوں اور میرے پورے جسم میں ببول کی جھاڑیاں لپٹی ہوئی ہیں جن کے سبب مجھے بہت تکلیف ہو رہی ہے اور میں تکلیف سے چیخ رہا ہوں، پھر میں نے دیکھا کہ میرے دائیں ہاتھ کی جانب مجھ سے چند سو گز کے آگے حضور پاک ﷺ اپنے صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ساتھ کھڑے ہیں، ان میں شاید حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بھی ہیں، میں آپ ﷺ کو مدد کے لئے پکارتا ہوں مگر آپ ﷺ میری جانب دیکھ کر صرف تبسم فرماتے ہیں۔ کانٹے میرے جسم میں لپٹتے جا رہے ہیں، اتنے میں درخت کی جھاڑی سے آواز آئی ہم نے تو اچھوں اچھوں کو نہیں چھوڑا۔ اسی لمحے میں دیکھتا ہوں کہ مرے بائیں ہاتھ کی جانب تھوڑا سا آگے رحل میں قرآن مجید رکھا ہوا ہے اور میں تھوڑی ہمت کر کے قرآن مجید کو اٹھا لیتا ہوں اور اپنے سینے سے لگا لیتا ہوں۔ اسی وقت جھاڑی کے کانٹے میرے جسم میں سے اترتے ہوئے نکل جاتے ہیں، اس کے بعد آپ ﷺ اپنے صحابہ اکرام رضی اللہ عنہ کے ساتھ میرے پاس موجود ہوتے ہیں اور میرے کندھے پر ہاتھ رکھ کر تبسم فرماتے ہیں۔

تعبیر: آپ کا خواب ماشاء اللہ مبارک ہے اور اس بات کا اشارہ ہے کہ دین برحق پر عمل کرنے میں شدت کی مخالفت اور تکلیفیں برداشت کرنا پڑیں گی، تاہم اس طرف بھی متوجہ کیا گیا ہے کہ گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے، اگر صبر اور استقامت سے کام لیا اور قرآن مجید کو تھامے رکھا تو ان شاء اللہ کامیابی نصیب ہوگی اور تمام مخالفین ناکام ہو جائیں گے۔ آپ قرآن پاک پڑھنے اس کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی کوشش کیا کریں، انشاء اللہ غیبی مدد حاصل ہوگی۔ واللہ اعلم۔

سفید چادر اور ٹوٹے چاول: میں نے دیکھا کہ زمین پر سفید چادر بچھی ہے اور میں اس پر بیٹھی ہوں۔ میرے پاس ایک وین کھڑی ہے۔ میں سفید چادر پر بیٹھ کر چائے پی رہی ہوں اور میرے آگے بہت سے چینی دان رکھے ہیں، پھر دیکھا کہ پرانے گھر کی چھت پر ہوں اور وہاں ایک ٹب پانی سے بھرا ہے، اوپر میری دو آنتیاں ہیں، دیکھا کہ چاول کچھ ٹوٹ گئے ہیں تو میری بہن ان کو پرنالے میں ڈال کر بہا دیتی ہے۔

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو اپنی دوستوں سے بہت فائدہ پہنچے گا، نیز خوشی اور خوشحالی کا بھی اشارہ ہے۔ آپ پنج وقتہ فرض نمازوں کے بعد یَابَدِیْعُ 21/21 بار پڑھ کر دعا کر لیا کریں۔ واللہ اعلم

حساب کا پرچہ کینسل: میں نے دیکھا کہ ایک دکان میں ہوں۔ میں، میرا بھائی اور دوسرے لوگوں کا حساب کا امتحان ہونے والا ہے۔ دکاندار کہتا ہے کہ یونیورسٹی کیسے جائیں گے، میں کہتی ہوں کہ بھائی تو بائیک پر پڑھنے گیا ہوا ہے تو ایسا کرتے ہیں کہ رکشے پر چلے جائیں گے اور پھر اتنے میں شور اٹھتا ہے کہ حالات بہت خراب ہیں لہٰذا حساب کا پرچہ کینسل ہو گیا ہے، میں دکان سے نکلتی ہوں تو ساتھ والی گلی میں پرانا گھر آ جاتا ہے اور وہاں چھوٹے چھوٹے بچے قربانی کے جانور لے کر گزر رہے ہوتے ہیں، ان میں گائے بیل شامل ہیں جو کافی بڑے ہوتے ہیں، پھر ایک آدمی کو دیکھتی ہوں کہ وہ کہتا ہے کہ حالات کی خرابی کی وجہ سے جو کھانے پینے کا اہتمام کیا تھا ضائع ہو جائے گا، لہٰذا لوگوں کے گھروں میں بانٹ دیتا ہوں، بڑا ٹب اس کے پاس ہوتا ہے، اس میں بہت سی پلیٹیں ہوتی ہیں، ان میں انار، انگور اور کیلے کے ہوئے رکھے ہوتے ہیں۔ دو پلیٹیں گھر والوں کو دیتی ہوں اور دو اپنے لئے لیتی ہوں۔ اوپر کی پلیٹ میں چار دانے انار کے ہوتے ہیں۔ نیچے کی پلیٹ بھری ہوئی ہوتی ہے، وہ وہی ڈال کر کھاتی ہوں اور پھر گھر میں داخل ہوتی ہوں تو کمرے میں صوفے ادھر ادھر ہوئے ہوتے ہیں، ان کو سیدھا کرتی ہوں اور میری ماں مجھے ہزار کا نوٹ دیتی ہیں۔ پھر میری آنکھ کھل گئی۔ (ج، لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کی طرف متوجہ کیا گیا ہے کہ مخلوق خدا کی مدد ہر ممکن طریقے سے کرتی رہیں، انشاء اللہ بے حساب رزق غیب سے عطا ہوگا اور مالی خوشحالی نصیب ہوگی۔ واللہ اعلم۔

بندش کا اشارہ: میں اکثر دیکھتی ہوں کہ میرا جوتا گم ہو گیا ہے۔ یا ایک نیا جوتا خرید رہی ہوتی ہوں۔ پھر کبھی میری آپا یا کوئی اجنبی عورت مجھے جوتا لا کر دے دیتی ہے۔ میں اسے پہن لیتی ہوں۔ اس کے علاوہ اکثر خواب میں، میں اجنبی جگہوں پر راستوں میں اندھیرے میں چلی جا رہی ہوتی ہوں، انجانا خوف اور پریشانی سی رہتی ہے۔ اکثر خواب میں گندے واش روم، چھوٹے بچوں کی گندگی، جانوروں کی گندگی دیکھتی ہوں۔ کبھی سیڑھیاں، کبھی آسمان صاف ستھرا نظر آتا ہے۔ ایک مرتبہ خواب میں آسمان پر میں نے دو بڑے غبارے دیکھے، تھوڑی دیر میں وہ ہوا میں تیرتے ہوئے ہماری چھت پر ایک، ایک کر کے آ جاتے ہیں۔ میں انہیں اپنی چھوٹی بہن کو دے دیتی ہوں۔ ان پر پاکستان کا نقشہ بنا ہوتا ہے۔ (ش، سرگودھا)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ پر بندش لگی ہوئی ہے جس کی وجہ سے آپ کے اپنے کاموں میں شدید رکاوٹیں پیش آتی ہیں، لیکن وہ کام جو دوسروں کے لئے انجام دینے ہوتے ہیں وہ کام باآسانی انجام پذیر ہو جاتے ہیں۔ آپ بندش کے خاتمے کے لئے سورہ فلق اور سورہ ناس صبح شام 313 بار پڑھ کر پانی میں دم کر کے پی لیا کریں۔ یہ عمل 90 دن تک کرنا ہوگا۔ ناغہ کے دن بعد میں شمار کر لیں۔

کامیابی کے راستے: میں نے دیکھا کہ کہیں جا رہی ہوں۔ راستے میں اندھیرا ہے یعنی رات کا وقت ہے۔ سڑک کے دونوں کناروں پر درخت ہیں اور تھوڑی سی روشنی بھی ہے۔ بارش ہو رہی ہے اور براؤن رنگ کے چار گھوڑے سڑک پر آ رہے ہیں، میں جیپ میں سوار ہوں، پھر پیدل بھی چلتی ہوں اور ارد گرد موٹر بائیک پر بھی لوگ جا رہے ہیں۔

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ انشاء اللہ آپ کی کامیابیوں کے راستے ایک بار کھلنے کے بعد تسلسل سے کھلتے ہی چلے جائیں گے اور ہر قدم پر کامیابی حاصل ہوگی۔ واللہ اعلم۔

پیپل کی چھال سے یرقان کا آزمودہ علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رسالہ عبقری کافی عرصہ سے مطالعہ میں ہے' خلق خدا کو آپ کی اس کاوش سے بڑا فائدہ پہنچ رہا ہے' خدائے بزرگ و برتر آپ کو اس کی جزا دے گا۔ قارئین عبقری کیلئے کالے یرقان کا ایک نسخہ پیش خدمت ہے' یہ ہر قسم کے یرقان کیلئے ہے۔ ھوالشافی: پیپل کے درخت کی چھال دو کلو لیں' اس کو دو کلو پانی میں ڈال کر ابال لیں' جب پانی آدھا رہ جائے تو پیس کر چھان کر اس میں ایک کلو چینی ڈالیں اور ہلکی آگ پر پکائیں' جب ذرا گاڑھا ہو جائے تو اتار کر رکھ لیں' پھر ہر روز صبح خالی پیٹ دو چمچ استعمال کریں۔ پندرہ دن تک مسلسل استعمال کریں۔

(نادر خان' سدھن زئی آزاد کشمیر)

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

کبھی عارضہ قلب نہ ہوگا: کسی پینے والے کو کبھی دل کا عارضہ نہیں ہوتا بشرطیکہ وہ پکی لسی ہو یعنی مکھن نکال کر استعمال کی جائے۔

انتخاب: محمد طاہر صدیق لاہور

جان لیجئے! آخر برکت کیوں اٹھ گئی؟

اب ذرا اپنے گردوپیش کا جائزہ لیجئے' چاول کے دانے دھوتے وقت نالیوں اور گٹروں میں بہہ جاتے ہیں، خصوصاً جن گھروں میں کھانا ملازم تیار کرتے ہیں، وہاں کا اللہ تعالیٰ ہی حافظ ہے۔ گھی، تیل اور اجناس بے دریغ ضائع کی جاتی ہیں حتیٰ کہ پانی جیسی نعمت کی بھی قدر نہیں

انسانی زندگی پر تربیت اور ماحول کا گہرا اثر ہوتا ہے اور اس کے عملی نتائج مرتب ہوتے ہیں۔ میں نے جب آنکھ کھولی، تو اپنے گرد و پیش سادگی، شرافت اور قناعت کا ماحول پایا، حالانکہ اس وقت آمدنی سینکڑوں میں تھی اور پھر گھروں میں اشیائے ضروریات بھی کثرت سے نہ تھیں مگر ہر فرد مطمئن اور پرسکون تھا۔ آج ماشاء اللہ آمدن ہزاروں میں ہے اور کھانے پینے کی بھی بھرمار ہے مگر پھر بھی بھرمار ہے مگر پھر بھی یہ راگ ہر ایک زبان پر ہے۔ ''جناب کیا کریں، کاروبار مندا ہے''۔ حقیقت خیر و برکت ختم ہو چکی اور لوگوں کی قوت خرید ختم ہوگئی ہے۔ شکوہ شکایت کا بازار گرم ہے مگر ہم اپنے رویے اور طور طریقوں کی طرف توجہ دینا گوارا نہیں کرتے۔ آیئے! ذرا ماضی میں جھانکیں تاکہ معلوم ہو سکے کہ کس طرح برکتیں و رحمتیں نازل ہوتی تھیں۔ یکم تاریخ آتی تو میرے والد بزرگوار مرحوم مجھے سائیکل میں بٹھاتے اور کنک منڈی پہنچتے۔ وہ گندم کا بھاؤ طے کرتے اور آرڈر دیتے۔ دکاندار پھر گندم تولنا شروع کرتا۔ ترازو کا پلڑا بھرتا، تو اس کی زبان پر بسم اللہ ہوتا۔ گندم پسی، آٹا گھر آیا، تو والدہ صاحبہ نے بزرگوں کی تعلیم کے مطابق بسم اللہ پڑھ کر آٹے کا پیالہ نکال کر الگ رکھ دیا۔ یہ پیالہ اللہ تعالیٰ کے نام پر فقیر کو ملے گا۔ آٹا گوندھنے کے بعد پانی کھرے یا نالی میں نہیں کسی گملے یا اونچی جگہ پھینکا جاتا تاکہ اس پر کسی کا پاؤں نہ پڑے۔ گرمی سردی جو بھی سبزی گھر میں آتی، پکا کر سب سے پہلے ایک پلیٹ سالن اللہ تعالیٰ کے نام کی الگ نکال لیتے اور پھر گھر والوں کو برتایا جاتا۔ اسی طرح جو نیا پھل گھر آتا، وہ بھی حسب مقدار اللہ تعالیٰ کے نام کا نکال کر کسی غریب یا فقیر کو دیا جاتا۔ کھانا دسترخوان پر لگتا۔ بچوں کو تلقین کی جاتی کہ بسم اللہ پڑھ کر شروع کریں اور اپنے آگے سے کھائیں۔ بولنے سے منع کر دیا جاتا۔ کھانے کے بعد شکر الحمد اللہ کہلوایا جاتا۔ دسترخوان پر جس قدر بھورے (روٹی کے ٹکڑے) یا چاول گرے ہوتے، انہیں اٹھا کر دیوار پر ڈالا جاتا کہ پرند چگ لیں۔ جب اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی عزت و قدر اس قدر ہوتی تھی اور اعلیٰ اقدار زندہ تھیں، تو پھر خیر و برکت کیونکر نہ ہوتی؟

اب ذرا اپنے گردوپیش کا جائزہ لیجئے' چاول کے دانے دھوتے وقت نالیوں اور گٹروں میں بہہ جاتے ہیں، خصوصاً جن گھروں میں کھانا ملازم تیار کرتے ہیں، وہاں کا اللہ تعالیٰ ہی حافظ ہے۔ گھی، تیل اور اجناس بے دریغ ضائع کی جاتی ہیں حتیٰ کہ پانی جیسی نعمت کی بھی قدر نہیں۔ اب رات کو مائیں بچوں کو کوئی نصیحت بھری کہانی نہیں سناتی اور نہ ہی باقاعدگی سے کلمے یاد کرواتی ہے۔ پہلے یہ مشق روزانہ ہوتی تھی اور بچوں کو تعلیم و تربیت دینا والدین اپنی خاص ذمے داری سمجھتے تھے۔

میری غریب بے کس خالہ کی روشن قبر

قارئین! آج میں آپ کو ایک سچا واقعہ جو کہ ہمارے گاؤں اور برادری میں ہوا' جس کا عینی شاہد میرا بھتیجا بھی تھا اب آتی ہوں اصل واقعہ کی طرف' ہماری ایک خالہ جو کہ بہت مسکین غریب بے کس تھی صرف ایک ہی بہن بھائی تھے میرے گھر بھی کم آتی رہتی اور دعائیں دیتی تھی' وہ بے چاری اللہ تعالیٰ کے حکم سے فوت ہوگئی' اس کے کوئی دو تین ماہ بعد ہماری ہی برادری کے رشتہ دار جو کہ رشتہ میں میرے چچا لگتے تھے فوت ہوئے' ان سے پہلے ان کا بھائی دو ہفتے پہلے فوت ہوا تھا' ان کی قبر ان کے ساتھ بنوائی تھی' لیکن میرے رب کے حکم سے چچا نور خان کی قبر ہماری اس خالہ کے قریب بن گئی' دو قبروں میں کتنا فاصلہ ہوتا ہے یہ تو ہر مسلمان جانتا ہے' قدرت خدا کی دیکھیں کہ درمیان میں ایک پتھر آ گیا' اگر نکالتے تو خالہ کی قبر نظر آتی نہ نکالتے تو نور خان کی قبر ٹھیک سے نہ بنتی' آخر ان لوگوں نے پتھر نکال دیا لیکن یہ کیا!'' اتنی خوشبو'' خوشبو کے ایسے جھونکے کہ وہاں کھڑے سب لوگ حیران ہوگئے' ماسی کی میت ایسے جیسے ابھی کسی نے دفنایا ہو' نہ کفن میلا' نہ چہرہ پر مٹی وغیرہ سبحان اللہ!۔ یہ سب اللہ تعالیٰ صرف ہم لوگوں کو دکھانے کیلئے ظاہر فرماتے ہیں کہ میں کیسے اپنے مسکین بندوں پر کرم فرماتا ہوں' واقعی یہ راز بڑے بڑے والی اللہ سے نہ حل ہوا اور نہ ہوگا کہ میرا رب کس بات پر راضی ہے' بظاہر ماسی عام سی مسلمان تھی' مگر اس کریم کو نجانے ماسی کی کون سی عادت پسند آ گئی جو اس کو اتنا بڑا مقام عطا فرما دیا۔ قدرت راز صرف قدرت ہی جانے۔ اس کریم سے ہر وقت ڈرتے رہنا چاہیے نجانے کب وہ بخش دے۔ (ج۔ش)

''مس عبقری'' کی چند کھٹی میٹھی باتیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جس دن سے عبقری شروع ہوا میں اس دن سے اس کی دیوانی ہوں' ہر وقت ہر کسی سے صرف عبقری کی ہی باتیں کرتی ہوں' کسی کو کوئی مسئلہ ہے فوراً عبقری میں آیا کوئی ٹوٹکہ' نسخہ یا وظیفہ بتا دیتی ہوں۔ جس سے سب کو فائدہ تو رہا مگر بعض میرے منہ سے عبقری سن سن کر اکتا بھی جاتے ہیں مگر میں کہاں باز آنے والی ہوں۔ اب تو پورے خاندان میں میرا نام ہی ''مس عبقری'' پڑ گیا ہے۔ میں وظائف اور نسخہ جات بتاتی تو سب کو ہی لیکن جو عمل کرتا ہے وہی کامیاب ہوتا ہے۔ میری بیٹی ماشاء اللہ ڈاکٹر بھی ہے اور حافظہ بھی' اس نے ماہنامہ عبقری میں پڑھ کر حمل کے نو ماہ ہر نوچندی جمعرات کو سورۂ بقرہ پڑھی الحمدللہ اللہ تعالیٰ نے اسے بیٹا عطا فرمایا۔ میری دوسری بیٹی کے دانت میں درد تھا اس کی سگی بہن جو کہ دانتوں کی ہی ڈاکٹر ہے اس نے کہا روٹ کینال ہوگی' وہ بیچاری ہر روز آگمنٹن گولیاں کھاتی' نکور کرتی مگر درد ٹھیک نہ ہوتا ساتھ الٹی بھی آتی' بخار بھی' میں نے کہا بیٹی میری مانو جامن کے پتوں کے پانی سے غرارے کرو' گلا ٹھیک اور الٹی بھی نہ آئی۔ میں نے عبقری پبلی کیشنز کی مشہور کتاب ''کھنڈرات سے ملی خاندانی بیاض'' دفتر عبقری سے منگوائی ہوئی ہے۔ اس میں سے ایک نسخہ گائے کی ہڈی والا منجن بناتی ہوں' ہر عید قربان پر پائے اکٹھے کرتی ہوں اور اس کی ہڈی کا منجن بنا لیتی ہوں' وہی منجن میری بیٹی نے لگاتار رات کو استعمال کیا' اللہ کے حکم سے درد بالکل ٹھیک ہوگیا' وہ دن اور آج کا دن پھر درد نہیں ہوا' میں ہر سال یہ منجن بنا کر ملنے والوں کو مفت تقسیم کر دیتی ہوں۔ واہ رے عبقری واہ! تیرے لکھنے' بنانے والے کو اللہ اجر دے' ڈھیروں دعائیں آپ کو ملتی رہیں۔ (ج۔ب)

دانتوں کے مسائل کیلئے الہامی نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ڈاڑھ اور دانت کے درد کیلئے ایک الہامی نسخہ ہے۔ کسی بھی ڈاڑھ یا دانت میں درد ہو تو شہادت کی انگلی کو درد والی جگہ پر رکھ کر سورۂ اخلاص' سورۂ فلق اور سورۂ ناس ایک ایک مرتبہ پڑھیں' درد فوراً ختم ہو جائے گا ان شاء اللہ۔ الحمدللہ دو ماہ سے مجھے افاقہ ہے۔ ضروری نہیں کہ انگلی منہ کے اندر رکھی جائے' باہر گال پر بھی رکھ سکتے ہیں۔ (مصباح اسلم' گجرات)

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

بے راہ روی کی شکار بچیاں | **خشک اور روکھے بال** | **مجھے گنگا اچھا لگتا ہے!**

گھیے کا سوپ اور اس کے فوائد | **ایلوویرا کے فوائد** | **نسوانی امراض اور چھالیہ**

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

بے راہ روی کی شکار بچیاں: میرے پاس دو بچیوں کے خط آئے ہیں۔ جن کی عمریں کم ہیں مگر والدین کی توجہ نہ ہونے سے بھٹک گئیں اپنی عزت بھی گنوا چکی ہیں۔ خدا کا شکر ہے انہیں اب اپنی غلطیوں اور کوتاہیوں کا احساس ہوا ہے۔ وہ نادم ہیں اور اللہ کے حضور گڑگڑا کر معافی مانگتی ہیں۔ طویل خطوں میں انہوں نے دل کھول کر سامنے رکھ دیا ہے۔

مشورہ: ہمارے معاشرے کی کچھ اقدار ہیں۔ مذہب کی قید سے آزاد ہو کر وہ اپنے آپ کو ماورا تصور کرتی ہیں۔ یہی خود فریبی انہیں لے ڈوبتی ہے۔ سب سے زیادہ گلہ مجھے ماؤں سے ہے جنہوں نے بچیوں کو آزادی دے رکھی ہے۔ دن رات کوئی بھی ان کے کمرے میں بلا جھجک آ جا سکتا ہے۔ یہ غلط بات ہے۔ بچیاں تو معصوم ہوتی ہیں' ماؤں کو چاہیے وہ ان کا خاص خیال رکھیں' ان کے آنے جانے' ملنے جلنے پر دوستوں پر نظر رکھیں اتنی سی بات سے ہی بہت سے بگڑے مسائل حل ہو جائیں گے۔ بچیوں سے مجھے صرف اتنا کہنا ہے کہ تمہارے حال پر اللہ تعالیٰ کو رحم آ گیا ہے جبھی تم نے گڑگڑا کر توبہ کی ہے۔ جو بچیاں اپنے آپ کو بہت پراعتماد سمجھتی ہیں وہی دھوکا کھاتی ہیں۔ نماز پابندی سے پڑھئے اور اپنی تمام تر توجہ پڑھائی پر مرکوز کیجئے۔ ایک بچی ڈاکٹر بننا چاہتی ہے' انشاء اللہ ضرور ڈاکٹر بنیں گی۔ اللہ سے توبہ کر کے سب کچھ بھول جائیے۔ چند سالوں کی بات ہے' جب آپ ڈاکٹر بن جائیں گی تو بہت سے لوگوں کے دکھوں کا مداوا ہو جائے گا۔

گھیے کا سوپ: گھیے کا سوپ بہت سارے لوگوں نے پیا اور انہیں فائدہ بھی ہوا۔ بیرونی ممالک سے اس سلسلے میں فون بھی آئے جو میں نہیں سن سکی۔ اب دوبارہ میں اس بارے میں لکھ رہی ہوں تاکہ سب لوگ اسے اطمینان سے بنا سکیں۔ ہرا گھیا مع چھلکوں کے کدوکش کریں' اسے پانی میں ابال لیں اور چھان لیں۔ گھیا ٹھنڈا ہوتا ہے اس لئے ذرا سی اجوائن اور کلونجی کے چار پانچ دانے ڈالنے ہیں۔ کالی مرچ ثابت بھی ڈال سکتے ہیں کیونکہ کچھ لوگوں کو پسی ہوئی کالی مرچ ڈالنے سے گلے میں خراش محسوس ہوتی ہے۔ مرغی کا گوشت بھی ڈالتے ہیں تاکہ گھیے کی تاثیر ٹھنڈی نہ رہے اور ذائقہ بہتر ہو جائے۔ چار ہفتے بعد دیکھئے' آپ کے جسم میں جتنا فرق پڑا ہے۔ اس کے بعد ہفتے میں ایک دو بار یہ سوپ لے لیا کیجئے۔

خشک اور روکھے بال: میں نے بالوں میں رنگ کروایا تھا، اب میرے بال بالکل خشک، روکھے اور بے جان نظر آتے ہیں۔ مجھے بتائیے، یہ کیسے ٹھیک ہوں گے؟ (ع، راولپنڈی)

مشورہ: بی بی! بار بار بالوں کا رنگ تبدیل کرنے سے بال بے جان ہو جاتے ہیں۔ اب آپ بازار سے سوکھے آملے منگوا کر پسوائیے۔ اس میں آپ سیکا کائی کی پھلیاں بھی ڈال سکتی ہیں۔ رات کو یہ سفوف دو چمچے پانی میں بھگوئیے۔ صبح اس سے سر دھوئیے۔ بال دھونے کے بعد چائے کا قہوہ دو چمچے لے کر اس میں لیموں کا رس چھ قطرے ملائیے۔ تین چار قطرے زیتون کا تیل ملا کر سر میں اچھی طرح لگائیے۔ رات کو بالوں میں بادام روغن لگا کر سوئیے۔ جڑوں میں ہلکے ہلکے لگانا ہے۔ انگلی کے پوروں کو تیل میں ڈبو کر لگائیے۔ بار بار بالوں کا رنگ تبدیل نہ کرائیے، آپ کے بال خراب ہو جائیں گے۔ قدرتی رنگ چہرے پر بھلا لگتا ہے۔ میں نے کچھ لڑکیوں کے بال جھلسے ہوئے بھی دیکھے ہیں۔ یوں بال کی نوک مڑ جاتی ہے اور چہرہ عجیب لگتا ہے۔ آئندہ احتیاط کیجئے۔

انگلیوں پر چوٹ: میرے کمرے کا دروازہ پھول کر بند ہو گیا تھا۔ کھولنے کی کوشش میں سیدھے پاؤں پر چوٹ لگی۔ خون تو نہیں نکلا مگر انگلیاں سیاہ ہو گئیں۔ اب بھی سیدھے پاؤں کی انگلیاں سن ہیں۔ چھ ماہ ہو چکے، بہت علاج کرایا مگر فائدہ نہیں ہوا۔ آپ اس بارے میں مشورہ دیجئے۔ (جویریہ' قصور)

مشورہ: آپ کے پاؤں پر دباؤ پڑا ہے۔ بزرگ اسے انگلیاں ''ٹھک جانا'' کہتے ہیں۔ اسی وقت تیل وغیرہ مل لیتے تو یہ حال نہ ہوتا۔ اب آپ کہتے ہیں کہ انگلیاں سیاہ ہیں اور چھلکے سے بھی بن رہے ہیں۔ بہرحال مالی سے کہہ کر گھیکوار (ایلوویرا) کا پودا منگائیے۔ پہلے پاؤں اچھی طرح دھو کر خشک کریں۔ پھر اس پر گھیکوار کے گودے سے مالش کریں۔ خشک ہو جائے تو اس پر گودے کا لیپ کر دیں۔ دس پندرہ منٹ میں خشک ہو جائے گا۔ رات کو گودا لگا کر سوئیے۔ یہ عمل مستقل کرنا ہے۔ بارہ تیرہ ہفتے میں پاؤں کی رنگت صحیح ہو گی اور انگلیاں بھی ٹھیک ہو جائیں گی۔ کبھی کبھی ایلوویرا کا ایک انچ کا ٹکڑا کاٹ کر نہار منہ کھائیے، فائدہ ہو گا۔ سیاہ داغوں کے لئے گھیکوار بہت مفید ہے۔ چوٹ جب پرانی ہو جائے، سن یا سیاہ پڑ جائے تو ایسی حالت میں گھیکوار کا گودا کام کرتا ہے۔ میں تو نوجوان لڑکیوں کو چہرے کے دانوں پر بھی اسے لگانے کی تاکید کرتی ہوں۔ قبض کی وجہ سے دانے نکلے ہوں تو رات کو سونے سے پہلے دو چمچے گھیکوار کا گودا کھانے سے یہ مرض دور ہوتا ہے اور لگانے سے داغ دھبے بھی جاتے رہتے ہیں۔

گنگا اچھا لگتا ہے: مجھے میٹھی چھالیہ اور گنگا بہت اچھا لگتا ہے۔ کراچی میں طرح طرح کے پیکٹ ملتے ہیں۔ کسی میں بھنی سونف سپاری، کسی میں پان مسالہ اور کسی میں خوشبو والی چھالیہ ہوتی ہے۔ سب لوگ یہی کھاتے ہیں۔ پان کا رواج ہمارے ہاں ختم ہو رہا ہے۔ جب بنے بنائے پیکٹ سستے داموں ملتے ہیں اور ان میں ذائقہ بھی ہوتا ہے تو کھانے کا مزہ آ جاتا ہے۔ میں میٹھی چھالیہ کے چار پانچ پیکٹ روزانہ کھاتی ہوں، چند دن سے منہ کے اندر کڑواہٹ ہے اور پورا منہ نہیں کھلتا۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ چھالیا تو نسوانی امراض میں بھی مفید ہے۔ کیا اس کی وجہ سے منہ کے اندر تکلیف ہے؟ (غ، کراچی)

مشورہ: چھالیا کھانے کا رواج کراچی میں زیادہ ہے۔ وہاں تو لوگ سودا خریدتے وقت دو چار پیکٹ ضرور لیتے ہیں لیکن اگر آپ کو یہ پتا چل جائے کہ چھالیہ کس طرح بنتی ہے تو آپ لوگ کبھی نہ کھائیں۔ گلی ہوئی، خراب پھپھوندی لگی چھالیہ یا کھجور کی گٹھلی بجائے کتھے کے، گائے کے خون میں ڈبو اور نمک کا ہلکا سا تیزاب اور پتا نہیں کیا کیا ملا کر بناتے ہیں۔ لونگ اور الائچی کا ایسنس خوشبو کے لئے ملایا جاتا ہے۔ یہ دانتوں، حلق اور معدے کے لئے انتہائی مضر ہے۔ سندھ اور کراچی میں میٹھی چھالیہ بہت کھائی جاتی ہے اسی لئے وہاں منہ کا سرطان تیزی سے پھیل رہا ہے۔ آپ چھالیہ کھانی فوراً چھوڑ دیجئے۔ سونف بھون کر رکھیے۔ اس میں الائچی، دھنیے کی گری، خربوزے کے بیج اور چینی ملائیے، تھوڑا سا کھوپرا بھون کر باریک ٹکڑے کر کے ملائیے، پانچ چھ بادام کاٹ کر ملا دیں۔ چھالیہ بالکل نہ ملائیے کیونکہ یہ آپ کا منہ زخمی کر دے گی۔ آپ خود بھی سونف کھائیے اور بچوں کو بھی کھلائیے۔ آپ فوری طور پر ہسپتال جا کر منہ کا معائنہ کرائیے۔ منہ کے پٹھوں کی لچک ختم ہونے لگے تو ایک مہلک مرض چمٹ جاتا ہے۔ تب کھانے پینے میں دقت ہوتی ہے اور منہ جلنے لگتا ہے۔ اس کا علاج بہت ضروری ہے ورنہ یہ سرطان میں بدل جاتا ہے۔ بچوں کو سپاری بالکل نہ دیجئے۔ آپ اپنے پھول جیسے معصوم بچوں کو خود آہستہ آہستہ مہلک بیماری کی طرف بھیج رہی ہیں۔ نسوانی امراض میں چھالیہ دوا کی حد تک کام کرتی ہے مثلاً سپاری پاک بنتی ہے۔ اس میں بھی چھالیے کا سفوف پوٹلی باندھ کر دودھ میں پکایا جاتا ہے تاکہ اس کے مہلک اثرات دور ہو جائیں۔ خواتین کی یہ سوچ غلط ہے کہ سپاری کھانے سے فائدہ ہوتا ہے۔ دوا کی شکل میں کھائی جائے تو کام آتی ہے ورنہ نہیں۔

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

پیاز کے فوائد پڑھیں! آپ کو سونے سے قیمتی لگے گا

انعم وحید سہزیال سیالکوٹ

پیاز کا رس، شہد خالص، گھی، ہر ایک پچیس، پچیس گرام، دو انڈوں کی زردی، ان سب اشیاء کو ایک پیالہ میں ڈال کر چمچ سے اچھی طرح پھینٹیں اور کچھ دیر چولہے پر پکا کر نہار منہ کھائیں۔ اعلیٰ درجہ کی مقوی غذائی دوا ہے۔

پیاز کو کاٹتے وقت اس کو اس کی جڑ کی طرف سے مت علیحدہ کریں بلکہ اسے اوپری حصے سے کاٹیں پھر نچلی جگہ کو کاٹیں پھر پیاز کا چھلکا اتاریں اور اس کے بعد پیاز کو گول کاٹیں۔ گول کاٹنے کا فائدہ یہ ہوگا کہ پیاز کو پیسنا نہیں پڑے گا اور یہ بڑے آرام سے سالن میں گھل جائے گی۔ پیاز کاٹتے وقت لوگوں کو یہ شکایت ہوتی ہے کہ اس کے کاٹتے وقت آنکھوں سے آنسو بہت بہتے ہیں اور اگر اس دوران اچانک مہمانوں کے سامنے جانا پڑ جائے تو کافی شرمندگی اٹھانی پڑ جاتی ہے۔ اس کا ایک حل یہ ہے کہ ایک پولیتھین بیگ میں پیاز ڈال کر فریج میں رکھ دیں یعنی اگر آپ کو دوپہر کو کھانا پکانا ہے تو آپ رات کو ہی پیاز فرج میں رکھ دیں اور پھر دوپہر کو کاٹیں گے تو آپ کی آنکھوں سے آنسو نہیں بہیں گے۔ اگر آپ پہلے سے پیاز فرج میں رکھنا بھول گئی ہوں تو بھی فکر کی کوئی بات نہیں ہے، آپ ایسا کریں کہ پیاز پولیتھین بیگ میں ڈال کر فریزر میں رکھ دیں جب پیاز خوب ٹھنڈی ہو جائے تو اسے نکال کر کاٹ لیں۔ اگر آپ یہ بھی چاہتی ہیں کہ جب آپ پیاز کاٹیں تو ہاتھ سے بدبو نہ آئے، اس مسئلے کے لئے آپ ایسا کریں کہ جب پیاز کاٹیں تو بہت ٹھنڈے پانی میں پیاز کو رکھ کر کاٹیں اس طرح ہاتھوں سے بدبو نہیں آئے گی۔ اگر آپ چاہتی ہیں کہ جب آپ پیاز گھی یا تیل میں براؤن کریں تو پیاز خستہ اور زیادہ براؤن نظر آئے، پہلے اس کے لئے اسے تھوڑی دیر کے لئے دودھ میں رکھیں لیکن خیال رہے کہ پیاز کٹی ہوئی ہونی چاہیے، تھوڑی دیر بعد پیاز میں سے دودھ نتھار لیں۔ دودھ نتھارنے کے بعد اسے تل کر براؤن کر لیں۔ اس طریقے سے سالن بہت ذائقہ دار بھی ہو جائے گا اور لوگ آپ کے پکائے ہوئے کھانے کی خوب تعریف کریں گے۔ برسات کے موسم میں بلب یا ٹیوب کے پاس اکثر پروں والے کیڑے بہت زیادہ جمع ہو جاتے ہیں جس سے بہت پریشانی ہوتی اور رات کو سونا مشکل ہو جاتا ہے اگر آپ بلب کے پاس پیاز کا گول ٹکڑا کاٹ کر بلب کے اوپر دھاگے سے باندھ کر لٹکا دیں تو پروں والے کیڑے نہیں آئیں گے۔ بھڑ یا شہد کی مکھی وغیرہ یا کسی زہریلے کیڑے مکوڑے نے اگر کاٹ لیا ہو تو پیاز کا عرق نکال لیجئے اور اسے اس کاٹی ہوئی جگہ پر لگا دیجئے اور کچھ پیاز کھا لیجئے، انشاء اللہ شفا ہو جائے گی۔ جب جسم میں کانٹا چبھ جائے اور اس قدر اندر چلا جائے کہ کوشش کے باوجود نہ نکلتا ہو تو گھبرایئے نہیں ذرا سا گڑ لیجئے اور پیاز لے کر اسے کاٹ لیجئے اور ان دونوں کو ملا کر اس جگہ پر باندھ دیجئے۔ کانٹا خود بخود باہر آ جائے گا۔

قدیم اطباء کا قول ہے کہ اگر بچھو یا بھڑ کاٹ لے تو پیاز کا پانی وہاں لگا دیں۔ درد دور ہو جائے گا اور زہر اپنا اثر نہ کر سکے گا۔ اگر دہی یا کسی ترش چیز میں پیاز ملا کر کھائی جائے تو سخت ترین دھوپ میں بھی لُو نہیں لگ سکتی۔ پیاز پاس رکھ لیں اور سر ڈھانپ کر جہاں چاہیں گھومیں اس طریقے سے بھی آپ لُو کی شدت سے محفوظ رہیں گے۔ لُو لگ جائے تو پیاز کا رس نکال کر اسے پی لیجئے۔ چند بار ایسا کرنے سے مکمل افاقہ ہو جائے گا۔ پیاز کا رس ملنے سے خارش کو آرام آ جاتا ہے۔

پیاز ایک عام گھریلو چیز ہے۔ یہ سالن کا ایک اہم جزو ہے۔ غذائی فوائد کے علاوہ دوائی فائدے بھی رکھتی ہے۔ زہریلے اثرات سے بچاتی اور وبائی بیماریوں سے محفوظ رکھتی ہے۔

طاعون وغیرہ وبائی امراض کے زمانہ میں پیاز کو باریک باریک کاٹ کر سرکہ میں ڈال کر یا لیموں کا رس شامل کر کے غذا کے ساتھ کھاتے ہیں۔ وباء سے حفاظت رہتی ہے۔ ہیضہ کے مریض کو پیاز کا رس اور چونے کا پانی ایک ایک تولہ ملا کر دو دو تین تین گھنٹے کے وقفہ سے پلانا مریض کو اس مہلک مرض سے بچاتا ہے۔ لُو کے زمانہ میں پیاز کا استعمال ان کے خراب اثرات سے بچاتا ہے۔ اس کا سونگھتے رہنا بھی لُو سے حفاظت کے لئے مفید ہے۔ پیاز کا رس، شہد خالص، گھی، ہر ایک پچیس، پچیس گرام، دو انڈوں کی زردی، ان سب اشیاء کو ایک پیالہ میں ڈال کر چمچ سے اچھی طرح پھینٹیں اور کچھ دیر چولہے پر پکا کر نہار منہ کھائیں۔ اعلیٰ درجہ کی مقوی غذائی دوا ہے۔ پیاز کے رس ایک تولہ میں شہد خالص ایک تولہ ملا کر تھوڑا گرم کر کے پینے سے بیٹھی ہوئی آواز کھل جاتی ہے۔ دہی میں پیاز ملا کر کھایا جائے تو سخت دھوپ میں بھی لُو نہیں لگتی۔ پیاز کا رس ملنے سے خارش میں آرام آتا ہے۔ گنج کے مقام پر پیاز کا پانی ملتے رہنے سے بال گرنا بند ہو جاتے ہیں اور گرے ہوئے بال دوبارہ اُگ جاتے ہیں۔ پیاز کا رس جوؤں والے سر پر ملنے سے جوئیں مر جاتی ہیں۔

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت و امن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 10 اپریل بروز منگل رات 9 بجے سے لیکر 10 بجکر 21 منٹ تک، 22 اپریل بروز اتوار صبح 10 بجکر 15 منٹ سے 11 بجکر 21 منٹ تک 28 اپریل بروز ہفتہ عصر سے مغرب تک یَارَحْمٰنَ الدُّنْیَا یَارَحِیْمَ الْاٰخِرَۃِ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، دردِ دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا، اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آ جائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کر لیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر: حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

پلاٹ یوں بک گیا کہ سب حیران!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری میں موجود روحانی محفل نے ہماری سب سے بڑی مشکل حل کر دی، ہمارا ایک دس مرلہ کا پلاٹ تھا، ہم نے اپنا گھر لینا تھا اور پیسے کم تھے اس کیلئے پلاٹ بیچنا ناگزیر تھا، گزشتہ تین سال سے کوشش کر رہے تھے مگر پلاٹ نہ بک رہا تھا، جو بھی آتا اتنا کم ریٹ لگاتا کہ ہم پریشان ہو جاتے، میں نے ماہنامہ عبقری میں موجود ماہانہ روحانی محفل کرنا شروع کر دی، روحانی محفل دی گئی تاریخوں کو کرتے ہوئے ابھی تین ماہ ہی گزرے تھے کہ ایک پارٹی آئی اس نے پلاٹ دیکھا، فائنل کیا اور صرف ایک ماہ میں ہماری ڈیمانڈ کے مطابق تمام رقم دے کر پلاٹ خرید لیا۔ اب تو جو پریشانی ہو روحانی محفل ہی کرتے ہیں، الحمدللہ! دنوں میں پریشانی ختم ہو جاتی ہے۔ (خلیل قریشی، کنگن پور)

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

پوشیدہ مرض کا انوکھا علاج: اگر آدھ پاؤ زیرہ سیاہ دس کلو پانی میں اچھی طرح ابال کر ٹب میں ڈال کر جوڑ میں ورم والی مریضہ کو اس میں بٹھائیں تو دو چار مرتبہ ایسا کرنے سے عارضہ ٹھیک ہو جاتا ہے۔

چار دن کی شدید بیمار بیٹی اور وظیفہ کا کمال	طاقت اور شباب کا ایسا زبردست نسخہ پھر کہیں نہ ملے گا	آسان ٹوٹکہ سے ٹینشن، ڈیپریشن سے نجات	عبقری کو جادوگروں کا رسالہ سمجھتا تھا مگر۔۔۔

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں، آپ نے کوئی روحانی، جسمانی نسخہ، ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں، اپنے معمولی سے تجربے کو بھی بیکار نہ سمجھئے، یہ دوسروں کیلئے مشکل کا حل ثابت ہو سکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ، چاہے بے ربط ہی لکھیں، صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

چار دن کی شدید بیمار بیٹی اور وظیفہ کا کمال

محترم حکیم صاحب السلام وعلیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی زندگی دراز کرے۔ اس خط کے ذریعے میں عبقری کے قارئین کو ''دو انمول خزانے'' کتابچہ کی برکات بتانا چاہوں گی۔

میرے شوہر نے ایم بی اے کیا ہوا ہے۔ 4 سال تک نوکری کی تلاش میں پھرتے رہے کہیں کوئی نوکری نہ ملی پھر بھی اللہ کا شکر ادا کرتے رہے۔ سال 2014ء اکتوبر میں اللہ تعالیٰ نے ہمیں پیاری سی بیٹی سے نوازا۔ ہسپتال سے واپس آنے کے بعد چار دن کی تھی تو یہ شدید بیمار ہوگئی۔ اچانک میرے ہاتھوں میں ہی رنگ بدل گئی۔ چہرہ زرد، آنکھیں آسمان کی طرف اور گردن ایک دم پیچھے کو مڑ گئی، میں پریشان ہوگئی، رونے لگ گئی۔ گھر والوں کو آوازیں دیں کہ اچانک اس کو کیا ہوگیا۔ پانچ سے دس منٹ اس کی یہ ہی حالت رہی اس کے بعد یہ بہت کمزور ہوگئی۔ دو دن بعد پھر سے اس کو یہ مسئلہ ہوا۔ ڈاکٹر کے پاس لے گئے کسی نے کہا مرگی ہے، کوئی کہتا جادو ہے پھر تو جیسے یہ عمل چل ہی پڑا۔ روز روز اس کی یہ حالت ہو جاتی، رونے کے سوا میرا اور کوئی کام نہ تھا۔ دعا کرتی روتی رہتی۔ کسی ڈاکٹر نے کچھ کہا، کسی نے کچھ، کوئی ڈاکٹر کہتا اس کے دماغ کا الٹرا ساؤنڈ کروائیں، کوئی کہتا کوئی علاج سمجھ میں نہیں آتا، میں پہلی دفعہ ماں بنی تھی اولاد کی تکلیف دیکھی نہ جاتی۔

چند دنوں کی بچی اور اتنی اذیت میں اس کی تکلیف دیکھ کر تڑپتی رہتی اور کچھ نہیں کر سکتی تھی۔ مجھے لگتا کہ مجھ سا بے بس بھی کوئی ہوگا؟ ایک دن میرے شوہر کے بڑے بھائی ایک کتابچہ میرے پاس لائے، کہتے اس پر ہر وقت یہ پڑھو لیکن یقین کامل ہونا چاہیے۔ وہ کتابچہ ''دو انمول خزانے'' کا تھا۔ میں نے اور میرے شوہر نے ہر وقت معمول بنا لیا۔ جب اس کو اٹھانا پڑتے رہنا۔ اللہ کے کلام کی برکت سے آہستہ آہستہ میری بیٹی ٹھیک ہونے لگ گئی اور اس کے ساتھ ہی میرے شوہر کو اچھی سی نوکری بھی مل گئی۔ اللہ تعالیٰ حکیم صاحب کی عمر دراز کرے، آج میری بیٹی بالکل ٹھیک ٹھاک ہے اور ہم بہت خوش ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہماری بیٹی کو مکمل صحت دی۔ حکیم صاحب کی سب سے اچھی بات یہ ہے کہ ہر قسم کے لوگوں کی مدد کرتے ہیں اور تعصب کے بغیر بلا امتیاز انسانیت کی خدمت کرتے ہیں۔ ادارہ عبقری کے تمام افراد جو لوگوں کی مدد کرنے میں کوشاں رہتے ہیں اللہ تعالیٰ سب کو آباد رکھے اور ہر قسم کی پریشانی، زمینی و آسمانی بلیات سے محفوظ رکھے۔ آمین (مسز حسن، لاہور)

طاقت اور شباب کا ایسا زبردست نسخہ پھر کہیں نہ ملے گا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک سینے کا راز ہے جو میں صرف قارئین عبقری کیلئے افشاں کر رہا ہوں۔ گرمی کا موسم آچکا ہے بعض علاقوں میں تربوز آچکا ہوگا اور بعض میں آنے والا ہے۔ نسخہ ملاحظہ فرمائیں۔

ھوالشافی: ایک عدد سرخ تربوز لیں، تقریباً تین یا چار کلو سے زیادہ نہ ہو اور اس سے کم بھی نہ ہو۔ سفید صندل تین ماشہ۔ نوشادر تین ماشہ۔ **ترکیب تیاری:** سرخ تربوز یعنی اندر سے بالکل سرخ ہو، تھوڑا سا بھی سفید نہ ہو، پھر اس تربوز کو درمیان سے کاٹ لیں یعنی دو ٹکڑے کر لیں۔ ایک ٹکڑے کو احتیاط سے علیحدہ رکھ لیں، دوسرے ٹکڑے کے اندر سے گودا نکال دیں، جب سارا گودا نکل آئے تو پھر صندل اور نوشادر کو باریک پاؤڈر کی طرح پہلے سے ہی پیس کر رکھ دیں اور تربوز کے خالی خول میں نوشادر اور صندل دونوں مکس کر کے چھڑک دیں، اس کے بعد خالی خول میں اچھے والی کشش جتنی بھی خالی خول میں آتی ہو بھر دیں جب یہ آدھا خالی حصہ مکمل کشش سے بھر جائے تو پھر تربوز کا دوسرا حصہ اس کے اوپر رکھ دیں اور بعد میں کسی مضبوط دھاگہ سے چاروں طرف سے باندھ لیں تاکہ تربوز کا رس باہر نہ نکل سکے، تربوز کے اردگرد دھاگہ باندھنے کے بعد پھر اس تربوز کو دس دن دھوپ میں رکھیں، رات کو سایہ دار جگہ پر رکھیں، دس دنوں کے بعد گیارہویں روز اس تربوز کو کسی ٹرے وغیرہ میں رکھ دیں، اوپر سے دھاگہ ہٹا دیں، تربوز کھول دیں، تربوز کے اندر ایک کشتہ سا بنا ہوا ہوگا، وہ کشتہ نکال کر کسی صاف شیشے کے برتن یا بوتل میں رکھ دیں، یہ ایک زبردست طاقت و شباب کا کشتہ بن گیا۔

فوائد: جس شخص نے غلط کاریوں کی وجہ سے اپنی زندگی برباد کر رکھی ہو یا کسی بھی بیماری کی وجہ سے چلنے پھرنے سے معذور ہو یا کوئی بوڑھا شخص کمزوری کی وجہ سے چلنے پھرنے سے معذور ہو جائے، مرد ہو یا عورت ہو پورا جسم ہر وقت درد کرتا ہو یا درد کی وجہ سے چارپائی سے لگا ہو، جسم نڈھال ہو، کسی حادثہ کی وجہ سے اپنی طاقت کھو چکا ہو، بوڑھا ہو، نوجوان ہو یا بچہ ہو سب کیلئے اس سے بہتر نسخہ میں نے نہیں دیکھا۔

خوراک: صبح نہار منہ تین ماشہ یہ کشتہ دودھ یا پانی کے ساتھ اور تین ماشہ رات سونے سے پہلے دودھ یا پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ پورا کورس چالیس دنوں کا ہے مگر چالیس دن کے اندر ہی انسان کی تمام بیماریاں، کمزوریاں، درد، خون کی کمی، فولاد کی کمی، کیلشیم کی کمی، وٹامنز کی کمی، مادہ تولید کی کمی اور دیگر کمزوریوں کو بالکل ختم کر دیتا ہے، خون، وٹامنز، کیلشیم، فولاد، تانبہ، مادۂ تولید کا خزانہ جسم میں پیدا کر دیتا ہے۔ چالیس دنوں کے بعد بوڑھا نوجوانوں سے بھی زیادہ طاقت ور بن جاتا ہے اور نوجوان میں چالیس مردوں جیسی طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔ جگر، معدہ، مثانہ اور جسم کے ہر مرض کو شفاء عطا کرتا ہے اور انہیں زبردست طاقت فراہم کرتا ہے۔ یہ نسخہ پرانے وقتوں کے بادشاہوں، نوابوں، پہلوانوں کا زبردست کیمیا نسخہ ہے۔ حکماء سے خاص فرمائش پر بنواتے تھے۔ آج کل کے حکماء کے پاس یہ نسخہ نہیں ہے، لاکھوں روپے کی طاقت کیلئے بنائی گئی دوائی اس نسخہ کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ جن کی چار بیویاں ہوں ان کیلئے تو خوشیوں کا خزانہ ہے۔ (حکیم ظاہر شاہ، حیدرآباد سندھ)

واہ! درود بھی پڑھتی ہو اور تمباکو بھی کھاتی ہو!

جناب حکیم محمد طارق محمود صاحب السلام وعلیکم! آج میں آپ کا رسالہ عبقری پڑھ رہی تھی کہ اس میں لکھا ہوا پڑھا کہ عبقری کا پیغام قارئین کے نام تو مجھے بھی اپنا ایک واقعہ یاد آیا کہ اللہ پاک نے مجھے 24 جنوری 1994ء کو عمرہ کی سعادت نصیب کی۔ میری روزانہ کی یہ روٹین تھی کہ عصر کی نماز یا عشاء کی نماز کے بعد چاہے 500 مرتبہ دو سو مرتبہ روز درود شریف پڑھا کرتی تھی۔ ان دنوں میں پان کھایا کرتی تھی اور وہ بھی تمباکو والا پان کھاتی تھی۔ 14 سال میں میں نے تمباکو والا پان کھایا۔ جب عمرہ کے لئے گئی تو وہاں پان نہیں ملتے تھے۔ اگر کہیں ملتا تو 2 ریال کا آدھا پان ملتا تھا۔ وہ بھی

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

چھپ چھپ کر، ہم وہاں 19 دن رہے۔ جب واپس آنا تھا تو ہم نے کہا کہ خانہ کعبہ میں طواف کر لیں۔ جدہ سے ہم نے واپس جانا تھا۔ جب ہم واپس کعبہ سے باہر صحن میں آئے تو ایک عورت جو کہ بنگلہ دیش کی تھی۔ وہ چھوٹی سی بوری کے ٹکڑے میں کافی پانی کھول کر بیٹھی ہوئی تھی اور چھالیہ کاٹ رہی تھی۔ میں پان دیکھ کر بہت خوش ہوئی۔ اس عورت نے خود کہا کہ بہن پان کھاؤ گی میں نے کہا ضرور۔ جب اس نے پان لگا دیا اور وہ اوپر چھالیہ ڈال رہی تھی۔ میں نے پوچھا تمباکو ہے آپ کے پاس؟ تو اس نے کہا کہ بہن یہ کیا بات ہے۔ درود شریف بھی پڑھنا اور تمباکو بھی کھانا۔ میں نے وہ سادہ پان کھا لیا اور آپ یقین کریں قسم سے وہ دن اور آج کا دن میں نے نہ سادہ پان کھایا نہ تمباکو والا پان کھایا۔ اس کی زبان میں کیا اثر تھا۔ 14 سال تمباکو بہت کھایا اور آج 19 سال ہو گئے ہیں جو زبان پر پان رکھ کر بھی دیکھا ہو۔ یہ میری زندگی کا حیرت انگیز واقعہ ہے جسے میں کبھی بھول نہیں سکتی۔ یہ سب درود پاک کا اثر تھا جو مجھے اس نشے سے بچا لیا اللہ پاک نے۔ یہ عمرہ کرنا 1994ء کی بات ہے۔ یہ عبقری رسالہ کی کشش ہے کہ میں اتنے سالوں بعد کسی ماہنامہ کیلئے تحریر لکھ رہی ہوں۔ رسالہ عبقری کو پڑھنے سے بہت سکون زندگی کو ملا ہے۔ اللہ کا احسان ہے، درود شریف روزانہ پڑھتی ہوں ایک تسبیح یاد تسبیح۔ اللہ پاک سب کا پڑھا ہوا قبول کرے اور سب مسلمان بہن بھائیوں، میرے بچوں کو بھی درود پاک اور نماز پڑھنے کی توفیق دے۔ آمین۔

مجھے درود شریف پڑھنے کا شوق ایک اللہ والے سے ملا: ایک بات یہ لکھنا چاہتی ہوں کہ مجھے درود پاک پڑھنے کا شوق کیسے ہوا؟ میری امی کے مرشد انڈیا میں تھے، جب پاکستان بنا تو وہ اوکاڑہ سے دو میل کے فاصلے پر آ گئے، پاکستان میں آئے تو میں اپنی امی اور نانی اماں کے ساتھ خانقاہ پر جاتے تھے، بہت نورانی اور باپردہ ماحول تھا، حضرت صاحب کے گھر والی خواتین ہر نماز کے بعد کہتی تھیں ساری خواتین ایک ایک تسبیح درود پاک پڑھو، سب عورتیں پڑھنے بیٹھ جاتیں۔ میرے امی ابوساہیوال میں رہتے تھے۔ وہاں مسجد مہاجرین تھی، وہاں گیلری میں عورتیں بھی جاتی تھیں۔ مسجد میں میری والدہ کے مرشد جو کہ بہت بڑے اللہ والے تھے، بہت ہی اچھا درس دیا کرتے تھے۔ اکثر جب ربیع الاول کا مہینہ آتا تو بہت درود شریف کا ذکر ہوتا تھا کہ سب جا کر درود پاک پڑھا کرو۔ اللہ کا بہت احسان ہے کہ ہمیں اللہ پاک نے اس کا شوق لگایا۔ سسرال والے بھی بہت اچھے ملے۔ میرے خاوند تو بہت ہی اچھے تھے۔ جب کبھی ایسی نورانی محفل ہوتی جہاں درس کا اہتمام اور خواتین کا علیحدہ انتظام ہوتا تو مجھے اپنے ساتھ ضرور لے کر جاتے۔ اب تو ان کو فوت ہوئے بھی 9 سال ہو گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی کامل مغفرت فرمائے۔ آمین! (کلثوم اختر، ملتان)

آسان ٹوٹکہ سے ٹینشن ڈیپریشن سے نجات

محترم حکیم صاحب السلام وعلیکم! میری عمر 29 سال ہے۔ میرا مسئلہ یہ ہے کہ مجھے پچھلے 4 سال سے سانس لینے میں گھٹن محسوس ہوتی اور ایسا چار سال قبل اچانک بیٹھے بٹھائے ہوا تھا۔ تب سے لے کر اب تک میں نے بہت علاج کروایا مگر ہر ڈاکٹر اپنی رائے دیتا ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ ناک کی ہڈی یا گوشت بڑھا ہوا بتاتے ہیں مگر ان کی دوائی سے بھی کوئی افاقہ نہیں ہوتا۔ اب ایک ڈاکٹر نے دوبارہ ایکسرے اور بلڈ ٹیسٹ کروائے ہیں جس کے مطابق میری ناک کی دائیں جانب کی Sinus میں بلغم جما ہوا ہے۔ سانس کی نالی میں ورم اور الرجی بھی بتائی ہے خون کی بھی کمی ہے۔ ہیموگلوبن 8.8 ہے۔ مسلسل دوائی کھانے سے معدہ پھولا ہوا محسوس ہوتا ہے ہاضمہ بھی خراب ہو گیا ہے اور معدے کی وجہ سے سانس لینے میں مزید تنگی ہوتی ہے۔ مجھے لیکوریا بھی ہے ہر وقت غصہ چڑچڑاہٹ اور ڈیپریشن رہتا ہے۔ رات بھر نیند بھی نہیں آتی اور شوہر کے ساتھ ازدواجی تعلقات بھی ٹھیک نہیں ہیں، کچھ بھی اچھا نہیں لگتا۔ نماز تک پڑھنے سے عاجز ہوں۔ رکوع و سجود کرنے میں گھٹن اور سانس پھولتا ہے ہڈیوں میں درد بھی رہتا ہے۔ عبقری میں ''ناف میں تیل'' لگانے کے فائدے پڑھ کر باقاعدگی سے ناف میں تیل لگا رہی ہوں۔ ڈیپریشن قبض اور غصے میں بہت کمی آئی ہے۔ الحمدللہ ٹوٹکہ اب بھی جاری ہے۔ (ز۔ف، کراچی)

عبقری کو ''جادوگروں'' کا رسالہ سمجھتا تھا مگر!

محترم حکیم صاحب السلام وعلیکم! حکیم صاحب جو خدمت آپ کر رہے ہیں یہ بہت بڑا کام ہے۔ جناب خود میں بھی بچپن سے بیماریوں اور پریشانیوں کا شکار تھا۔ دسمبر 2015ء کو عبقری میرے ہاتھ میں آیا اور اس وقت میں ایک سفر میں تھا اور مسلسل بیمار تھا۔ اللہ تعالیٰ نے دوران سفر ہی عبقری دے دیا۔ میں بڑا افسوس کر رہا تھا کہ اتنا قیمتی رسالہ جو کہ ایک خزانہ ہے اور میں ابھی تک اس سے محروم تھا۔ بڑا افسوس میں نے کیا۔ حالانکہ ایک دو دفعہ عبقری میری نظر سے گزرا بھی ہے مگر میں اس کو ''وہ جادوگروں والا رسالہ'' سمجھا تھا۔ خیر اب بھی اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ سخت حالات میں میرے رب نے عبقری کے ذریعے مدد کی۔ ورنہ میں بھی ڈاکٹروں حکیموں پر بہت پیسے لٹائے۔ صاف بات ہے۔ جب بندہ تکلیف میں ہو تو وہ سب کچھ کرنے کے لئے تیار ہوتا ہے۔ محترم قارئین جو بھی مانگنا ہو بس اللہ سے مانگو۔ میں خود 2002ء سے اب تک جریان کی بیماری یعنی پیشاب کے بعد جو قطرے آتے ہیں۔ اللہ سب مسلمانوں کو امان دے دیں۔ کپڑے اور جسم ناپاک ہوتا ہے۔ کمزوری کی تو حد نہیں۔ جب بندہ ٹھیک ہو تو اللہ کو یاد کر سکتا ہے اور یہ سارا جادو کی وجہ سے تھا۔ میں دوائیاں کھا کھا کے تھک گیا۔ آخر کار عبقری کی ایک نسخہ تیر بہدف لگ گیا اور میں کہتا ہوں کہ نسخہ ختم ہونے سے پہلے اللہ نے اس موذی مرض سے نجات دے دی۔ یہ نسخہ عبقری جنوری 2010ء صفحہ نمبر 23 پر چھپا ہے۔ نسخہ یہ ہے۔ ھوالشافی، پھنکری خام یعنی پھول نہ کریں بلکہ اصلی حالت میں 10 گرام کباب چینی 100 گرام دونوں نہایت باریک پیس لیں۔ چوتھائی چھوٹا چمچ دن میں چار بار یا حسب ضرورت چھ بار کچی لسی یا پانی کے ہمراہ لیں۔ بس احتیاط لازمی ہے کہ اصلی کباب چینی کی پہچان یہ ہے کہ اس کے ساتھ ڈنڈی ہوگی۔ یہ کالی مرچ کی طرح ہوتی ہے۔ اگر ڈنڈی نہ ہو تو ہرگز نہ لیں۔ یہ نسخہ پیشاب کی بیماریوں کا حتمی علاج ہے۔ پیشان کی جلن اور قطرے آنے میں بہت مفید ہے جن کا سانس پھول جاتا ہو اور موٹاپا کے لئے بھی مفید ہے اور جو بڑی عمر کے بزرگ ہیں، نمازی ہیں، وہ تو ہمیشہ استعمال کیا کریں۔ نسخہ بڑا سستا اور آسان ہے۔ مگر بڑی کام کی چیز ہے۔ (عبیدالرحمن، پشاور)

ایسے ٹھیک ہوئی جیسے کوئی بہانہ کیا تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ ہر ماہ بہت شوق سے پڑھتے اور آپ کا ہر جمعرات کو ہونے والے درس روحانیت و امن بذریعہ انٹرنیٹ لائیو سنتے ہیں۔ میرے روحانی مشاہدات قارئین عبقری کی نذر: دو دفعہ میرا ہاتھ خوب ابلتے صابن والے پانی سے جل گیا، میں رونے لگی اور آنسو اور تیل نمک لگایا، کلمہ پڑھتی رہتی، پھونک مارتی رہی کچھ ہی عرصہ بعد جھلسا ہوا ہاتھ ایسا ہو گیا جیسے اس کو کچھ ہوا ہی نہیں۔ ایک اور بات اکثر ایک دم معلوم نہیں کیا ہوتا ہے؟ جسم میں بالکل جان ختم، جیسے نروس بریک ڈاؤن ہو گیا ہو، بالکل بے بس، کچھ نہیں کر سکتی۔ حتیٰ کہ کچھ پڑھنے کی طاقت بھی نہیں رہتی۔ موت کا خوف چھا جاتا ہے۔ پھر کوشش کر کے التحیات اور اذان کا عمل (یعنی سورۂ مومنون کی آخری چار آیات سات مرتبہ اور اذان سات مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں کندھوں پر دم کرتی ہوں) کرتی ہوں۔ التحیات اور اذان کے عمل ایسا ہو جاتا ہے جیسے میں نے کوئی بہانہ کیا تھا مگر دوسرے ہی پل بھاگ بھاگ کر سب کچھ کر رہی ہوتی ہوں۔ (نجمہ عامر، گوجرانوالہ)

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now * AMLIYAAT Free Pdf Books *
www.facebook.com/groups/1565958406774232

دماغی امراض سے چھٹکارا چاہیے تو ریٹھہ کی نسوار بنائیں

تحریر: سید اعظم علی شاہ

یہ تبخیر معدہ، گیس اور بلغم کے اخراج میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ پیٹ سے زہریلے مادے اور پیٹ کے کیڑے مارنے میں بھی ریٹھہ کا استعمال بے حد مفید ہے۔ ریٹھہ جگر کو طاقت دیتا ہے۔ ہاضمہ، ریح اور درد رحم، بخار وغیرہ میں اس کا استعمال مفید ہے۔

قارئین! میں آپ کو ریٹھہ کے بے حد حیرت انگیز فوائد سے آگاہ کرتے ہیں۔ ریٹھہ ایک عام سی اور ہر پنساری کی دکان سے دستیاب ہونے والی سستی سی چیز ہے' خاص کر خواتین آملہ، ریٹھہ اور سکاکائی کے مرکب سے آشنا ہیں جو کہ بالوں کو لمبا کرنے' چمک دار بنانے اور بالوں کو مضبوط کرنے، بالوں کو گرنے سے بچانے کے لئے مشہور مرکب کے طور پر استعمال کرتی ہیں۔ ریٹھہ اندرونی طور پر بھی استعمال کرایا جاتا ہے۔ یہ تبخیر معدہ، گیس اور بلغم کے اخراج میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ پیٹ سے زہریلے مادے اور پیٹ کے کیڑے مارنے میں بھی ریٹھہ کا استعمال بے حد مفید ہے۔ ریٹھہ جگر کو طاقت دیتا ہے۔ ہاضمہ، ریح اور درد رحم، بخار وغیرہ میں اس کا استعمال مفید ہے۔ ریٹھہ کے یوں تو بے شمار حیرت انگیز فوائد ہیں۔ آج ہم والد محترم حکیم سید عظمت علی شاہ بخاری مرحوم کی بیاض کا ایک خاص الخاص نسخہ تحریر کرتے ہیں۔ جو دیکھنے میں معمولی مگر اس کی کارکردگی لاجواب ہے۔ میں نے اپنے مطب میں بار بار استعمال کرایا اور حیرت انگیز فوائد حاصل کیے۔ خارش کے ایسے مریض جو خارش کر کر کے زخمی ہو جاتے ہیں۔ انگریزی اور دیسی ادویات سے بھی آرام نہیں آتا۔ ان کو یہ نسخہ استعمال کرایا تو تین دن بعد ہی مدت کی خارش کو آرام آنا شروع ہو گیا۔ سوزاک کے بگڑے ہوئے مریض جن کو زخم ہو گئے ہوں۔ پیشاب کے ساتھ پیپ آرہی ہو پیشاب درد اور جلن کے ساتھ آرہا ہو اور مریض شدت درد سے بے حال ہو رہا ہو اس کے لئے نعمت ہے۔ تحصیل پنڈ دادنخان اور گردونواح کے سینکڑوں افراد اس نسخہ سے فیض یاب ہو چکے ہیں۔ یہ ساری تفصیل اس لئے بیان کی ہے کہ یہ لاجواب تحفہ معمولی سمجھ کر نظر انداز نہ کیا جائے۔ ھوالشافی' نسخہ: ریٹھہ کا چھلکا 3 تولہ، الائچی خورد 1 تولہ۔ تیاری: سوزاک کے بگڑے ہوئے اور شدید خارش کے مریض صبح نہار منہ ایک چھوٹا کیپسول' دہی کی ملائی دو چمچ' ایک پاؤ دہی کے پانی کے ساتھ اور ایک کیپسول شام کو استعمال کریں۔ تیسرے دن ہی واضح فرق پڑنا شروع ہو جائے گا۔ مرض زیادہ شدید ہو تو ایک ماہ روزانہ 15 دن لازمی استعمال کریں۔ پرہیز: تیز مرچ، مصالحے، گرم اشیاء، ترش اشیاء گوشت اور مرغن اشیاء سے پرہیز کریں۔ دودھ دہی کا استعمال لازمی کریں۔ دماغی امراض: سردرد کی بے شمار اقسام ہیں جن کو یاد رکھنا بھی کسی دردسر سے کم نہیں۔ دماغ میں جمے ہوئے ریشے، بلغم کے اخراج کے لئے اور آدھے سر کے درد کے لئے مختلف قسم کی نسوار استعمال کی جاتی ہے۔

1۔ ریٹھہ کا چھلکا 1 تولہ، کشمیری پاٹھا 1 تولہ، دونوں کو باریک کر کے رکھ لیں ضرورت کے وقت سنگھائیں ناک سے پانی بہہ کر سر درد ختم ہو جائے گا۔ 2۔ ریٹھہ کا چھلکا 10 تولہ، کشمیری پاٹھا ایک تولہ، کیسر کشمیری تین ماشے سب کو باریک کر کے رکھ لیں دماغی کمزوری، سردرد، اور زکام میں بے حد کارآمد ہے۔ 3۔ تین رتی، ریٹھہ کا چھلکا باریک کر کے دو تولے پانی میں خوب اچھی طرح حل کر لیں۔ سر کے جس طرف درد ہو اس کے دوسرے حصے کی ناک میں دو بوندیں ڈالیں اس سے آدھے سر کے درد کو فوری آرام آجائے گا۔

4۔ نیم کے بیج، ریٹھہ کی گری، کشمیری پٹھا سفید کیر کے پھول سب ایک ایک تولہ لے کر باریک پیس لیں اور بوقت ضرورت بطور نسوار استعمال کریں۔ 5۔ لونگ ایک تولہ ریٹھہ کا چھلکا ایک تولہ خوب باریک کر لیں۔ پوست ریٹھہ کالی مرچ ہم وزن لے کر باریک پیس لیں اور کپڑا چھان کر کے رکھ لیں۔ نسوار کی طرح استعمال کریں۔ اس کے استعمال سے آدھے سر کا درد یا ایسے افراد جن کا ناک یا دماغ کام نہ کرے جس کو خوشبو یا بدبو کا علم نہ ہو یا ہر وقت سستی یا نیند زیادہ آتی ہو کے لئے مفید ہے۔ نزلہ اور زکام سب بیماریوں کی جڑ ہے۔ اس کے علاج میں لاپروائی نہ کریں جن افراد کو یہ مرض پرانا ہے ان کو اور بھی کئی امراض آگھیرتے ہیں ایسے افراد کو مندرجہ بالا نسواریں بے حد مفید ہیں۔ اس سے دماغ میں جمع گندگی چھینکیں آکر باہر نکل جاتی ہے۔

پتھری صرف 7 دن میں یقینی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! قارئین عبقری کیلئے ایک خاص نسخہ جو کہ آزمودہ ہے۔ اس نسخہ کے استعمال سے گردہ کی پتھری سات دن میں ختم ہو جاتی ہے۔ ھوالشافی: نوشادر' قلمی شورہ' جوکھار' نمک مولی' ریوند چینی تمام ادویہ پچاس پچاس گرام لے کر تمام ادویات کو پیس لیں' گردہ مثانے کی پتھری کیلئے دو کیپسول بڑے دن میں تین مرتبہ ہمراہ کچی لسی کے ساتھ دیں' سات دن استعمال کریں۔ اگر پتھری بڑی ہو تو مزید کچھ دن استعمال کریں شفا ہو گی ان شاء اللہ۔ (نسیم اختر)

لاعلاج بیوی اسم اعظم کے روحانی دم سے صحت یاب ہو گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیوی کچھ عرصہ قبل سخت بیمار ہو گئی' میں اس کو لے کر ڈاکٹر ہسپتال لاہور گیا لیکن وہاں کے علاج سے کچھ فرق نہ پڑا' پھر اس کو لیکر لطیف ہسپتال اور پھر سی ایم ایچ لاہور گیا لیکن تکلیف میں رتی بھر فرق نہ پڑا۔ اس کے بعد میں نے اس کو شیخ زید ہسپتال لاہور داخل کروا دیا وہاں تقریباً وہ پندرہ دن زیر علاج رہی' شیخ زید ہسپتال والوں نے میری اہلیہ کے تمام ٹیسٹ پاکستان کے مشہور لیبارٹری سے کروائے' تمام ٹیسٹ بالکل ٹھیک تھے مگر مریضہ کو رتی بھر فرق نہیں پڑ رہا تھا۔ ان ہی دنوں مجھے حضرت حکیم صاحب سے ملاقات کا ٹوکن مل گیا' جب میں نے اپنی اہلیہ سے اس بات کا ذکر کیا تو وہ فوراً بولی ہم حضرت حکیم صاحب کے پاس چلتے ہیں ان شاء اللہ مجھے شفاء وہیں سے ہی ملے گی۔ جمعرات کے دن شام چار بجے ہماری حضرت حکیم صاحب سے ملاقات ہوئی۔ آپ نے میری اہلیہ کو دیکھتے ہی کہا میں انہیں دم کروں گا' انہوں نے میری اہلیہ کو دم کیا اور ساتھ ہی کہا کہ کم از کم پانچ دم لگاتار جو مہینے میں ایک بار تسبیح خانہ لاہور میں ہوتا ہے اس میں آکر دم کروائیں۔ ایک دم ہم نے اس دن شیخ الوظائف سے ملاقات کے دوران کروایا اور پانچ دم ہر ماہ تسبیح خانہ آکر بتائی گئی تاریخ کو کروائے اور حضرت حکیم صاحب کے حکم پر صدقات دیئے۔ الحمدللہ پہلے دم سے ہی میری بیوی کا بہت زیادہ فرق پڑا تھا اور آج اللہ کے فضل و کرم سے میری بیوی بالکل صحت یاب ہے۔ یہ تمام حضرت حکیم صاحب کے اسم اعظم کے روحانی دم کا صدقہ ہے۔ (منور حسین جعفری' لاہور)

آپ نے دم کرایا' فائدہ ہوا' ضرور لکھیں! عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں!

29 اپریل بروز اتوار اسم اعظم کا روحانی دم نماز فجر سے دو گھنٹے بعد تک تسبیح خانہ لاہور میں ہو گا۔ دم سے پہلے ٹھیک 6 بجے شیخ الوظائف شفائیہ دعا کروائیں گے۔ اس کے بعد دم شروع ہو گا۔ 29 اپریل بروز اتوار حلقہ کشف المحجوب اور مراقبہ بعد نماز مغرب تسبیح خانہ لاہور میں ہو گا۔

اہم نوٹ: ہر ماہ اسم اعظم کے روحانی دم کے بعد پوری دنیا میں مختلف شہروں کے نام (مخلصین) کیلئے درس (مذاکرہ) ہو گا۔ ہر مخلص شرکت یقینی بنائے۔ مذاکرہ ویب سائٹ پر آن لائن سنا' دیکھا جائے گا۔ دنیا بھر سے مختلف شہروں خدمت والے تمام مخلصین اس مذاکرہ میں آن لائن ضرور شامل ہوں۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کر سکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہو سکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کو معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی، بیماری، گھریلو الجھن، ذمہ داری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

Join now * AMLIYAAT Free Pdf Books *
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

پاک بھارت جنگ کے ہیرو! صوبیدار(ر) حق نواز کی ایمان افروز باتیں

شہ اٹک حق نواز' ماما خان افضل' فضل ودود' حوالدار پیر بادشاہ پور ادن

محترم حضرت حکیم صاحب السلام وعلیکم! میں تقریباً سات سال سے عبقری کی قاری ہوں ٹھیک سے لکھنا نہیں آتا اس لئے کبھی کچھ لکھ نہیں سکی اللہ تعالیٰ آپ کو صحت اور زندگی عطا فرمائے آمین۔ بہت سے لوگوں کی زندگیاں آپ کے درس سے بدل گئی ہیں آپ کو ہر وقت دل سے دُعا دے رہے ہیں۔

پاک بھارت جنگ میں قدرت ہمارے ساتھ تھی: 1965ء کی پاک بھارت جنگ کا واقعہ لانس نائیک حق نواز نمبر 2217121 کے زبانی۔ میں اپنے گاؤں پھتی تحصیل حضرو ضلع اٹک میں دو ماہ کی چھٹی پر آیا ہوا تھا۔ بارڈر پر پاک انڈیا کی لڑائی شروع ہوگئی تھی۔ مجھے 27 اگست 1965ء کو ٹیلی گرام میں کہا گیا کہ جتنا جلدی ہوسکتا ہے یونٹ میں رپورٹ کریں' میں نے اس ہی وقت تقریباً دن 1 بجے کے قریب اپنا سامان لیا اور اپنے والدین کی اجازت سے اپنے یونٹ میں جانے کے لئے چل پڑا۔ اس وقت میری یونٹ نمبر 3 کمانڈو بٹالین چراٹ میں تھی اور میں تقریباً 6 بجے پی ریلوے سٹیشن پہنچ گیا۔ جہاں سے میں کمپنی کے لوگوں کے ساتھ چراٹ رات تقریباً 12 بجے پہنچ گیا۔ رات کو آرام کیا اور صبح کو کمپنی کمانڈر نے بولا کہ آپ تیار ہوجائیں صرف ایک جوڑا کپڑوں کا لے لو اور یونیفارم پہن لو باقی سامان آپ کو پشاور میں مل جائے گا' ساتھیوں کا جذبہ یہ تھا کہ لڑائی لاہور اور سیالکوٹ میں ہورہی ہے اور ہم لوگ پشاور کیا کریں گے مگر فوج میں آرڈر ہوتا ہے' ہم لوگ گاڑیوں میں بیٹھ گئے اور پشاور کے لئے روانہ ہوگئے۔ ہماری کمپنی ابراہیم کی اس وقت نفری 70 کے قریب تھی ہم تقریباً ڈیڑھ بجے پشاور پہنچ گئے۔ ہر آدمی کی خواہش تھی کہ کب ہم لوگ بارڈر پر جائیں گے اور دشمن کو سبق سکھائیں گے' ہم کو پشاور سے لڑائی میں استعمال ہونے والا سامان مل گیا جس میں ایک ایمنیشن اسلحہ اور بارود شامل تھا۔ خبریں آرہی تھیں کہ انڈیا نے لاہور اور سیالکوٹ پر حملہ کردیا ہے اس وقت پوری کمپنی کا جذبہ حیران کن تھا ہر آدمی کمپنی کمانڈر سے پوچھ رہا تھا کہ سر آپ ہم کو کب لے جارہے ہیں۔ کمپنی کمانڈر نے کہا کہ ہر آدمی کے پاس 28 عدد ٹی این ٹی ہونا چاہیے جس کے بعد ہم بم بنانے لگے جب یہ کام مکمل ہوا تو ہم کو آرڈروں کے لئے بلایا گیا ہم کو بتایا گیا کہ آپ انڈیا کے اندر جانے کے لئے تیار ہوجائیں جس کے لئے ہم کو نقشہ دیا گیا ہم کو بتایا گیا کہ آپ لوگ انڈیا میں ہلواڑہ ایئرپورٹ پر ڈراپ ہوں گے اس وقت کمپنی کے لوگوں نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا اور اسی وقت رات تقریباً 10 بجے ہم کو گاڑیوں میں بیٹھا کر پشاور ایئرپورٹ پہنچایا گیا۔ ایئرپورٹ پہنچنے کے بعد ہم کو پیراشوٹ پہن کر تیار ہوجانے کو کہا گیا جس کے بعد ہماری پوری کمپنی کو سامان کے ساتھ 130۔C طیارے میں بٹھایا گیا اس وقت بھی نعرہ تکبیر کے ساتھ فضا گونج اٹھی جس کے بعد طیارے کے دروازے کو بند کردیا گیا۔ طیارے میں موجود پائلٹ نے ہم تمام لوگوں کو السلام وعلیکم کہا اور ساتھ ہی بتایا کہ ہم لوگ ان شاء اللہ ڈیڑھ گھنٹے کے بعد اپنی پاک سرزمین کو چھوڑ کر انڈیا کی حدود میں داخل ہوجائیں گے۔ اس کے بعد یہ ترانہ شروع کردیا کہ ''اے مردِ مجاہد جاگ ذرہ ہے اب وقت شہادت ہے آیا'' اس وقت جہاز کے اندر بھی نعرہ تکبیر کی صدائیں بلند ہوتی رہیں۔ اس کے بعد پائلٹ کی طرف سے آواز آئی کہ میرا جہاز انڈیا کی حدود میں داخل ہوچکا ہے اور ساتھ ہی طیارے کی تمام لائٹیں آف کردی اور تمام دروازے کھول دیئے اور جہاز کو نیچے لے جایا گیا ہم لوگوں کو جہاز کے اندر سے باہر درخت نظر آتے تھے جب جہاز ہلواڑہ ایئرپورٹ کے قریب آیا تو اس وقت پائلٹ نے گرین لائٹ آن کردی اور کمپنی کمانڈر کو کہا کہ کتنی بلندی سے وار جمپ کرتے ہو انہوں نے کہا کہ 1300 فٹ کی بلندی سے اور پوری کمپنی نے جہاز سے باری باری چھلانگ کر جہاز سے باہر آگئے اور ہمارے کچھ لوگ ہلواڑہ گاؤں کے اوپر بھی گرے اور وہاں پر شور مچ گیا کہ پاکستان کے کمانڈو آگئے اور وہاں پر بھی ہمارے لوگ گاؤں والوں کے ساتھ لڑے اور کچھ جوان مکانوں پر گرنے سے شہید ہوگئے اور وہاں پر بھی ہلواڑہ گاؤں کا کافی نقصان کیا اور اس کے بعد ہم اکٹھے ہوکر ہلواڑہ ایئرپورٹ کی طرف روانہ ہوگئے۔

کیپٹن غلام احمد کے ساتھ اس وقت ہم 20 لوگ اللہ تعالیٰ کی مدد سے ہلواڑہ ایئرپورٹ کے اندر داخل ہوگئے اور وہاں پر ایک بڑے درخت کے نیچے کیپٹن غلام احمد نے بتایا کہ بیٹا یہ جہاز جو وہاں پر کھڑے ہیں کچھ دیر بعد یہ جہاز پاکستان میں بمباری کے لئے جائیں گے ان میں سے کوئی بھی جہاز سلامت نہیں رہنا چاہیے۔ اس کے بعد ہم لوگ ان جہازوں کی طرف روانہ ہوگئے اور ٹی این ٹی ایکسپلوزر کے چارج اور بارود کے ساتھ ان جہازوں پر حملہ کردیا جس سے 24 کے قریب جہازوں کو آگ لگادی اور جہازوں کو تباہ کردیا۔ اس وقت فائر بھی ہورہے تھے لیکن اللہ تعالیٰ نے ہماری مدد کی۔ ہمارے کافی لوگ شہید ہوگئے تھے کچھ ہی دیر بعد ہماری ایئر فورس کے جہازوں نے وہاں پر بمباری کی اور جو جہاز باقی تھے ان کو بھی تباہ کردیا ہم لوگ ایئرپورٹ سے نکل کر قریب ہی فصلوں میں چھپ گئے اس وقت ہم چار آدمی تھے جو خود وہاں پر گزارا۔ رات کو باہر نکل آئے اور نہر سے پانی پیا اور چل پڑے وہاں سے ہم لوگ انڈیا کے گاؤں شجاع آباد گئے وہاں پر ایک گاڑی کھڑی تھی پیر بادشاہ نے مجھے کہا کہ جاؤ دیکھو گاڑی اسٹارٹ ہوسکتی ہے کہ نہیں میں نے اس کو اسٹارٹ کیا تو وہ ہوگئی ہم چار آدمی اس میں سوار ہوگئے وہاں سے مغرب کی طرف روانہ ہوئے لیکن جب ہم انڈیا کے گاؤں کوٹ کاپورہ آئے تو اس گاڑی میں پٹرول ختم ہوگیا اور اس کو اسی جگہ چھوڑ کر پیدل چلنا شروع کردیا جب ہم ایک میل گئے تو راستے میں ہمیں اپنے لوگ مل گئے جن میں چن پیر شاہ' مختیار پہلوان اور دوست علی شاہ شامل تھے ان میں چن پیر شاہ اور مختیار زخمی تھے۔ ان کے ملنے سے ہماری تعداد سات ہوگئی۔ صبح ہونے والی تھی ہم لوگ وہاں جنگل میں چھپ گئے مگر ہم لوگوں کو کسی آدمی نے دیکھ لیا اور جاکر گاؤں والوں کو بول دیا۔ گاؤں والوں نے جاکر فوج کو بتایا فوج نے ہم کو گھیرے میں لے لیا اور لاؤڈ سپیکر سے اعلان کیا کہ آپ ہتھیار پھینک دیں اور ساتھ ہی فائرنگ شروع ہوگئی۔ ہمارے ساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد تھی۔ چن پیر شاہ اور مختیار نے ہم کو بولا کہ آپ نکل جاؤ ہم زخمی ہیں چل نہیں سکتے ہم ان کا مقابلہ کرتے ہیں کافی دیر بعد فیصلہ کیا کہ ہم ادھر سے نکل جائیں انہوں نے دشمن کا بھرپور مقابلہ کیا اور شہید ہوگئے۔ ہم پانچ آدمی وہاں سے بچ نکلنے میں کامیاب ہوگئے راستے میں بند گوبھی اور چھلیاں کھا کر گزارہ کرتے رہے مگر بدنصیبی کہ رات کو ہم لوگوں نے بھوک کی وجہ سے تمبے کھالئے اور رات کو اندھیرے کی وجہ سے ہم کو معلوم نہ ہوسکا جس کی وجہ سے ہم کو جنگل میں خونی پیچش لگ گئے جس کی وجہ سے دوست علی شاہ شہید ہوگئے اور ہم بھی چلنے کے قابل نہ رہے۔ وہاں پر موجود مال چرانے والے نے ہم لوگوں کو دیکھ لیا اور ساتھ ہی فیروز پور چھاؤنی کو اطلاع دی وہاں سے سکھ رجمنٹ کے سپاہیوں نے ہم کو پکڑ لیا اور ہم لوگوں کو فیروز پور چھاؤنی میں لے آئے پہلے تو خوب مارہ پیٹا۔ وہاں پر موجود سکھ میجر نے ہمارا علاج کروایا۔ لڑائی بند ہوچکی تھی' سات دن کے بعد جس مکان میں ہم لوگ قید تھے اس کی پچھلی دیوار گرگئی جس کی وجہ سے ہم چار آدمی وہاں سے بھاگ گئے وہاں سے پاکستان کو داخل ہونے کے لئے تقریباً 10 میل کا فاصلہ تھا اور ایک دریا عبور کرنا تھا۔ ہم لوگ دریا کے ساتھ جنگل میں چھپ گئے ہمارے ساتھ کمانڈو پیر بادشاہ تیرنا نہیں جانتے تھے مگر ہم لوگوں نے جنگل میں ایک سوکھی لکڑی تلاش کی اور اس پر بیٹھا کر پیر بادشاہ کو دریا عبور کروایا اور پاکستان میں داخل ہوگئے۔

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

علامہ لاہوتی پراسراری

جنات کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی بپتا آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر یہ حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پر اسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور علم چاہیے

جناتی زندگی میرا تجزیہ اور تجربہ: دراصل جناتی زندگی میں جو میرا تجزیہ اور تجربہ ہے' جنات بہت کم ایسے ملیں گے جن میں رحم دلی' ہمدردی' حسن سلوک' سخاوت' دریا دلی اور وفا ہوگی' اکثریت شریر اور شیطان ہوتے ہیں لیکن بہت کم ایسے ہیں جو واقعی نیک دل' ہمدرد اور انسانیت اور خود جنات کیلئے بھی باوفا ثابت ہوتے ہیں۔ میں یہ بات سالہا سال کے تجربات کے بعد آپ کی خدمت میں بیان کر رہا ہوں اور حقیقت یہی ہے کہ جنات اگر نیک مل جائیں تو اس سے بڑی سعادت کچھ ہے ہی نہیں اور اگر نیک نہ ملیں' چاہے وہ گھر میں ہوں یا زندگی کے کسی شعبے میں ہوں ہمیشہ شرارتیں ہی کرتے رہتے ہیں۔ **شریف جنات کا تعاون:** میں نے زندگی میں کئی کیس ایسے دیکھے ہیں کہ جنات گھر میں ہوں یا کسی درخت' یا کسی ویرانے میں اور وہاں رہنے والے نیک لوگ تھے' شریف تھے' باوفا تھے تو جنات نے ہمیشہ ان لوگوں کے ساتھ تعاون کیا' ساتھ دیا' پیار کیا' محبت دی' جب وہی لوگ دیکھے کہ نیک شریف نہیں رہے انہوں نے ہمیشہ شرارت کی' پریشان کیا اور مسائل اور مشکلات میں مبتلا کیا۔

زندگی پریشان سے پریشان تر: وہ ایسے مسائل میں مبتلا ہوئے کہ خود ان کا علاج زندگی میں ناممکن ہوگیا اور زندگی پریشان سے پریشان تر ہوگئی۔ میرے پاس ایک کیس آیا' ان کے گھر میں بچہ بیمار' کوئی دوائی کام نہیں کرتی تھی قرض' تکالیف' مسائل' جھگڑے' مشکلات' الجھنیں' دن بدن مسائل الجھتے چلے جا رہے تھے' ہر وقت کوئی نہ کوئی مسئلہ' ہر وقت کوئی نہ کوئی پریشانی' بہت زیادہ علاج معالجہ کرایا' پیروں کے پاس عاملوں کے پاس بہت زیادہ گئے' مال' پیسہ' سرمایہ وقت بہت ضائع کیا حتیٰ کہ ایک صاحب کے پاس گئے جس موٹر سائیکل پر گئے انہوں نے کہا یہی موٹر سائیکل یہاں کھڑی کر دیں اور موٹر سائیکل لے لی اور کہا کہ آپ کا کام ہو جائے گا۔ آپ پر ہونے والا جادو اور جنات ختم ہو جائیں گے لیکن کچھ بھی نہ ہوا اور موٹر سائیکل بھی گئی۔ **وراثتی جائیداد بیچ ڈالی مگر:** ایک دفعہ پھر کسی اور عامل کے پاس گئے' اس نے منہ مانگی بہت بڑی رقم مانگی وہ تو پہلے ہی خالی ہو چکے تھے گھر کے ساتھ ایک ٹکڑا زمین کا پڑا تھا' وراثتی تھا اس کو بیچا اور اس کے پیسے عامل کو دیئے' عامل نے مطمئن کرنے کیلئے کچھ چیزیں کیں لیکن کب تک' پھر کیس ویسے کا ویسا' میرے کسی قریبی دوست نے ان کو میرے پاس بھیجا' ان کو جنات نے پہلے ہی خالی کر دیا تھا اور عاملوں نے ان کی زندگی کو مزید ویران کر دیا۔

مختلف جنات کی مختلف غذائیں: قارئین! آپ گھر لینے سے پہلے یہ کیسے چیک کریں کہ یہاں شریر جنات ہیں یا شریف جنات ہیں' یا جنات ہیں بھی یا نہیں۔ یہ ایک بہت اہم اور ضروری چیز ہے کیونکہ جنات نے وہاں ٹھکانہ کرنا ہوتا ہے جہاں انسان رہتے ہیں کیونکہ ان کو غذائی نظام وہیں ملتا ہے اور وہ ہماری غذاؤں میں کھاتے ہیں اور ہمارے پینے سے پیتے ہیں' مختلف جنات کی مختلف غذائیں ہوتی ہیں۔

پہلی قسم: کچھ جنات ایسے ہیں جن کی غذائیں کوئلہ ہیں اور وہ کوئلہ ہی کھاتے ہیں اور ان کے پیٹ بھر جاتے ہیں۔

دوسری قسم: جنات کی دوسری قسم ایسی ہے جن کی غذائیں جانور کو ذبح کرتے ہوئے جو پہلی دھار خون کی نکلتی ہے اس خون میں جو ایک مخصوص بو ہوتی ہے وہی ان کی غذا ہے۔

تیسری قسم: جنات کی تیسری قسم ایسی ہے جن کی غذا خون ہے' جمع ہوا ہو یا بہتا ہوا ہو بلکہ میں ایک انوکھی بات بتاؤں ایک جن نے مجھے بتایا کہ مجھے انسانی بہتے خون کا بہت زیادہ چسکا ہے اور لذت ہے کیونکہ میں نے سب کے خون پیے ہیں مگر جو لذت انسانی خون میں ہے وہ کسی اور چیز میں نہیں' اب تک میں نے سینکڑوں قتل کروائے ہیں مختلف لوگوں کے دلوں میں وساوس' شرارت' غصہ' انتقام' کینہ ڈال کر اور جب اس قتل میں خون نکلتا تھا تو وہ خون میں پیتا تھا' قتل میں کراتا تھا اور سزا اس کو ملتی تھی کیونکہ میری مرغوب ترین غذا انسانی خون ہے اور اس کیلئے مجھے قتل کرانا ضروری تھا۔ ایک عجیب بات اس نے بتائی جو انسان مرجاتے ہیں کیونکہ ان کا خون جم جاتا ہے وہ میں نہیں پی سکتا' میرے لیے لذت اس بہتے ہوئے خون میں ہے اور تازہ خون میں ہے اور تازہ خون میں ہی میں مجھے سب کچھ ملتا ہے۔ اس لیے میں لوگوں کو قتل کرواتا ہوں اور جب قتل کرتے ہیں تو قاتل کے اوپر شیطانیت سوار ہوتی ہے' وہی چیز میرے لیے سب سے زیادہ پسندیدہ ہے اور میں اسی کو پسند کرتا ہوں تو لہٰذا کچھ جنات کا پسندیدہ مشغلہ انسانی خون کا پینا ہے۔

چوتھی قسم: جنات کی چوتھی قسم ایسی ہے جو صرف ہڈیاں استعمال کرتی ہے' جانوروں کی ہڈیاں' جن کا گوشت ہم کھانے کے بعد ہڈیاں پھینک دیتے ہیں' وہ استعمال میں لائی جاتی ہیں قدرت کا نظام ہے' ان پر ایک خاص غذا لگتی ہے جو کہ جنات استعمال کرتے ہیں۔ میں نے کئی لوگوں کو یہ بات بتائی ہے کہ وہ جب بھی کھانا کھائیں ہڈیاں صاف ستھری جگہ پھینکیں' ایسی جگہ نہ پھینکیں جہاں گندگی مٹی اور غلاظت ہو کیونکہ ایسی جگہ پھینکنے سے وہ ہڈیاں گندی ہو جاتی ہیں اور جنات اس سے نفرت کرتے ہیں بلکہ میرے سامنے کئی تجربات اور مشاہدات ہیں کہ جنات نے ایسے لوگوں کو تکلیف دی اور انہیں پریشان کیا جنہوں نے ہڈیوں کو گندگی پر پھینک دیا اور ان کی قدردانی نہ کی۔ **پانچویں قسم:** جنات کی پانچویں قسم ایسی ہے جو انسانوں کے ساتھ کھاتی ہے اور پیتی ہے جو سالن روٹی یا غذائیں ہم استعمال کرتے ہیں' وہی کھانا جنات استعمال کرتے ہیں اور یہی مستقل ان کا کھانا ہوتا ہے۔ **چھٹی قسم:** جنات کی چھٹی قسم ایسی ہے کہ چاولوں کو ابالتے ہوئے جو اس سے خوشبو اور ایک مخصوص بو نکلتی ہے' وہی مخصوص بو ہی ان کی غذا ہوتی ہے۔ **ساتویں قسم:** ساتویں قسم ایسی بھی ہے جن کی غذا انسانوں اور جانوروں کا پاخانہ ہے جیسے کہ خنزیر اور سور پاخانہ کھاتا ہے' ان کی غذا صرف پاخانہ ہے اور گوبر ہے وہ یہی غذا کھاتے ہیں' میرے پاس ایک دفعہ ایک جن آیا جس نے اسلام قبول کیا' کیونکہ الحمدللہ میرے ہاتھوں سینکڑوں نہیں' ہزاروں نہیں' لاکھوں جنات اسلام قبول کر چکے ہیں' اس نے اپنی غذا یہی بتائی تھی اور اس کے بعد مجھے اور جنات نے یہ بات بتائی۔ ان کی غذا گوبر اور پاخانہ ہے لیکن جب وہ مسلمان ہوگئے اور ایمان کی شمع ان کے دل میں روشن ہوئی اور وہ گوبر اور پاخانہ سے دور اور پاکیزہ غذاؤں کی طرف مائل ہوگئے۔ **آٹھویں قسم:** آٹھویں قسم جنات کی وہ ہے جو صرف جانور کے اس دودھ کو استعمال کرتی ہے جو تھنوں سے دھار کی شکل میں نکل رہا ہوتا ہے' جب وہ دودھ برتن میں چلا جاتا ہے اس کو استعمال نہیں کرتی' وہ صرف اسی دودھ کو استعمال کرتی ہے جو دھار کی شکل میں تازہ بہ تازہ نکل رہا ہوتا ہے۔ ایک جن مجھے بتانے لگا کہ میں ایسی جگہ جاتا ہوں جہاں جانوروں کا بہت بڑا باڑہ ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کا نام لیے بغیر دودھ دھوتے ہیں اور میں وہ دودھ سیر ہو کر پیتا ہوں کئی دن میرے اوپر فاقے رہے اس کی وجہ یہ تھی کہ ایک ایسا شخص آیا جو دودھ کے تھنوں کو بسم اللہ پڑھ کر دھوتا یعنی اس نے دودھ نکالنا تھا اور جہاں بسم اللہ ہو وہاں میں نہیں جا سکتا تھا' آخر میں نے یہ تدبیر اختیار کی ان کا آپس میں جھگڑا کرا کر ان کا یقین

Join now ** AMLYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

اس مرحلے سے ہٹا کر ان کے دل میں اس گوالے کے بارے میں شک وسوسہ ڈالا آخر کار اس کو نکلوا دیا اور پھر میرا غذائی نظام شروع ہوگیا۔ **جنات کی نویں قسم:** جنات کی نویں قسم ایسی بھی ہوتی ہے جو صرف انسان کا پسینہ پیتی ہے اور اس کی غذا صرف یہی ہوتی ہے اور وہ پسینہ ہی پی کر اپنی زندگی کے شب و روز گزارتی ہے۔ **دسویں قسم:** جنات کی دسویں قسم ایسی ہوتی ہے جو جانوروں اور انسانوں کا پیشاب پیتی ہے۔ اس لیے وہ اکثر پیشاب والی جگہوں پر لیٹرینوں پر بیت الخلاء پر یا گندی جگہوں پر رہتے ہیں کیونکہ ان کو ان کی غذا وہیں سے ملتی ہیں۔ میرے پاس ایک پورا قبیلہ مسلمان ہونے کیلئے باورچی بابا لائے جن کا تذکرہ میں سابقہ ''جنات کا پیدائشی دوست'' کی اقساط میں کر چکا ہوں' وہ سب کے سب پیشاب پیتے تھے اور ان میں کچھ ایسے بھی تھے جو پاخانہ اور گوبر کھاتے تھے اور ان کی غذا یہی تھی' (ویسے بھی ہندو میں آج بھی ایسا مذہب اور دھرم ہے جو گائے کا پیشاب پیتے ہیں اور گائے کا پیشاب پینا اپنے لیے صحت سمجھتے ہیں ایسے لوگ بھی ہندوستان میں ہیں جو اپنا پیشاب پینا اپنی صحت سمجھتے ہیں) جب انہیں اسلام اور ایمان کی دولت ملی انہیں پاکیزہ غذاؤں کی توفیق ملی اور انہوں نے پاکیزہ غذائیں استعمال کرنا شروع کر دیں۔

گیارہویں قسم: جنات کی ایک قسم ایسی ہے جو درختوں کی جڑیں کھاتی ہے اور ان کی کونپلیں کھاتی ہے جو تازہ کونپلیں نکلتی ہے انہیں کھاتے ہیں' جو جڑوں میں نرم نرم جڑیں ہوتی ہیں درختوں کی وہ کھاتے ہیں اور وہی ان کی غذا ہوتی ہے۔ میرے پاس جتنے بھی جنات آتے ہیں میں سب کو ان کی غذائیں دیتا ہوں لیکن پاکیزہ غذائیں دیتا ہوں' کسی کو حرام اور ناجائز غذائیں نہیں دیتا اور وہ حرام اور ناجائز غذائیں یقیناً روح کی دنیا کو ناپاک کرتی ہیں اور روح کی دنیا کو ایمان' اعمال' تقویٰ اور طہارت سے ہٹاتی ہیں۔

جنات رہتے کہاں ہیں: قارئین! آج میں نے جنات کے کچھ حالات ان کی غذاؤں کی شکل میں بتائے ہیں اب میں بتاؤں گا کہ جنات کہاں کہاں رہتے ہیں؟ جنات زمین کے اوپر بھی رہتے ہیں' ہواؤں میں' فضاؤں میں رہتے ہیں زمین کے نیچے رہتے ہیں' سمندر کے اندر رہتے ہیں' دریاؤں کے اندر' پہاڑوں کے باہر' پہاڑوں کے اندر' درختوں کے خالی تنوں کے اندر' قبرستانوں میں' قبروں کے اندر قبروں کے باہر' آباد اور ویران سب گھروں میں رہتے ہیں' بس ان کے رہنے کے انداز اور ہوتے ہیں ان کی بود و باش کا انداز اور ہوتا ہے۔ **گھروں میں موسیقی اور جنات:** کتنے گھرانے ایسے ہیں کہ ان گھرانوں میں موسیقی کا بہت زیادہ چلنا تھا اور وہ موسیقی بہت زیادہ چلاتے تھے میں نے انہیں موسیقی سے منع کرایا' نیک جنات نے ان کیلئے دعائیں کرنا شروع کیں اور اپنی عبادات ان کے گھر میں کرنا شروع کیں' اس سے پہلے نیک جنات جو ان کے گھر میں رہتے تھے وہ چھوڑ کر چلے گئے تھے' موسیقی ختم ہونے سے نیک جنات نے عبادات کیں' ان عبادات کی برکت سے ان کے گھر میں وسعتیں' برکات اور خیریں آنا شروع ہوگئیں اور ایسی خیریں آئیں کہ ان کے گھر میں دولت' مال اور چیزوں کی وسعت اور تونگری شروع ہوگئی۔ **نہ جادو نہ جنات اور نہ نظر بد:** کتنے لوگ ایسے تھے جو میرے پاس حالات لے کر آئے کہ جادو ہے' جنات ہیں' نظر بد ہے' اثرات ہیں حالانکہ نہ جادو تھا' نہ جنات تھے' نہ نظر بد تھی' نہ اثرات تھے اور نہ کسی کا کوئی شیطانی حملہ تھا بلکہ وہاں نیک صالح جنات رہتے تھے' ان کی اعمال سے دوری' گناہ اور گھر میں ٹی وی' جس کی وجہ سے انہیں تکلیف ہوتی تھی میں نے انہیں یہ چیزیں استعمال کرنے سے منع کیا جب ان چیزوں کا استعمال ختم ہوا' وہی جنات تھے جنہوں نے اس گھر کو عبادت اور اعمال کا مرکز بنایا جب عبادت اور اعمال کا مرکز بنے تو اس سے یہ فائدہ ہوا کہ ان کا گھر سکون' راحت اور رحمت کا گہوارہ بنا' خوشیاں' کامیابیاں اور خیریں ان کے گھر میں داخل ہوئیں اور ان کا بچہ بچہ برکات میں اور خیروں میں رنگا گیا۔ **آج کا میرا کالم بہت اہم ہے:** کیا ہر چیز جنات ہوتی ہے یا جادو ہوتا ہے' حسد ہوتا ہے نہیں ایسا نہیں آج کا میرا کالم بہت اہم ہے' یاد رکھیے گا اس کالم میں آپ کی توجہ بہت خاص چیزوں کی طرف دلا رہا ہوں اور وہ خاص چیز یہ ہے کہ نیک جنات ہمیشہ نیکی چاہیں گے' بد جنات ہمیشہ بدی چاہیں گے' بدکار' خبیث' شریر اور شیطان جنات ہمیشہ یہ چاہیں گے کہ گھر میں موسیقی ہو' ناچ گانا ہو' نماز' اعمال' ذکر' تسبیحات کا کوئی اہتمام نہ ہو' حرام رزق ہو' حرام بول ہو' حرام آوازیں ہو' حرام سوچیں ہوں اور حرام جذبے ہوں' یہ بدکار جنات کی مرغوب اور محبوب چاہت ہے جبکہ نیک جنات ہیں ان کی چاہت ہے کہ گھر میں ذکر تسبیح' حلال بول' حلال سوچیں' حلال روزی' حلال جذبے اور حلال کی راہیں جب یہی چیزیں گھر میں آتی ہیں تو نیک اور صالح جنات اس کو بہت زیادہ پسند کرتے ہیں اور ان کی پسندیدگی اتنی زیادہ بڑھ جاتی ہے کہ ان کے بچے بچے کو یہ چیز پسند ہوتی ہے اور پھر وہ بڑے' بوڑھے' بچے' جوان' جنات' مرد اور عورتیں ان گھر والوں کیلئے دعاؤں میں لگ جاتے ہیں۔ اعمال میں لگ جاتے ہیں ذکر اور تسبیحات میں مشغول ہو جاتے ہیں اور یوں اس گھر میں خیریں اور برکات اتنی زیادہ متوجہ ہو جاتی ہیں کہ خود خیال گمان اور احساس سے بالاتر۔

نیک دعاؤں کی تاثیر!: قارئین! کیا اگر آپ نیک جنات کو خوش کر لیں وہ رب تو نہیں' رزاق تو نہیں کیا کسی کی نیک دعاؤں میں کوئی تاثیر نہیں ہوتی؟ کیا کسی کی نیک فریادوں میں' آہوں میں' آنسوؤں میں کوئی اثر نہیں ہوتا' کیا صالحین کی دعائیں زندگی میں اثر رکھتی ہیں یا نہیں رکھتیں؟ یقیناً رکھتی ہیں اور اس کا زندگی پر اثر ہوتا ہے دن اور رات پھرتے ہیں اور حالات بہتر سے بہتر ہوتے ہیں اور یوں زندگی' خوشیوں' کامیابیوں اور خیروں میں ڈھلتی چلی جاتی ہے اور دل کی دنیا آباد ہوتی ہے' من کی دنیا آباد ہوتی ہے' بیماریاں' مشکلات' تکالیف' جھگڑے اور دکھ ٹل جاتے ہیں۔

آیئے! نیک جنات کی دعائیں لیں: آیئے! نیک جنات کی دعائیں لیں' اپنے گھروں کو نیک جنات کی موافقت میں رکھیں اور ایک بات ضرور یاد رکھیے گا اگر آپ کے گھر میں اعمال' عبادات' ذکر' تسبیحات ہوں گی' موسیقی ٹی وی یا دوسری خرافات گھر میں نہیں ہوں گی تو اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ اگر گھر میں شریر جنات رہ بھی رہے ہوں گے تو ان کے ہوتے ہوئے عبادات' تسبیح کی وجہ سے اللہ کی رحمت اترے گی تو نیک جنات اس گھر میں متوجہ ہوں گے جب نیک جنات کی کثرت ہوگی تو شریر جنات خود بخود گھر چھوڑنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ یوں اس گھر میں نیک جنات کا ڈیرہ ہوگا ان کی دن رات عبادات اور دعاؤں کی وجہ سے آپ کے گھر کا بچہ بچہ آباد اور شاد ہو جائے گا۔ (جاری ہے)

Join now ** AMLYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا' نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد' عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کر کے لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج ذیل نمبر پر صرف میسج کر کے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ **0343-8710009**

مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض خواتین خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نمائندہ ظاہر کرتی ہیں ایسا ہرگز نہیں ہے۔

حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل

اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 56 پر دیا گیا کوپن پُر کر کے بھجوا دیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔

اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے جنات کا پیدائشی دوست کتاب پڑھیے۔

Join now ** AMLYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

دماغی تھکن دور: دماغی تھکن کی صورت میں ایک گلاس تازہ پانی (موسم سرما میں گرم پانی) میں ایک بڑا چمچ شہد ملا کر پی لیں تھکن فوراً دور ہو جائے گی یہی عمل نیند نہ آنے کی صورت میں مفید ہے۔

فاقے ختم دولت بھرے اور برکت کیلئے عمل

گاہک کی راہیں تکنے والے پریشان دکاندار حضرات کیلئے

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں "ان کی مشکلات 'فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا' دولت مند ہوا" شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

گھر بیٹھ کر درود پڑھا' ابو کو دس لاکھ کا آرڈر مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے عبقری رسالہ میں پڑھا تھا کہ کاروبار کیلئے درود شریف کا دم والا پانی کاروبار کی جگہ ڈالنے سے کاروبار میں برکت ہوتی ہے' میں نے صَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ پڑھنا شروع کر دیا اور اپنے ابو کو پانی پر دم کر کے دیا۔ اس کے چند ہی دنوں میں میرے ابو کو دس لاکھ کا آرڈر ملا' ابو نے گھر آ کر مجھے بتایا تو مجھے بہت زیادہ خوشی ہوئی۔ یہ سب درود شریف کی برکات ہیں۔ (ق ش' لاہور)

دو سال پرانا مال جھٹ پٹ بک گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ' آپ کی نسلوں' تسبیح خانہ اور اس سے منسلک تمام افراد کو صحت' تندرستی' ترقی' کامیابی' خوشحالی اور جزائے خیر عطا فرمائے۔ میں ایک دکان دار ہوں اور میری دکان پر گاہک نہ ہونے کے برابر آتے' سارا سارا دن گاہک کے انتظار میں گزر جاتا' پھر مجھے کسی نے درج ذیل وظیفہ بتایا' میرا گمان ہے کہ شاید انہوں نے یہ عمل آپ کے کسی درس یا رسالہ عبقری میں ہی پڑھا ہوگا۔ سورۂ یوسف آیت نمبر 80 سات مرتبہ' اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر آپ جو مال فروخت کرنا چاہتے ہیں اس پر پھونک مار دیں۔ میں نے سنا تو صبح ہی دکان پر گیا اور وہ مال جو عرصہ دو سال سے میری دکان پر پڑا تھا اور اس پر گرد و غبار جمی ہوئی تھی میں نے اس مال پر عمل پڑھ کر پھونک ماردی' میں حیران رہ گیا کہ جو بھی گاہک آ رہا وہی مال مانگ رہا' اسی دن میرا 40 فیصد وہی مال بکا اور دوسرے مال کی بھی خوب بکری ہوئی۔ اب بھی وہی مال تھوڑا تھوڑا کر کے فروخت ہو رہا ہے اور دکان پر گاہک بھی خوب آ رہے ہیں اور مال بھی فروخت ہو رہا۔ آپ تصور کر کے بھی پھونک مار سکتے ہیں' اگر مال سامنے ہو تو فوری اثر کرتا ہے' میرا تو آزمودہ ہے ایسے دکاندار حضرات جو مال کی فروخت نہ ہونے کی وجہ سے پریشان رہتے ہیں وہ بھی آزمالیں' ان شاء اللہ یہ خوشحالی کا راز ہے۔ یہ آیت پارہ نمبر 13 میں ہے۔ (ریحان الطاف' لاہور)

تنخواہ ڈبل کروانے کا راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے بچوں کو اپنی شایان شان نوازے اور اللہ تعالیٰ مجھے اور میری نسلوں کو ہمیشہ تسبیح خانہ سے جوڑے رکھے۔ آمین!

میں پرائیویٹ ادارہ میں نوکری کرتا ہوں' میں شادی اور دو بچوں کا باپ ہوں' تنخواہ کی کمی کی وجہ سے بہت پریشان تھا' تنخواہ مہینے کے پہلے دس دنوں میں ہی ختم ہو جاتی' پھر پورا مہینہ ادھار پر چلتا' اکثر ایک دفعہ سالن پکا کر پانچ پانچ وقت کھانا پڑتا۔ پھر میں نے ایک اللہ والے سے سنا کہ جتنی بھی آپ کی تنخواہ ہے اس میں سے اڑھائی فیصد نکال کر صدقہ کر دیں۔ یعنی اگر کسی کی تنخواہ ایک ہزار ہے تو اس میں سے صرف پچیس روپے اللہ کی راہ میں دے دیں تو رزق میں برکت ہوگی' میں نے جب سنا تو میں نے بھی اسی روحانی ٹوٹکے پر عمل کرنا شروع کر دیا' اُس وقت میری تنخواہ صرف 20 ہزار تھی اور میری تنخواہ چالیس ہزار ہو چکی ہے' یہ صرف اس عمل کی برکات ہیں' اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے راستے میں مزید دینے کی توفیق عطا فرمائے۔ تسبیح خانہ اور حضرت حکیم صاحب کیلئے ہر پل دعا گو رہتے ہیں۔ (نیاز محمد رائے ونڈ)

مرنے والے کا غم بھلانے کیلئے ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کا نور آپ پر بارش کی طرح برسائے اور آپ پر اپنی رحمت کا سایہ رکھے' تسبیح خانہ اور یہاں آنے والے سدا آباد رہیں۔ قارئین عبقری کیلئے ایک ٹوٹکہ لکھ رہا ہوں جو میرے ایک دوست نے آزمایا تھا اور اس کا مسئلہ حل ہو گیا۔ امید کرتا ہوں کہ اس ٹوٹکے سے انسانیت کو فائدہ ہوگا۔ اگر کسی کا کوئی عزیز فوت ہو جائے' اس صدمے سے اگر کوئی سکتہ میں چلا جائے تو سنبھلنے کے باوجود سنبھل نہ رہا ہو' اس کو سکون نہ ملتا ہو تو مریض کو مرنے والے کی قبر کی مٹی تھوڑی سی چٹکی بھر لیکر پانی میں گھول کر پلا دیں' مگر مریض کو پتہ نہ چلے' مریض ٹھیک ہو جائے گا۔ سو فیصد آزمودہ تیر بہدف ہے۔ (محمد ماجد علی جھطانوالی)

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہو جاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کبھی ایسا ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب الماری سے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

بیکاری ایک مہلک مرض

(محمد جمشید' ساہیوال)

افسوس ہم نے وقت کی قیمت کما حقہ نہیں پہچانی چونکہ ہم دولت کی قدر کرتے ہیں اس لیے جب ہماری دولت ضائع ہونے لگے تو ہمیں افسوس ہوتا ہے اور نہ صرف یہ کہ ہم اپنی دولت کو ضائع کرتے بلکہ غیروں کی دولت کا بھی احترام کرتے ہیں لیکن ہمیں کبھی افسوس نہیں ہوتا جب ہمارا قیمتی وقت ضائع ہو رہا ہو یا ہم دوسروں کا قیمتی وقت ضائع کر رہے ہوں کیسے کیسے بیش بہا گھنٹے گراں قیمت مہینے نایاب سال اپنی آنکھوں کے سامنے ضائع ہوتے دیکھتے ہیں اور ہم غفلت کی نیند پڑے ہوتے ہیں' ہزاروں ایسے دیانتدار آدمی موجود ہیں جو اوروں کا کوڑی تک کا نقصان کرنا روا نہیں رکھتے اور اگر ان کے دل میں بھولے سے بھی یہ خیال آ جائے کہ کسی کی کوڑی کی خیانت کر رہے ہیں تو اس خیال سے بیشتر اپنے ہاتھوں کو کاٹ ڈالیں لیکن یہی دیانتدار آدمی وقت جیسی بیش بہا چیز کو چوری کرتے ہیں مگر ان کو ذرا خیال نہیں آتا وہ کس اخلاقی جرم کا ارتکاب کر رہے ہیں حالانکہ اگر ہم کسی کا مالی نقصان کریں تو کسی حد تک اس کی تلافی کر سکتے ہیں لیکن اگر ہم کسی کا وقت ضائع کریں تو اس کی تلافی کبھی ہو ہی نہیں سکتی ایک سکاچ اور بیت کا مقولہ ہے کہ کاروباری آدمیوں کے لیے اس سے بڑھ کر کوئی مصیبت نہیں ہوتی کہ چند نکمے آدمی ملاقات کے لیے آ کر ان کا وقت ضائع کر جائیں' بیکاری سے بڑھ کر وقت کو تباہ کرنے والی اور کوئی شے نہیں' یہ ایک ایسی لعنت ہے جو ہزاروں عیبوں کا ایک عیب ہے۔ مارکس کیٹوں نے اپنے نوکروں کو حکم دے رکھا تھا یا تو کچھ کام کرتے رہیں یا سوجایا کریں' وہ بیکار جاگنے والوں پر سونے والوں کو ترجیح دیتا ہے کیونکہ بیکار رہنے سے بڑھ کر کوئی اور لعنت نہیں ہو سکتی۔ اس لیے حکماء نے کہا ہے کہ ہمیشہ کچھ نہ کچھ کرتے ہو ایک شخص نے کسی سے پوچھا کو تمہارے بھائی کی موت کا کیا باعث ہوا' اس نے جواب دیا: "بیکاری" جب یہ جواب ایک فوجی جرنیل نے سنا تو اس نے آہ بھر کر کہا: واقعی بیکاری ایسا مہلک مرض ہے جو بہادر سے بہادر جرنیل کو مار ڈالنے کیلئے کافی ہے۔ یاد رکھیے! جو اپنے بچپن کو سستی اور بیکاری میں ضائع کرتے ہیں' نوجوانی میں بھی انہی عادات کی غلامی کریں گے اور جو جوانی میں ست اور بیکار رہتے ہیں وہ بوڑھے ہو کر بھی اسی لعنت میں گرفتار رہیں گے۔ وہ آدمی جو دونوں ہاتھ اپنی جیبوں میں ڈال کر قیمتی وقت ضائع کرتا ہے جب دوسروں کے کام کر رہے ہوں تو وہ بہت جلد اپنے

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

نیا کام شروع کرنے کے لئے: جو شخص نیا کام کرنا چاہے وہ اسم پاک یا مُبدی کے ورد سے شروع کرے باعث کامیابی اور نافع ہوگا۔ ان شاء اللہ

نیند کیوں اڑ جاتی ہے! نیند لانے کے ٹوٹکے!

محمد عباس ثاقب

بے خوابی کا مرض دنیا بھر میں زور پکڑتا جارہا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ بے خوابی کوئی بیماری نہیں بلکہ کسی نظر انداز شدہ مسئلے کی علامت ہوتی ہے۔ یہ مختلف عمر کے افراد کو مختلف انداز میں متاثر کرتی ہے۔ ادھیڑ عمر اور عمر رسیدہ افراد کو عموماً آسانی سے نیند آجاتی ہے لیکن وہ رات کو بار بار جاگتے رہتے ہیں جبکہ جواں عمر افراد کے لئے سونا ہی مسئلہ ہوتا ہے۔

ماہرین کے مطابق بے خوابی کے چند نمایاں اسباب درج ذیل ہیں۔ **ذہنی دباؤ، فکر اور انتہائی مصروف معمولات زندگی:** حال ہی میں کیے جانے والے ایک تازہ ترین سروے کے مطابق 30 فیصد افراد کی بے خوابی کا بنیادی سبب ذہنی دباؤ ہوتا ہے۔ بہت سے لوگوں کا خیال ہے کہ کیریئر، خاندان اور دیگر ذمہ داریوں کے بوجھ سے ان کی نیند اڑ جاتی ہے۔ **طبی مسائل:** 22 فیصد افراد کے مطابق ان کی بے خوابی خراب صحت، درد یا بے آرامی کا نتیجہ ہوتی ہے جیسے جیسے عمر میں اضافہ ہوتا ہے نیند کے حوالے سے مسائل بھی بڑھنے لگتے ہیں کیونکہ معمر افراد زیادہ دوائیں استعمال کرتے ہیں اور بیماریوں میں بھی زیادہ مبتلا ہوتے ہیں لہٰذا جب وہ سوتے ہیں تو ان کی نیند بھی پرسکون نہیں ہوتی۔ **سونے کی جگہ کا ناقص ماحول:** 20 فیصد افراد کا کہنا ہے کہ روشنی، شور و غل یا درجہ حرارت میں کمی یا بیشی ان کی نیند کو متاثر کرتی ہے۔ **شریک حیات کے خراٹے یا سونے کی ناپسندیدہ عادت:** 17 فیصد خواتین اور 5 فیصد حضرات کا کہنا ہے کہ ان کے شریک حیات کی سونے کی عادت اور خراٹے انہیں نیند سے محروم رکھتے ہیں۔ بے خوابی کی دیگر وجوہ میں کثرت سے ہوائی سفر، کام کی بدلتی ہوئی شفٹیں اور کیبل ٹی وی، کمپیوٹر اور انٹرنیٹ وغیرہ کی بدولت رات بھر جاگنے کی عادت اور رجحان میں اضافہ شامل ہے۔ ماہرین بہتر خواب آور دواؤں کی تیاریوں، نئی کتابوں کی اشاعت اور لوگوں کو ڈاکٹروں کے پاس جانے پر آمادہ کرکے بے خوابی کے خلاف ان کی مدد کے لئے کوشاں ہیں۔ ڈاکٹروں کے پاس سونے کی عادت میں تبدیلی کے ذریعے بے خوابی دور کرنے کی جدید ترین تکنیک اور نئی غیر نشہ آور ادویات کا وسیع خزانہ موجود ہے۔

ایک حالیہ جائزے سے ظاہر ہوا ہے کہ بہت کم مریض ڈاکٹروں کو اپنی بے خوابی کے بارے میں بتاتے ہیں، جب کہ ان کے ڈاکٹر خود بھی پوچھنے کی زحمت گوارا نہیں کرتے۔ ''یہ انتہائی بدقسمتی کی بات ہے کیونکہ بے خوابی سے ہمارے معمولات زندگی اور روزمرہ کارکردگی بری طرح متاثر ہوتی ہے، بے خوابی سے نجات مریض اور ڈاکٹر دونوں کی اولین ترجیح ہونا چاہیے چنانچہ اگر ڈاکٹر نیند کے بارے میں پوچھے تو لاپروائی سے ''بس ٹھیک ہے'' کہہ کر بات ٹالنے کی کوشش نہ کریں بلکہ واضح اور تفصیلی جواب دیں اور اگر وہ بھی نہ پوچھے تو آپ خود بتائیں۔ نیند کے ماہرین نے بے خوابی کو تین درجوں میں تقسیم کیا ہے۔ **عارضی بے خوابی:** کبھی کبھار رات کو نیند نہ آنا، اس کا سبب دفتر میں کسی اہم میٹنگ کی فکر، شریک حیات سے بحث و تکرار، مالی مشکلات یا کوئی اچھی یا بری خبر یا کسی کا انتظار بھی ہوسکتا ہے۔ جوں ہی متعلقہ سبب دور ہوتا ہے، نیند کی دیوی دوبارہ مہربان ہوجاتی ہے۔ **مستقل یا وقفے وقفے سے وارد ہونے والی بے خوابی:** اس طرح کی بے خوابی کے دورے ہفتے میں ایک دو بار یا مہینے میں کئی بار حملہ آور ہوتے ہیں۔ اس طرح کی بے خوابی قابل پیش گوئی ہوسکتی ہے۔ متعلقہ شخص اپنے کام کی مقررہ تاریخ قریب آنے پر یا کسی بڑے لیکچر سے پہلے والی راتوں کو نیند سے محروم ہوسکتا ہے۔ یہ کیفیت دیرینہ بے خوابی جیسی پریشان کن نہیں ہوتی لیکن عارضی بے خوابی کی نسبت اس کے حملے زیادہ تواتر اور باقاعدگی سے ہوتے ہیں۔

دیرینہ بے خوابی: شدت اور دورانیے کے لحاظ سے اس کی کئی اقسام ہیں۔ بعض مریض مہینوں بلکہ برسوں سے رات کو سو نہیں پاتے۔ بعض افراد مہینے میں دو ہفتے نیند سے محروم رہتے ہیں۔ دیرینہ بے خوابی کے سب سے بڑے اسباب یاسیت اور فکر و پریشانی ہیں دیگر وجوہ میں طبی مسائل مثلاً جوڑوں کا درد، کوئی بیماری، دل کے عارضے اور کینسر وغیرہ شامل ہیں۔ بے خوابی ایک اذیت ناک دائرے کی صورت اختیار کرسکتی ہے۔ کئی راتوں تک بے خوابی کا شکار رہنے کے بعد مریض نیند کے حوالے سے اتنا فکرمند اور ذہنی تناؤ کا شکار ہوجاتا ہے کہ دیرینہ بے خوابی کا آغاز ہوجاتا ہے۔ اگر دیرینہ بے خوابی کا اصل سبب طبی مسئلہ ہو تو اس کا سنجیدگی سے علاج کرانا چاہیے۔ اگر اس کے بعد بھی بے خوابی برقرار رہے تو مریض سونے کی عادات میں تبدیلی کا طریقہ کار یا ڈاکٹروں کی تجویز کردہ خواب آور ادویات استعمال کرسکتا ہے۔ ایک حالیہ مشاہدے سے ثابت ہوا ہے کہ عمر رسیدہ افراد نیند کی عادات میں بہتری کے طریقہ کار سے اپنی دیرینہ بے خوابی سے کسی حد تک نجات حاصل کرسکتے ہیں۔ صرف اسی وقت بستر پر دراز ہوں جب نیند کا غلبہ ہونے لگے۔ روزانہ ایک ہی وقت پر بیدار ہوں، خود کو نیند سے محرومی کی کوفت اور تھکن کے بارے میں بہت زیادہ سوچنے سے گریز کی تربیت دیں۔ بے خوابی کا شکار افراد کو عموماً ٹھیک معلوم ہوتا ہے کہ وہ کیوں بیدار ہوئے لیکن وہ اس مسئلے سے بدترین انداز میں نمٹتے ہیں۔ نیند کے ماہرین کا کہنا ہے ''ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ بستر پر لیٹ کر زبردستی سونے کی کوشش کرنا اور ہر چند منٹ بعد الارم کلاک کو گھورنا نیند کی دیوی کو منانے کا انتہائی واہیات انداز ہے۔'' بے خوابی سے نجات کے لئے نیند کے ماہرین درج ذیل مشورے پیش کرتے ہیں

الارم کلاک پر بیداری کا وقت ضرور سیٹ کریں تاہم اسے نظروں کے سامنے رکھنے کے بجائے کسی ایسی جگہ پر چھپا دیں جہاں سے صبح بیداری کے وقت الارم کی آواز آپ کے کانوں تک پہنچ سکے، بلکہ بہتر یہ ہے کہ وقت بتانے والی ہر شے کو نظروں کے سامنے سے ہٹا دیں تاکہ آپ کا ذہن اس خیال پر نہ اٹک جائے کہ وقت گزر رہا ہے اور آپ کو نیند نہیں آرہی ہے ''اگر ہم پر سونے کے لئے دباؤ ہو تو ہمیں نیند نہیں آسکتی۔'' آپ کو نیند نہ آئے یا رات کو آنکھ کھل جائے تو بستر میں دراز رہ کر کوئی کتاب یا رسالہ پڑھیں'' اور جب تک آپ کی آنکھیں نیند سے بوجھل نہ ہوجائیں پڑھتے جائیں، پھر پڑھتے پڑھتے سوجائیں۔ ''اگر خواب گاہ میں کوئی اور بھی آپ کے ہمراہ محو استراحت ہو تو چپکے سے مہمان خانے یا خواب گاہ کے کسی دور دراز گوشے میں کھسک جائیں اور مطالعہ شروع کردیں لیکن جب آپ پر غنودگی طاری ہونے لگے تو دوبارہ بستر کا رخ کرنے کی کوشش نہ کریں، نقل و حرکت آپ کو بیدار کردے گی، بہتر یہی ہے کہ روشنی بند کرکے وہیں سوجائیں۔ بعض ماہرین کا کہنا ہے کہ رات کو اگر آنکھ کھل جائے تو بستر سے نکل کر کسی کام میں مصروف ہوجائیں، حتیٰ کہ آپ پر دوبارہ نیند کا غلبہ ہونے لگے البتہ ایک بات پر تمام ماہرین متفق ہیں کہ اندھیرے میں بستر پر دراز ہوکر زبردستی سونے کی کوشش نہیں کرنا چاہیے۔ ایسے لوگ جو کسی مسئلے پر فکرمند ہونے کے باعث نیند سے بیدار ہوتے ہیں، ماہرین یہ حل تجویز کرتے ہیں کہ وہ اپنے مسئلے پر غور و فکر کے لئے ایک وقفہ مقرر کریں جس پر بستر پر جانے سے پہلے عمل کریں، اگر آپ کسی اہم لیکچر کے سلسلے میں فکرمند ہیں تو اپنے نوٹس کا مطالعہ کریں، اگر آپ باس سے ناراض ہیں تو اسے ایک خط تحریر کریں۔ اگلی صبح یہ فیصلہ کرنا آپ کا کام ہے کہ یہ خط باس کو بھجوانا ہے یا نہیں۔

رات کو نوٹ بک اپنے بستر کے قریب رکھیں۔ اگر آپ رات کو فکر کے عالم میں بیدار ہوں تو اپنے خیالات کو نوٹ بک میں درج کرلیں اور اگلے روز ان مسائل سے نمٹنے کی ترکیب سوچیں۔ نیند کے ماہرین پہلے سونے کی عادت میں تبدیلی کا مشورہ دیتے ہیں۔

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

شرک ایک گھناؤنا عمل

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)

حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کر چکے ہیں۔ ان کی کتاب "نسیم ہدایت کے جھونکے" پڑھنے کے قابل ہے۔

باپ بیٹے میں کافی عرصہ سے قضیہ چل رہا تھا' لوگوں نے اصرار کیا کہ براہ کرم آپ جا کر دونوں کو سمجھا کر صلح کروا دیں' مولانا عمران صاحب ان کے تعلق کا لحاظ کرتے ہوئے ان کے گھر چلے گئے' دیکھا تو ان کا بیٹا تہذیب جدید کا پروردہ خاندانی روایات کی پاسداری اور بڑے چھوٹوں کے آداب و حقوق سے نابلد کچھ زیادہ ہی بھاری نظر آ رہا تھا' بیچارہ باپ سن رہا تھا اور بیٹا سنا رہا تھا باپ نے دیر تک سننے کے بعد بڑے جذبات میں بیٹے سے یہ پوچھا اچھا سب بات چھوڑ کر یہ بتا کہ تو میری اولاد اور میں تیرا باپ ہوں یا نہیں' بیٹے نے بڑے طیش میں آ کر کہا ماں سے پوچھ کر بتاؤں گا' بیچارہ باپ جواب تک بیٹے کی ہر کڑوی کسیلی کو ٹھنڈے دل سے سن رہا تھا بے قابو ہو گیا' غصہ سے آنکھیں سرخ ہو گئیں' منہ سے جھاگ آ گیا اور کانپنے لگا کمزور باپ بیٹے کے جوان بیٹے پر اپنا غصہ اتارنے کے حال میں تو نہیں تھا بیچارہ جلال سے بے قابو ہو گیا اور بیٹے سے بولا: زندگی میں تیری ہر بات برداشت ہوئی مگر تیری یہ کمینی حرکت میں برداشت نہیں کر سکتا' اس زخم کو نہ کبھی بھول سکتا ہوں اور نہ معاف کر سکتا ہوں' اگر اللہ تعالیٰ نے کل قیامت میں مجھ سے یہ بھی کہا کہ تو اس کو معاف کر دو نہ دوزخ میں ڈال دوں گا تو میں دوزخ میں جانا قبول کر لوں گا مگر تجھے معاف نہیں کروں گا' تجھے یہ بھی گمان ہے کہ میرے علاوہ تیرا کوئی اور باپ بھی ہو سکتا ہے صرف اتنا ہی نہیں بلکہ باپ کو بیٹے کی اس حرکت پر اتنا جلال اور غصہ تھا کہ جب اس سے کچھ بن نہیں پڑا تو اپنا سر سامنے کی دیوار میں جا مارا اور سر کے دو ٹکڑے ہو گئے۔ مولانا نے جب سے یہ واقعہ سنایا اس حقیر کو مسلسل خیال آ رہا ہے کہ باپ اصل میں کسی انسان کو پیدا کرنے والا نہیں ہوتا' اگر باپ کے بس میں اولاد کی پیدائش ہوتی تو کتنے لاولد والدین زندگی بھر ہر جتن اور علاج کر کے ہار جاتے ہیں اور مایوسی کے علاوہ کچھ ہاتھ نہیں آتا' کیونکہ اللہ تعالیٰ کے یہاں سے ان کے یہاں گود بھرنے کا فیصلہ نہیں ہوتا۔

باپ بیٹے کے حصہ کی صرف وہ نعمتیں اور حقوق جو رب کائنات باپ کو دے کر بھیجتا ہے بس ان کو ادا کرنے والا ہوتا ہے' ورنہ باپ خود ہر طرح کمزور ہے بس عاجز' ناپاک بوند سے پیدا کیا ہوا حکم الحاکمین کا ایک بندہ اور مخلوق ہے جب ایک باپ صرف اس بنا پر کہ بیٹے نے وقتی انفعال میں محض باپ کو چڑانے کیلئے کہہ دیا کہ ماں سے پوچھ کر بتاؤں گا' صاف شرک کا الزام بھی نہیں لگایا' اتنا مشتعل ہو گیا تو کائنات کے خالق' مالک الملک کی ذات صفات اور اس کی عبادت میں شرک کرنا کس قدر کم ظرفی' گری ہوئی حرکت اور اللہ تعالیٰ کو غضب میں لانے والا عمل ہوگا' اسی لیے رب کائنات نے اپنے کلام میں شرک کی مذمت اور برائی بہت زوردار الفاظ میں ذکر کی ہے' کبھی ارشاد ہوا "جو اللہ کے ساتھ شرک کرتا ہے وہ ایسا ہے گویا وہ آسمان سے گرا ہوا اور پرندہ اسے اچک لے اور ہوا اسے دور دراز جگہ پر اڑائے پھرتی ہو"

کسی جگہ ارشاد فرمایا: "قریب ہے کہ آسمان پھٹ جائے اور زمین شق ہو جائے اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جائیں اس بات سے کہ وہ رحمٰن کیلئے اولاد کو پکارتے ہیں" (مریم 91،90)

ساری نعمتیں اللہ رب العزت کی استعمال کر کے غیر اللہ کیلئے کچھ کرنا اور اس کی ذات و صفات اور عبادات میں کسی دوسرے کو شریک کرنا خود فطرت انسانی کے خمیر اور مزاج کے خلاف ہے' پھر یہ انسان اللہ تعالیٰ کے مقابلہ غیر اللہ کی رضا اور خوشنودی کیلئے اپنی صلاحیتوں کو لگائے تو یہ کیسی ناانصافی اور ظلم ہے' خصوصاً غیر اللہ کو راضی کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ کو ناراض کرنے کی راہ پر چلنا خود اس کے مطلبی سرشت اور مزاج کے بھی خلاف ہے جبکہ اس کو یہ معلوم ہے کہ انسان کو عزت، ذلت دینے والا' نفع و نقصان پہنچانے میں کسی کا ذرا برابر بھی دخل نہیں ہے' اس لیے اگر انسان کو اپنے بھلے برے کا ذرا برابر بھی شعور ہے اور اپنی فطرت سلیمہ کا ذرا بھی پاس و لحاظ ہے تو اسے شرک کے شائبہ سے بھی دور رہنا چاہیے میرے حضرت والا حضرت مولانا علی میاں نور مرقدہٗ فرمایا کرتے تھے اگر ایمان والے کو شرک سے پاخانہ سے زیادہ کراہیت اور گھن نہیں آتی تو ایمان کا بچنا مشکل ہے۔ کاش رب کریم ہمیں شرک سے کراہیت اور توحید خالص کا ذوق صحیح عطا فرما دیں!

(بقیہ: مسلمان مردوں کے حقوق اور ایصال ثواب)

فتاویٰ برہنہ میں لکھا ہے زیارت قبور ہفتہ کے ساتوں دنوں میں مستحب ہے۔ مگر فضیلت والے چار دن ہیں۔ 1۔ پیر۔ جمعہ بعد از نماز جمعہ۔ 2۔ ہفتہ۔ جمعرات اول وقت۔ ابوبکر بن سعید فرماتے ہیں مستحب ہے کہ قل ھو اللہ یعنی سورۃ اخلاص دس بار یا سات بار پڑھ کر ثواب پہنچائے۔ اگر میت گناہگار ہے تو اس کی مغفرت ہوگی اور اگر نیک ہے تو پڑھنے والے کی مغفرت ہوگی۔ علماء نے فرمایا ہے کہ جو نوافل ادا کرنے چاہیے کہ اس کا ثواب کل مومنین و مومنات کو بخشے۔ ہر ایک کو پورا پورا ثواب ملتا ہے اور کسی کے ثواب میں کمی نہیں ہوتی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد حضرت عمر ہر سال آپ کے روضے مبارک پر جاتے تھے۔

میرے طبی رازوں کا خزانہ

شیخ الوظائف کی' شہرہ آفاق کتاب' ہر گھر' ہر فرد کی ضرورت

ایک صاحب نے اپنا تجربہ کچھ یوں بیان کیا کہنے لگے محکمہ سوئی گیس میں ملازم ہوں مجھے کوئی حکمت کا یا جڑی بوٹیوں کا کوئی شوق نہیں لیکن ایک مشاہدہ ایسا ہے جسے میں فراموش نہیں کر سکتا وہ یہ ہے کہ میرے ایک دوست کو یرقان ہو گیا۔ ہم ایک ہی محکمہ میں ملازم تھے۔ ڈرا پس انجکشن ادھر ادھر کی ادویات بہت استعمال کرائیں مرض کم ہو جاتا لیکن پھر غالب آ جاتا ختم نہیں ہو رہا تھا۔ بڑے علاج کو چھوڑ کر چھوٹی چھوٹی ادویات استعمال کرنا شروع کر دی اسی اثناء میں معلوم ہوا کہ چیمبر لین روڈ پر ایک موچی یرقان کی دوائی مفت دیتا ہے بے شمار مریض ٹھیک ہوئے ہیں۔ اس کے پاس گئے' دوائی میں بھیگا ہوا ایک پانی تھا وہ ناک میں ڈالا اور تھوڑی ہی دیر میں ناک میں سے پیلا پانی نکلنا شروع ہو گیا اور ڈھیر سارا نکلا مزید ساتھ کچھ پانی دے دیا کہ یہ تھوڑا تھوڑا ناک میں چند بار ڈالتے رہیں بالکل تندرست ہو جائیں گے ہم نے اس موچی کی سو روپے کی خدمت کی اور ہمارا مریض تندرست ہو گیا۔ **بخیل موچی سے نسخہ کیسے ملا؟** میرے ایک جاننے والے ایبٹ آباد کے حکیم' جب انہوں نے سنا کہ ایک موچی کے علاج سے اتنا فائدہ ہو گیا' حیران ہوئے اسی وقت اس موچی کے پاس گئے اس سے نسخہ دینے سے صاف انکار کر دیا۔ کہنے لگا دو اجتنی چاہو لے جاؤ لیکن نسخہ نہیں دونگا حکیم صاحب خاموش واپس آ گئے اور ایک انوکھی ترکیب حصول نسخہ کیلئے استعمال کی۔ ان کا سالا ہیروئن کی وجہ سے اس کے گھر والے اس سے تنگ تھے موٹر سائیکل پر بیٹھا کر اس موچی کا کھوکھا دکھا کر لائے کہ وہ دوائی موچی اپنے ساتھ پرانی پیٹی میں رکھتا تھا اس نے ہیروئنی کو کہا کہ تجھے روز پوڑی دونگا لیکن اس موچی کی وہ پوٹلی کسی طرح چرا کے لے آ۔ ہیروئنی کو ہیروئن ہی چاہیے اور کیا چاہے چند دنوں مستقل منڈلانے کے بعد وہ پوٹلی حاضر کر دی جب اس کو کھولا تو اس میں سے ایک ہی دوائی نکلی جو کہ پنساریوں کی دکان سے "بندال ڈوڈا" کے نام سے عام مل جاتی ہے۔ تھوڑی سی دوائی لیکر رات کو گرم پانی میں بھگو دیں صبح وہی پانی ڈراپس میں بھر کر یا ویسے ہی ناک میں چند قطرے ڈالیں دونوں طرف ناک سے تھوڑی ہی دیر میں پانی بہنا شروع ہو جائے گا۔ یہ عمل دن میں کم از کم تین بار کریں' یہی پانی دن میں صبح شام ایک گلاس پئیں' حیرت انگیز طور پر یرقان حتی کہ کالا یرقان بھی ختم ہو جاتا ہے۔

مزید طبی راز جاننے کیلئے درج ذیل کتاب کا مطالعہ کریں:۔

"میرے طبی رازوں کا خزانہ"

مفت کی تمام کتب اور ادویات گھر بیٹھے حاصل کرنے کیلئے

0332-7552382

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

Join now ** AMLIYAAT Free Pdf Books **
www.facebook.com/groups/1565958406774232

عظیم سپہ سالار سلطان ٹیپو اور مذہبی رواداری

معاذ کولہاپوری

سلطان نے کئی فرانسیسی عیسائیوں کو اپنی سلطنت میں عہدے سپرد کر رکھے تھے آرمینیہ کے عیسائی تاجروں کو بھی اپنے ملک میں آکر تجارت کرنے کی اجازت ہی نہیں بلکہ ان کی مالی پشت پناہی بھی کی۔ گواسے تارکین وطن عیسائیوں کو دوبارہ اپنی سلطنت میں لاکر بسایا۔

